ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعرات 08 رمضان 1447ھ 26 فروری 2026ء صفحات 08 | شمارہ 234
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

صوبائی کابینہ کا اجلاس 5 لاکھ میٹرک ٹن گندم خریدنے کی منظوری، آئی جی پولیس قومی شاہراہوں کی سیکورٹی موثر بنائیں، وزیراعلیٰ

سرکاری گندم سے متعلق بے ضابطگیوں کی اطلاعات کا سختی سے نوٹس، پارلیمانی سب کمیٹی قائم، دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت اور سیکورٹی فورسز متحد اور پُرعزم ہیں، سرفراز بگٹی

اجلاس میں معاشی استحکام، زرعی اصلاحات، ادارہ جاتی بہتری اور عوامی فلاح سے متعلق اہم فیصلے، بلوچستان لینڈ لیز پالیسی کی منظوری، سرمایہ کاری اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، شاہد رند کی بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت صوبائی کابینہ کے 23ویں اجلاس میں امن وامان، معاشی استحکام، زرعی اصلاحات، ادارہ جاتی بہتری اور عوامی فلاح سے متعلق اہم امور پر...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی ومیڈیا امور شاہد رند نے کہا ہے کہ حکومت صوبے میں امن و معاشی استحکام اور ادارہ جاتی اصلاحات کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے جس کی...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ نے پاکستانیوں کیلئے ویزا درخواست آسان کر دی

سیاحت، کاروبار، فیملی وزٹ کیلئے ویزا اسٹیکر کی ضرورت ختم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) برطانیہ نے پاکستانی شہریوں کیلئے ویزا درخواست آسان کر دی، شہری اب برطانیہ کے سفر کیلئے ای ویزا سسٹم استعمال کر سکیں گے۔ برطانوی ہائی کمیشن جین میریٹ کا کہنا ہے کہ سیاحت، کاروبار، فیملی وزٹ کیلئے پاسپورٹ پر ویزا اسٹیکر کی ضرورت ختم کر دی گئی، ویزا درخواست بدستور آن لائن جمع ہوگی، بائیو میٹرکس کیلئے ویزا اپلیکیشن...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

چمن: دہشتگرد حملے میں زخمی سیکورٹی اہلکاروں کو ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے

خواتین کو پاسپورٹ میں والدہ کا نام رکھنے کی اجازت مل گئی

نئی اصلاح خواتین کی آزاد قانونی شناخت کو تسلیم کرنے کی جانب اہم قدم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت پاکستان نے خواتین کیلئے پاسپورٹ میں والدہ کا نام رکھنے کی اجازت دے دی۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف امیگریشن اینڈ پاسپورٹس نے نئی اصلاحات کا اعلامیہ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ماہ صیام میں گوشت کی مہنگے داموں فروخت جاری

بکرے کا گوشت فی کلو 25 سو روپے فی کلو تک فروخت ہونے لگا

کوئٹہ (یو این اے) ماہ رمضان کے دوران کوئٹہ میں بکرے کے گوشت کی قیمتیں سرکاری نرخ نامے سے تجاوز کر کے فروخت کی جا رہی ہیں۔ شہر کے مختلف بازاروں میں گوشت فی کلو 2 ہزار کی...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

پی بی 21: 39 پولنگ اسٹیشنز کی دوبارہ گنتی کا حکم جاری

وفاقی آئینی عدالت میں علی حسن زہری کی درخواست منظور کر لی گئی

کوئٹہ (یو این اے) الیکشن کمیشن نے پی بی 21 حب کے 39 پولنگ اسٹیشنز کی دوبارہ گنتی کا حکم جاری کر دیا ہے۔ یہ فیصلہ آئینی عدالت کے حکم پر کیا گیا، جس میں الیکشن کمیشن کو دوبارہ گنتی کی...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

بلیدہ میں گھر پر حملہ بلوچستان کی روایات کے منافی ہے، وزیراعلیٰ

خواتین اور بچوں پر بے دردی سے حملہ کیا گیا، واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائیگا، سرفراز بگٹی

فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشتگردوں نے گھر پر دھاوا بول کر وہاں موجود خواتین اور بچوں کو شہید کیا، میر ظہور بلیدی

بارڈر ٹریڈ پر پابندی لگا دی گئی، مکران میں کئی روز سے ٹرانسپورٹرز احتجاج پر ہیں، حکومت ٹرانسپورٹروں کی بات سنے، ڈاکٹر مالک

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بدھ کو 20 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا، جس میں بلیدہ میں گھر پر حملے کے خلاف مشترکہ مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی گئی...... وزیراعلیٰ بلوچستان...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

براہ راست ٹیکسوں میں کمی کرنا ہو گی، نجی شعبہ آگے آئے سپورٹ کرینگے، وزیراعظم

بجلی چوری کا خاتمہ ضروری ہو گیا، ہماری مجموعی اقتصادی صورتحال ماضی کے مقابلے میں اچھی اور حوصلہ افزا ہے

پاکستان ہمہ جہت چیلنجز سے نبردآزما، آج ملک میں مہنگائی کی شرح 38 فیصد سے کم ہو گئی ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ بجٹ میں براہ راست ٹیکسوں میں کمی کرنا ہوگی، نجی شعبہ آگے آئے ہم سپورٹ کریں گے، 200 ارب روپے کی بجلی چوری کا خاتمہ ضروری ہے۔ پاکستان گورننس فورم سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ جون 2023 میں پاکستان دیوالیہ ہونے کے دہانے پر تھا، آج ہماری مجموعی اقتصادی صورتحال ماضی کے مقابلے میں حوصلہ افزا...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے 23ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چمن روغانی روڈ پر دہشتگردوں نے گھات لگا کر حملہ کیا، تینوں اہلکار موقع پر ہی جاں بحق، باجوڑ میں ایبل سکواڈ کے جوانوں کو نشانہ بنایا گیا

ژوب اور کے پی میں دہشتگردوں کیخلاف آپریشن 34 ہلاک

چمن اور باجوڑ میں حملے 7 جوان شہید

ژوب سمبازہ میں ٹارگٹڈ آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے 8 دہشت گرد ہلاک ہو گئے، بھاری تعداد میں اسلحہ راکٹ لانچرز دھماکہ خیز مواد سمیت دستاویزات برآمد

لکی مروت، بنوں اور شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز نے چار علیحدہ کارروائیوں میں بھارتی پراکسی سے تعلق رکھنے والے 26 خارجی ہلاک کر دیئے، شعبہ تعلقات عامہ پاک فوج

چمن میں حملہ آوروں نے سیکورٹی اہلکاروں کی گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کی، صدر اور وزیراعظم کا فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب آپریشنز پر فورسز کو خراج تحسین

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سیکورٹی فورسز نے گزشتہ چند روز کے دوران دہشتگردی کے خلاف جاری بھرپور مہم کے تحت خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر تیز رفتار اور موثر کارروائیاں کیں۔ ان کارروائیوں میں مجموعی طور پر 34 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے گئے، کارروائیوں کا ہدف بھارتی سرپرستی میں سرگرم عناصر، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان تھے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق گزشتہ چند روز کے دوران سیکورٹی فورسز نے دہشت گردی کے خلاف مہم...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

چمن (اصغر اچکزئی) شہر کے علاقے روغانی روڈ پر سیکورٹی اہلکاروں کی گاڑی پر نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے گھات لگا کر حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں تین سیکورٹی اہلکار موقع پر شہید جبکہ ایک اہلکار شدید زخمی ہو گیا... حملہ آوروں نے سیکورٹی اہلکاروں کی گاڑی کو نشانہ بناتے ہوئے اندھا دھند فائرنگ کی، جس سے...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

بلیدہ گھر پر راکٹ حملہ و فائرنگ، خواتین، بچوں سمیت 6 جاں بحق

علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو ہسپتال منتقل کیا

جاں بحق افراد کا تعلق ایک ہی خاندان سے، واقعہ بلیدہ کے علاقے میناز میں پیش آیا، مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تربت کے علاقے بلیدہ میں نامعلوم افراد کی جانب سے گھر پر راکٹ حملے اور فائرنگ کے نتیجے میں خواتین بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز تربت کے علاقے بلیدہ میناز میں نامعلوم افراد نے گھر پر راکٹ فائر کیا اور فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں گھر میں موجود خواتین بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ واقعہ کے بعد علاقے میں خوف و ہراس...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانیوں کیلئے 10 ہزار سے زائد ویزے جاری کرینگے، اٹلی

پاکستانی ڈپلومیٹک پاسپورٹ والوں کو ویزا سے استثنیٰ ہوگا، اطالوی وزیر

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستانی ہنرمندوں کے لیے یورپ کے دروازے کھل گئے۔ اٹلی نے پاکستانیوں کے لیے ہزاروں ویزوں کا اعلان کر دیا، نیوز کے...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

تربت: نامعلوم افراد کا گھر پر دستی بم حملہ، 3 زخمی

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) تربت میں سیٹلائٹ ٹاؤن کے رہائشی علاقے میں نامعلوم افراد کی جانب سے ٹھیکیدار کے گھر پر دستی بم حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں تین افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تربت کے علاقے سیٹلائٹ ٹاؤن میں نامعلوم افراد نے ٹھیکیدار محمد عارف کے گھر پر دستی بم پھینک دیا، جس...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت نے ہفتہ وار دو ملاقاتوں کا آرڈر کیا، سلمان اکرم

ایک دن وکلا اور ایک دن فیملی سے ملاقات کا دن طے ہوا، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ خان صاحب تک ان کے معالجین کو اور فیملی کی رسائی کی...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

تہران: مجاہدین خلق کا سپریم لیڈر کے گھر پر حملے کا دعویٰ

تنظیم کے 250 اہلکاروں نے تہران میں ہونیوالے حملے میں حصہ لیا

سرکاری حکام اور میڈیا کی جانب سے واقعہ کی تردید، کوئی شواہد نہیں ملے

تہران (م ڈ) ایران میں مجاہدین خلق نامی تنظیم کا دعویٰ ہے کہ اس کے تقریباً 250 اہلکاروں نے تہران کے وسط میں اسلامی جمہوریہ کے رہبر اعلیٰ سید علی خامنہ ای کے دفتر اور رہائش گاہ پر حملہ کیا ہے تاہم ایرانی حکام اور سرکاری میڈیا نے اس واقعہ کی تردید کی ہے۔ اس مبینہ حملے کے کوئی شواہد یا تصاویر سامنے نہیں آئیں جبکہ پاستور کے علاقہ جہاں...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی: شہید سیکورٹی اہلکاروں اور شہریوں کیلئے فاتحہ خوانی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں دہشتگردی کے واقعات میں شہید ہونے والے سیکورٹی اہلکاروں اور شہریوں کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں تربت میں گھر پر حملے میں شہید ہونے والے افراد اور چمن میں مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید ہونے والے سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔

بلوچستان اینمل سلاٹر کنٹرول کا مسودہ قانون منظور

اور سیز پاکستانیز کمیشن کا مسودہ قانون متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان اینمل سلاٹر کنٹرول کا مسودہ قانون منظور کرتے ہوئے بلوچستان اوور سیز پاکستانیز کمیشن کا مسودہ قانون متعلقہ قائمہ کمیٹی...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کے کیسز سماعت کیلئے مقرر کئے جائیں، بیرسٹر گوہر

ایک سال میں 17 بار وفاقی ہائیکورٹ اور 14 بار سپریم کورٹ جا چکے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ارکان اسمبلی کل دوپہر 12 بجے...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور آئی ایم ایف کے مذاکرات، حکام نے تکنیکی ڈیٹا شیئر کر دیا

آئی ایم ایف مشن کو بتایا گیا کہ مہنگائی کے پیش نظر پالیسی ریٹ ساڑھے 10 فیصد کی شرح پر برقرار ہے، حکام

مشن 11 مارچ 2026 تک پاکستان میں قیام کرے گا، مذاکرات کی کامیابی پر پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر ملیں گے

اسلام آباد (شاکر رحمان) ای ایف ایف پروگرام کے تیسرے اقتصادی جائزے کے لئے پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان تیسرے اقتصادی جائزہ مذاکرات جاری ہیں، 1.4 ارب ڈالر کے آر ایس ایف پروگرام کے دوسرے جائزے پر بھی مذاکرات ہوں گے۔ اسٹیٹ بینک حکام نے آئی ایم ایف...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی احتجاجی تحریک، پنجاب اور کے پی قیادت تقسیم

کے پی میں حکومت، پنجاب کے کارکنوں کو مشکلات ہیں، روپوش رہنما

لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کی آئندہ احتجاجی تحریک کے حوالے سے پنجاب اور کے پی کے فیصلوں پر پی ٹی آئی تقسیم دکھائی دینے لگی۔ ذرائع کے مطابق تحریک انصاف پنجاب کے رہنماؤں نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے بیانات پر تحفظات کا...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر علی مدد جتک ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی محتسب ملازمین کے سروس معاملات میں مداخلت نہیں کر سکتے، آئینی عدالت

سروس معاملات اور ذاتی ملازمت کے تنازعات کیلئے قانون کے تحت مخصوص فورمز موجود ہیں، ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت نے پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے ٹیلی فون انڈسٹریز آف پاکستان کے ریٹائرڈ ملازم غلام عباس...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

190 ملین پاؤنڈ کیس، سزا معطلی کی درخواست سماعت کیلئے مقرر

چیف جسٹس اسلام آباد سرفراز ڈوگر اور جسٹس اعظم خان آج سماعت کرینگے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزا معطلی درخواستوں پر اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ اسلام آباد...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

نریندر مودی 2 روزہ سرکاری دورے پر اسرائیل پہنچ گئے

بین گوریون ایئرپورٹ پر ہم منصب نیتن یاہو نے استقبال کیا

تل ابیب (م ڈ) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی اپنے دو روزہ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

نواز شریف اور مریم کرپشن میں ملوث نہیں پائے گئے، نیب

نیب لاہور کا چوہدری شوگر ملز کی تفتیش بند کرنے کی منظوری کیلئے احتساب عدالت سے رجوع، فریقین کو نوٹسز جاری

سماعت 3 مارچ تک ملتوی، احتساب عدالت میں درخواست ہائیکورٹ کے احکامات کی روشنی میں کی، نیب حکام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) احتساب عدالت لاہور میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور نواز شریف سے متعلق چوہدری شوگر ملز کیس میں پیشرفت ہوئی ہے۔ نیب لاہور نے چوہدری شوگر ملز کی تفتیش بند کرنے کی منظوری کے لیے احتساب عدالت سے رجوع کیا ہے۔ عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کر کے کارروائی 3 مارچ تک ملتوی کر دی۔ احتساب عدالت کے جج رانا محمد عارف نے درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت نیب نے کہا کہ مریم نواز اور نواز شریف نیب تفتیش میں کرپشن میں ملوث نہیں پائے گئے۔ نیب نے مزید کہا کہ لاہور ہائیکورٹ کے احکامات کی روشنی میں نیب لاہور نے احتساب عدالت میں درخواست دائر کی۔ نیب کے مطابق ہائیکورٹ کے 4 فروری کے...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

جو عمران خان کے بیانیے کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا سائیڈ لائن ہو جائے، علیمہ خان

دنیا بھر میں عدالتیں ایسی نہیں ہوتیں، سابق وزیراعظم و بانی پی ٹی آئی کی صحت اور کیسز ہمارا مسئلہ ہے، بہن

سوشل میڈیا اور عوام کو معلوم ہے کہ پارٹی میں غدار کون، ہمیں بھی مکمل معلومات حاصل ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان نے سابق وزیراعظم کی صحت سے متعلق پارٹی کے رویے اور کردار پر سوالات اٹھاتے ہوئے اور پارٹی قیادت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ بس بہت ہوگیا، جو بانی پی ٹی آئی کے بیانیے کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا، وہ سائیڈ پر ہو جائے۔ اسلام آباد...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

آئینی عدالت میں بینائی سے متعلق دلچسپ تذکرہ

وکیل دور سے فائل دکھا رہے ہیں، میری بینائی 6/6 نہیں، جسٹس عامر

وکلا ڈورین لیکروور سے پڑھ سکتے ہوں گے، میں نہیں پڑھ سکتا، ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت میں جوڈیشل الاؤنس کیس کی سماعت کے دوران آنکھوں کی 6/6 بینائی سے متعلق دلچسپ تذکرہ بھی ہوا۔ دوران سماعت جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ وکیل صاحب آپ دور سے فائل کو دکھا رہے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

باجوڑ: دہشتگردوں کے حملے میں شہید ہونیوالے جوانوں کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیرصدارت صوبائی وزراء، صوبائی مشیر، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین مشترکہ مذمتی قرارداد پر اظہار خیال کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ کے پی کی چیف جسٹس اسلام آباد سے گفتگو کی کوشش، بات کئے بغیر چیمبر میں چلے گئے

سوا گھنٹہ انتظار کرنے کے بعد چیف منسٹر کو سلام کا جواب تک نہیں دیا، سہیل آفریدی کو چیف جسٹس کے سیکرٹری کے آفس آنے کا پیغام دیا گیا

چیف جسٹس اسلام آباد سے ملاقات نہیں ہو رہی تھی اس لیے اوپن کورٹ میں گئے اور بات کرنے کی کوشش کی، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ایران امریکہ اور یورپ تک مار کرنیوالے میزائل تیار کر رہا ہے، ٹرمپ

تہران کو یقین دلانا ہوگا کہ وہ جوہری ہتھیار نہیں بنائے گا، امریکہ طاقت کے ذریعے امن پر یقین رکھتا ہے، امریکی صدر

جوہری اور طویل فاصلے تک مار کرنیوالا میزائل پروگرام جاری رہا تو مناسب اقدام کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں، خطاب

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران ایسے میزائل تیار کر رہا ہے جو مستقبل قریب میں امریکہ تک پہنچنے کی صلاحیت حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے زور دے...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کیویز کے ہاتھوں سری لنکا کو شکست، پاکستان کا سیمی فائنل میں پہنچنا مشکل

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ سپر 8 مرحلے میں نیوزی لینڈ نے سری لنکا کو 61 رنز سے شکست دے دی

کولمبو (م ڈ) کولمبو میں کھیلے گئے سپر 8 مرحلے میں سری لنکا نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ نیوزی لینڈ نے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹ پر 168 رنز بنائے...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

انگلینڈ سے شکست، آن لائن ہراسگی پر سلمان علی آغا کی اہلیہ کا ردعمل

گالیاں دینے سے آپ ورلڈ کپ نہیں جیت سکتے، انسٹاگرام پر عوام کو پیغام

کراچی (م ڈ) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا کی اہلیہ نے انگلینڈ کے خلاف آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کے سپر ایٹ مرحلے میں شکست کے بعد سوشل میڈیا پر ہونے والی بدسلوکی کے خلاف آواز اٹھا دی۔ انگلینڈ کی فتح کے بعد سوشل میڈیا پر پاکستان ٹیم کی کارکردگی اور کپتان کی قیادت...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

سوئی گیس کمپنی کی کھلی کچہری کنکشنز کے اجراء، میٹر تبدیلی اور تکنیکی امور سے متعلق درخواستیں پیش

ہیڈ آفس میں منعقدہ کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے اپنے مسائل متعلقہ افسران کے سامنے پیش کیے

افسران نے شہریوں کی شکایات نہایت توجہ سے سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ محکموں کو مسائل کے فوری حل کیلئے ہدایات جاری کیں

سنجاوی میں پرائس کنٹرول کمیٹی کا جامع بازار معائنہ

نرخ نامہ پر عملدرآمد نہ کرنے پر دو قصاب کی دکانوں کو سیل کر دیا

ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں پر جرمانے عائد کیے

کوئٹہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان سے رکن صوبائی اسمبلی میر ظفر اللہ خان زہری کیسکو ہیڈ کوارٹر میں ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی سیکرٹری خوراک کا فوڈ اتھارٹی کے ہیڈ آفس کا دورہ

اتھارٹی کے مختلف شعبہ جات کے سربراہان نے مسائل سے آگاہ کیا

ناقص اشیاء خوردونوش کے خاتمے کیلئے اقدامات تیز کئے جائیں، ارشد بگٹی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری خوراک ارشد حسین بگٹی نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا جہاں انہیں ادارے کی مجموعی کارکردگی اور جاری سرگرمیوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر تعارفی اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈائریکٹر جنرل بی ایف اے حبیب اللہ خان نے فوڈ سیفٹی مہمات، پالیسی اقدامات اور اصلاحاتی و دیگر امور سے متعلق سیکرٹری کو آگاہ کیا۔ اتھارٹی کے مختلف شعبہ جات کے سربراہان نے اپنے اپنے محکموں کی پیش رفت، طے شدہ اہداف اور درپیش چیلنجز پر روشنی ڈالی۔ سیکرٹری خوراک نے بعد ازاں سائنٹیفک لیبارٹری اور جدید موبائل فوڈ ٹیسٹنگ لیبارٹریوں کا معائنہ کیا اور معیار کی جانچ کے نظام اور فیلڈ آپریشنز کو سراہا۔ اس موقع پر سیکرٹری خوراک نے کہا کہ عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ملاوٹ اور ناقص اشیاء خورد و نوش کے خاتمے کیلئے اتھارٹی کی سرگرمیوں کو مزید وسعت دے کر انہیں موثر اور منظم بنایا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے بھر کے تمام خوراک مراکز اور پیداواری یونٹس کو مرحلہ وار اتھارٹی کے دائرہ کار میں لایا جائے گا تاکہ خوراک کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو۔ انہوں نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جاری کارروائیوں کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے اصلاحات کے تسلسل اور فوڈ سیفٹی کے فروغ کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ صحت عامہ کے تحفظ کیلئے ادارے کی کاوشوں کو مزید مضبوط اور مربوط بنایا جائے گا۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق ناظم خاران شوکت بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

عالمی رپورٹس پاکستان کے افغانستان سے متعلق موقف کی توثیق

دربار

طارق خان ترین

رپورٹ میں اس امر کی نشاندہی کی گئی ہے کہ 2021 کے بعد افغانستان کی عبوری حکومت کے قیام کے ساتھ متعدد دہشت گرد تنظیموں کو ایک ایسا عملی اور سازگار ماحول میسر آیا جس نے انہیں نہ صرف از سر نو منظم ہونے بلکہ سرحد پار کارروائیوں کی صلاحیت بڑھانے کا موقع فراہم کیا۔ 11 نومبر 2025 کو اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ کورٹ میں ہونے والا خودکش دھماکہ، جس میں ایک درجن سے زائد افراد شہید ہوئے، اور 6 فروری 2026 کو ایک امام بارگاہ پر حملہ جس میں چالیس ...

... پاکستان بلکہ پورے خطے کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس ضمن میں شواہد اور اہم دستاویزات عالمی برادری کے ساتھ شیئر کی جا چکی ہیں۔ سرحد پار محفوظ پناہ گاہوں، مالی معاونت، اسلحے کی ترسیل اور معلوماتی جنگ کے امتزاج نے ایک پیچیدہ اور کثیر جہتی عدم استحکام کا ڈھانچہ تشکیل دیا ہے، جسے نظر انداز کرنا ممکن نہیں۔ پاکستان کا بنیادی موقف خودمختاری، عدم مداخلت، علاقائی سالمیت اور بین الاقوامی ذمہ داری کے اصولوں پر مبنی ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ ...

... برادری کی جانب سے حقائق کا بڑھتا ہوا اعتراف نہ صرف پاکستان کے موقف کی سفارتی توثیق ہے بلکہ ایک تاریخی موقع بھی ہے کہ علاقائی سیکیورٹی تعاون کو شفافیت، احتساب اور مشترکہ ذمہ داری کی بنیاد پر از سر نو ترتیب دیا جائے۔ امن اسی وقت ممکن ہے جب دہشت گردی کے ڈھانچوں کو ختم کیا جائے، معاہدوں کی پاسداری یقینی بنائی جائے اور کسی بھی ریاست کی سرزمین کو ہمسایہ ممالک کے خلاف استعمال ہونے سے روکا جائے۔ یہی جنوبی ایشیا کے محفوظ اور مستحکم مستقبل کی واحد ضمانت ہے

کوئٹہ کے قصابوں نے سرکاری نرخنامہ ہوا میں اڑا دیا گوشت کے من مانے ریٹ مقرر

رمضان المبارک کے پہلے عشرے میں خوردنی اشیاء کی قیمتیں ڈبل ہو گئیں، گوشت کے ریٹ بھی بڑھا دیئے گئے

قصابوں نے غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا ہے، ضلعی انتظامیہ کے احکامات کوئی نہیں مانتا، نجیب اللہ

بڑے کا گوشت 1500 روپے فروخت ہو رہا ہے انتظامی ریٹ 1200 روپے ہے حکام نوٹس لیں، نعمت خان، نعیم ترکی

مشرقی بائی پاس کے قصائیوں نے انتظامیہ کی رٹ کو چیلنج کر رکھا ہے، ڈپٹی کمشنر کارروائی کا حکم دیں، عبدالرازق، صدیق خان

کوئٹہ (اے پی رپورٹر) رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں بھی کوئٹہ کے تاجر و دکانداروں نے عوام کو کوئی رعایت نہیں دی بلکہ دکانداروں نے ضلعی انتظامیہ کے نرخناموں کو ہوا میں اڑا دیا، من مانے نرخ وصول کئے جا رہے ہیں جن میں پہلے نمبر پر قصائی برادری ہے جنہوں نے غریب عوام کو دونوں ہاتھوں میں لوٹنا شروع کر دیا ہے، مشرقی سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے مشرقی بائی پاس کے رہائشی نجیب خان ملیزئی، نعمت خان حمیدزئی، نعیم ترکی، عبدالرازق اسحاق زئی، صدیق خان کاکوزئی و دیگر نے بتایا ہے کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے رمضان المبارک کا مہینہ آتے ہی قصائیوں کے نرخنامے فکس کر دیئے لیکن مشرقی بائی پاس کے قصائیوں نے انتظامیہ کی رٹ کو چیلنج کر رکھا ہے انہوں نے بتایا کہ بڑے کا گوشت ہڈی والا 1350 میں فروخت ہو رہا ہے جبکہ انتظامی نرخ 1050 روپے ہیں اس کیلئے اسی طرح بغیر ہڈی والا گوشت 1500 روپے فروخت ہو رہی ہے جبکہ انتظامی ریٹ 1200 روپے ہیں لہٰذا اہم اہلیان علاقہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہیں اور فوری طور پر اس علاقے کا وزٹ کر کے سرکاری نرخنامہ پر عملدرآمد کرایا جائے اور قصائیوں کیخلاف قانونی کارروائی کی جائے، بصورت دیگر اہلیان علاقہ روڈ بند کر کے احتجاج کیا جائے گا،



کوئٹہ، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ سے جناح کلاتھ سینٹر کے متاثرین کا وفد رجب ایوب کی قیادت میں ملاقات کر رہا ہے

رمضان المبارک رواداری کو فروغ دینے کا مہینہ ہے، آصف جان

رنگ و نسل سے بالاتر ہو کر مستحق مسلم، مسیحی اور دیگر اقلیتوں میں راشن تقسیم کئے

ہمیشہ بلا تفریق انسانیت کی خدمت کیلئے اپنا موثر کردار ادا کیا، چیئرمین کرسچن ایڈ

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین بلوچستان کرسچن ایڈ پاسٹر آصف جان نے کہا ہے کہ رمضان المبارک رحمتوں و برکتوں کا مہینہ ہے اس مہینے میں مخیر حضرات غریب مستحق گھرانوں کی مدد کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ ماہ رمضان کے مہینے میں رنگ و نسل اور مذہب سے بالاتر ہو کر ہم نے مستحق مسلم، مسیحی اور دیگر اقلیتوں میں راشن تقسیم کئے ہیں جس کا مقصد بلا تفریق انسانیت کی خدمت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عیسیٰ نگری سمیت دیگر علاقوں میں راشن تقسیم کرنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک محبت اور رواداری کو فروغ دینے کا مہینہ ہے۔ بلا تفریق انسانیت کی خدمت سے دلی سکون ملتا ہے ہم نے ہمیشہ بلا تفریق انسانیت کی خدمت کیلئے اپنا موثر کردار ادا کیا ہے اور میں مخیر حضرات سے مطالبہ کرتا ہوں کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں دل کھول کر غریب اور مستحق لوگوں کی مدد کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں تاکہ اس مہینے میں انہیں خوراک اور دیگر ضروریات کے حوالے سے کوئی پریشانی اور مسائل کا سامنا کرنا پڑے اور ان کے گھروں کا چولہا جلتا رہے۔

حاجی فتح محمد انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) فروٹ مارکیٹ کے ممتاز و بزرگ تاجر حاجی فتح محمد قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ مرحوم نہایت شریف النفس اور ملنسار شخصیت کے مالک تھے۔ ان کی وفات سے تاجر برادری ایک باوقار اور نیک انسان سے محروم ہو گئی ہے۔ مرحوم حاجی عبدالرزاق، خان محمد مرحوم اور عطا محمد کے والد تھے، جبکہ عبدالرشید، عبدالمجید، حاجی عبدالحمید، محمد عارف اور منصور خان کے دادا، دیدار خان اور وقار خان کے پردادا تھے۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی خروار مسجد، افغان روڈ میں جاری ہے۔

مصطفیٰ خان ترین انتقال کر گئے

کوئٹہ (آئی این پی) کلی جنگل طور خیل سیدان کے مصطفیٰ خان ترین انتقال کر گئے۔ مرحوم حاجی برات خان ترین کے صاحبزادے، حاجی احمد جان ترین، حاجی محمد یار ترین، عبدالمجید ترین، عبدالمنان ترین اور محمد سعید ترین کے بھائی اور گل زمان ترین، شیر زمان ترین کے والد تھے جنہیں گزشتہ روز مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا جبکہ فاتحہ خوانی کا سلسلہ جامع مسجد کلی طور خیل میں جاری ہے۔

حاجی محمد حنیف ترین کی اہلیہ انتقال کر گئیں

کوئٹہ (پ ر) حاجی محمد حنیف ترین سابق ڈپٹی ڈائریکٹر کی اہلیہ اور پشتونخوامیپ کوئٹہ ضلع کمیٹی کے رکن داؤد ترین، حافظ نسیم ترین، محمد صدیق ترین اور حسن ترین کی والدہ ماجدہ انتقال کر گئیں۔ ان کا جنازہ کل 26 فروری صبح 9:30 گوالمنڈی چوک سے اٹھایا جائے گا اور جنیز و تدفین کلی خدائیداد زئی پشین میں ہوگی۔ فاتحہ خوانی گوالمنڈی چوک پر ہوگی۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر رہنماؤں نے مرحومہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

افغان قومی موومنٹ کے رہنماؤں کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) نواب کاکوزئی کے انتقال پر افغان قومی موومنٹ کے رہنماؤں کا اظہار تعزیت تفصیلات کے مطابق۔ افغان قومی موومنٹ کے مرکزی چیئرمین احمد خان عبدالصادق خان۔ حاجی جلیل خان صورت خان کلیم اللہ خان اور دیگر رہنماؤں نے نواب کاکوزئی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے مغفرت اور غمزدہ خاندانوں کیلئے صبر جمیل کی دعا کی گئی ہے

حاجی آغا احمد جان انتقال کر گئے

کوئٹہ (این این آئی) حاجی آغا احمد جان چشتوی قضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں۔ وہ آغا محمود جان، محبوب احمد ایڈمن آفیسر سی اینڈ ڈبلیو، منصور احمد ایگری کلچر آفیسر، آغا عنایت اللہ جنرل منیجر بلوچستان نارتھ این ایچ اے کوئٹہ، انجینئر امین اللہ اور ڈاکٹر فرید اللہ ہیڈ آف فزیو تھراپی ڈیپارٹمنٹ سول ہسپتال کوئٹہ کے والد اور حاجی منظور احمد، حاجی منصور احمد، اور ڈاکٹر مقبول احمد کے چچا، ڈاکٹر عبدالحق اور حاجی نعمت اللہ کے ماموں اور آغا عبداللہ جان چشتوی، حاجی عبدالرشید، حاجی محمد سعید، آغا عبدالوہاب، حاجی محمد فاروق، حاجی محمد صادق، حاجی ضیاء الحق اور احسان الحق کے چچازاد بھائی تھے۔ مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی جامع مسجد کلی اخوندزادہ نئی چشمہ اچوزئی میں جاری ہے۔

شبیر احمد شیخ ولد عبدالرحمان 24 اکتوبر 2026 کو ریٹائرڈ ہوں گے

کوئٹہ۔ محکمہ پراسیکیوشن حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر خضدار (بی پی ایس 19) شبیر احمد شیخ ولد عبدالرحمان مورخہ 24 اکتوبر 2026 کو عمر کی بالائی حد یعنی 60 کو پہنچ کر ریٹائر ہو جائیں گے

میر رحمت صالح بلوچ کا سوگوار خاندان سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (اے این این) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے شہید میر عبدالخالق لانگو کے بھتیجے، سابق مشیر خزانہ میر خالد اور میر ضیاء لانگو کے کزن نعیم اکبر لانگو کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر رہنماؤں نے بلوچی زبان کے شاعر ولی جان جتوئی کے بڑے بھائی نور جان جتوئی کے انتقال پر ولی جان جتوئی کے رہائش گاہ آمد اور فاتحہ خوانی اور تعزیت کی اس میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری پارٹی کے ضلع کونسلر ملک ذکا اللہ الذکی نے بلوچی زبان کے شاعر ولی جان جتوئی کے بھائی نور جان جتوئی کے انتقال پر ان کی لواحقین سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہیں کہ وہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور پس مندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے اس مشکل کی یہ گھڑی میں ہم اس متاثرہ غمزدہ خاندان کے غم میں برابر شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں۔

زمین کے جعلی انتقال والوں کیساتھ لین دین نہ کریں، فاضل محمد شہی

ہم نے کسی کو جبل نور گرنجاوی سکیم کے حوالے سے اختیارات نہیں دیا، عصمت اچکزئی

کوئٹہ (آن لائن) میر محمد فاضل محمد شہی ایڈووکیٹ، عصمت اللہ خان اچکزئی نے کہا ہے کہ نام نہاد جبل نور گرنجاوی سکیم گروپ کے ساتھ کوئی پلاٹ یا زمین یا پہاڑ جعلی انتقال ہوا ہے کوئی لین دین نہ کرے اگر کسی بھی پارٹی کو نقصان ہوا تو اپنے نفع نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔ جاری بیان میں کہا کہ ہم نے کسی پارٹی کو جبل نور گرنجاوی سکیم کے حوالے سے کسی کو اختیارات نہیں دیا اور نہ دینگے کیونکہ یہ اراضیات گورنمنٹ آف بلوچستان کے ہیں نام نہاد گروپ جبل نور گرنجاوی سکیم کیساتھ ہمارا کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہم کسی بھی فیصلے کو مسترد کرتے ہیں نام نہاد جبل نور گرنجاوی سکیم کے مالکان کے ساتھ ہمارے کیس چل رہے ہیں اگر مجھے یا میرے خاندان یا شراکت داروں کو کوئی بھی جانی یا مالی نقصانات ہوا میرے مدعیان نام نہاد جبل نور گرنجاوی سکیم گروپ مالکان ہونگے نام نہاد جبل نور گرنجاوی سکیم کیخلاف انٹی کرپشن کورٹ او انوارمینٹل بلوچستان کورٹ میں کیس زیر سماعت ہیں نام نہاد جبل نور گرنجاوی سکیم گورنمنٹ آف بلوچستان کے پہاڑوں پر غیر قانونی طریقے سے قبضہ کرنے کی کوشش ہو رہا ہے

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ سیاسی جدوجہد والی شخصیت تھے، منظور احمد کاکڑ

انکی زندگی میں فکر میں نظریاتی پختگی، کردار میں استقامت اور عمل میں تسلسل نمایاں تھا

آج کے سیاسی کارکن ان کی جدوجہد کا سنجیدگی سے مطالعہ کریں، برسی کے موقع پر بیان

کوئٹہ (پ ر) صدر ال کاکڑ قبائل فیڈریشن سردار منظور احمد خان کاکڑ نے بیان میں شہید ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کی طویل سیاسی جدوجہد اور بلند کردار و عمل کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کی سیاسی جدوجہد ایک تاریخ کی حیثیت رکھتی ہے جو فکری و نظریاتی بنیادوں پر استوار رہی، اور وہ اصول پسندی، جمہوری اقدار اور بلوچ وطن کی حق حاکمیت و حقوق کے حصول کی بلند و توانا آواز تھے۔ شہید ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کی فکر میں نظریاتی پختگی، کردار میں استقامت اور عمل میں تسلسل نمایاں تھا آج کے سیاسی کارکن اگر ان کی جدوجہد کا سنجیدگی سے مطالعہ کریں تو وہ فکری بلندی تنظیمی نظم و ضبط اور عوامی وابستگی کے وہ اصول سیکھ سکتے ہیں جو ایک کامیاب اور فکری و جمہوری سیاسی زندگی کے لیے ناگزیر ہیں سردار منظور احمد کاکڑ نے کہا شہید ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کی برسی سیاسی کارکنوں کے لیے ہمیشہ مشعل راہ کا کردار ادا کرتی رہے گی اور سیاسی کارکن ان کی سیاسی جدوجہد سے آراستہ ہو کر اپنی سیاسی پختگی اور اپنے عمل و کردار کو مثبت انداز میں سنوار سکیں گے۔

کوئٹہ، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی سے مرکزی سیکرٹری جاوید خان کاکڑ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

لاپتہ افراد کے کیسز تنظیمی سطح پر حکومت اور کمیشن کو فراہم کر دیئے گئے

وی بی ایم پی کے کیمپ کا حسن مینگل اور سلطانہ بلوچ کی جانب سے دورہ کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) وی بی ایم پی کے احتجاجی کیمپ 6089 ویں روز میں داخل، لاپتہ محمد عرفان قمرانی، تنویر احمد اور بشیر احمد کے کیسز تنظیمی سطح پر حکومت اور کمیشن کو فراہم کردیں بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کے خلاف وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز (وی بی ایم پی) کے زیر اہتمام قائم احتجاجی کیمپ تنظیم کے چیئرمین نصر اللہ بلوچ کی قیادت میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے 6089 دن مکمل ہو گئے اس دوران ایڈووکیٹ محمد حسن مینگل اور سلطانہ بلوچ نے احتجاجی کیمپ کا دورہ کیا، جبری گمشدگیوں کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا، اور لاپتہ افراد کے لواحقین سے اظہار یکجہتی کی، انہوں نے جبری گمشدگیوں کی فوری خاتمہ اور لاپتہ افراد کی بازیابی کا مطالبہ کیا اس موقع پر وی بی ایم پی کے چیئرمین نصر اللہ بلوچ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے تنظیمی سطح پر محمد عرفان قمرانی، تنویر احمد اور بشیر احمد کے کیسز کو صوبائی حکومت اور لاپتہ افراد کے حوالے سے قائم کمیشن کو فراہم کریں واضح رہے، محمد عرفان قمرانی کو سیکورٹی فورسز نے 22 جنوری کی رات کو کلی قمرانی کوئٹہ سے حراست میں لینے کے بعد جبری لاپتہ کر دیا 17 سالہ تنویر احمد اور 15 سالہ بشیر احمد جو دونوں آپس میں بھائی ہے، جن کو سی ٹی ڈی اور دیگر ملکی اداروں کے اہلکاروں نے 3 فروری کی رات سریاب کسٹم کوئٹہ سے حراست میں لینے کے بعد جبری لاپتہ کر دیا چیئرمین نصر اللہ بلوچ نے صوبائی حکومت اور کمیشن سے اپیل کی کہ وہ محمد عرفان قمرانی، تنویر احمد اور بشیر احمد کی باحفاظت بازیابی کو یقینی بنائے، اگر ان پر کوئی الزام ہے تو انہیں منظر عام لا کر عدالت میں پیش کرنے میں اپنا کردار ادا کریں، تاکہ ان کے خاندان کو ان کی جبری گمشدگی کی اذیت سے نجات مل سکے۔

وفاقی محتسب نے شگفتہ نورین کو بقایاجات دلوا دیئے

ماہانہ بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی بغیر کسی وجہ کے بند کر دی گئی تھی

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار شگفتہ نورین کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری کر کے بقایاجات کی مد میں 528360 روپے ادا کروا دیئے گئے۔ درخواست گزار شگفتہ نورین نے بتایا کہ پچھلے دو برس سے انکا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی بغیر کسی وجہ کے بند کر دی گئی تھی۔ وہ متعدد بار متعلقہ محکمے کو درخواست دے چکے تھے، مگر اس پر کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ بالآخر، انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری کر کے بقایاجات کی ادائیگی جلد کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری کرتے ہوئے بقایاجات کی مد میں 528360 روپے ادا کر دیے۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

مرحوم منان خان کی خدمات یاد رکھی جائیں گی، پشتونخوانیپ

سیاسی و سماجی حلقے ایک مخلص اور پرعزم رہنما سے محروم ہو گئے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکریٹریٹ نے مرحوم منان خان بڑیچ کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مرحوم ایک باکردار، اصول پسند، خدمت گزار اور عوام دوست شخصیت تھے، جنہوں نے اپنی زندگی قومی شعور کی بیداری اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد میں گزاری۔ ان کی وفات سے نہ صرف ان کا خاندان بلکہ سیاسی و سماجی حلقے بھی ایک مخلص اور پرعزم رہنما سے محروم ہو گئے ہیں۔ پارٹی کے مرکزی سینئر سیکریٹری سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، صوبائی سیکریٹری اول خوشحال خان کاسی، مرکزی کمیٹی کے اراکین صدیق مشوانی اور حاجی شاہجہان خان بڑیچ، جبکہ صوبائی کمیٹی کے ممبران ولی خان بڑیچ، جبار خان مندوخیل، مناف خان بڑیچ، ہارون خان بڑیچ، اقبال خان، محمد خان، حافظ شبیر احمد، عبدالہادی سمیت دیگر رہنماؤں نے مرحوم کی نماز جنازہ میں شرکت کی اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ وفد نے مرحوم کی سیاسی، سماجی اور قومی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ دریں اثناء صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، صوبائی سینئر نائب صدر اللہ نور خان چیئرمین، صوبائی نائب صدر عبدالقیوم ایڈووکیٹ، صوبائی آفس سیکریٹری نداانگر اور صوبائی ڈپٹی سیکریٹری حمد اللہ بڑیچ نے بھی مرحوم کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندان سے تعزیت کی اور مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا کی۔ بیان کے اختتام پر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی گئی کہ وہ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے، درجات بلند کرے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا کرے

کوئٹہ، سوئی سدرن گیس کمپنی کے زیر اہتمام ریجنل ہیڈ آفس میں کھلی کچہری کے موقع پر راحیل ملک و دیگر لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

شہید بھٹو کے مشن کو آگے بڑھا رہے ہیں، حیات خان کاکڑ

پارٹی کے جیالے آج بھی بھٹو شہید کی قربانیوں کو یاد رکھتے ہیں، رہنما

جیالے شیخ منور حسین شہید نے پارٹی کے لیے بے شمار قربانیاں دیں

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہید ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے جیالے آج بھی بھٹو شہید کی قربانیوں کو یاد رکھتے ہیں اور ان کے نظریے پر قائم ہیں۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے کہا کہ بھٹو شہید کے وفادار ساتھی اور جیالے شیخ منور حسین شہید نے پارٹی کے لیے بے شمار قربانیاں دیں۔ ان کی صاحبزادی سمینہ شیخ بھی اپنے والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے دن رات کام کر رہی ہیں۔ وہ غریب اور نادار لوگوں کی خدمت میں ہمیشہ پیش پیش رہتی ہیں اور ان کے دروازے عوام کے لیے ہر وقت کھلے رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سمینہ شیخ شہید رہنماؤں، محترمہ بینظیر بھٹو شہید اور قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کے مشن کو آگے بڑھا رہی ہیں اور پارٹی کو مضبوط بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی ایسے مخلص کارکنوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ جمہوریت، عوامی حقوق اور غریبوں کی خدمت کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی خدمات قابل ستائش،، سردار غلام سرور شیرانی

علی حسن زہری کا ذاتی ناکامیوں اور سیاسی محرومیوں کا ملبہ ریاستی اداروں پر ڈالنا غیر ذمہ دارانہ ہے

کوئٹہ (یو این اے) قبائلی رہنما سردار غلام سرور شیرانی نے اپنے ایک بیان میں سابق صوبائی وزیر علی حسن زہری کی جانب سے چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے خلاف اختیار کی گئی غیر شائستہ زبان اور بے بنیاد الزامات کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ذاتی ناکامیوں اور سیاسی محرومیوں کا ملبہ ریاستی اداروں اور باوقار افسران پر ڈالنا غیر ذمہ دارانہ طرز عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ شکیل قادر خان ایک منجھے ہوئے، دیانتدار اور پیشہ ور سول افسر ہیں جنہوں نے محدود وسائل کے باوجود صوبے میں نظم و نسق کی بہتری، شفافیت کے فروغ اور قانون کی بالادستی کے لیے قابل قدر اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ چیف سیکرٹری کی قیادت میں انتظامیہ نے ادارہ جاتی اصلاحات، میرٹ کے نفاذ اور عوامی مفاد کو ترجیح دینے کی عملی مثالیں قائم کی ہیں، جنہیں عوامی اور سرکاری سطح پر سراہا جا رہا ہے۔ ایسے میں سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے لیے اداروں کو نشانہ بنانا نہ صرف نامناسب ہے بلکہ صوبے کے مجموعی مفاد کے بھی منافی ہے۔ بیان میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ حکومت بلوچستان آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے گڈ گورننس، شفاف انتظامیہ اور عوامی خدمت کے ایجنڈے پر ثابت قدم ہے اور منفی پروپیگنڈے سے مرعوب ہوئے بغیر اپنی اصلاحاتی پالیسیوں کا تسلسل برقرار رکھے گی۔

مستونگ کو کوئٹہ ڈویژن میں شامل کرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی

ڈویژنل سطح کے نشستوں سے محروم کرنے کی سازش کی جا رہی ہے، رہنماء این پی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صدر اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ ضلع مستونگ کے معدنی علاقے ڈیگاری، زرخو، سنجدی، مارواڑ اور افغانستان سے منسلک سرحدی علاقہ پنجپائی اور سرلٹھ کو ضلع مستونگ سے کاٹ ضلع کوئٹہ میں شامل کی گئی جو مستونگ کے عوام کے ساتھ ایک سیاسی منافقت اور دھوکہ تھا بعد ازاں مستونگ پولیس کو قلات رینج سے نکال کر کوئٹہ رینج میں شامل کی گئی اب ضلع مستونگ کو کوئٹہ ڈویژن میں شامل کر کے ڈویژنل سطح کے اسامیوں سمیت فنی تعلیمی اداروں میں بھی ڈویژنل سطح کے نشستوں سے محروم کرنے کی سازش کی جا رہی ہے جو قابل قبول نہیں ہے اگر حکومت کو نئے ڈویژن بنانے ہیں تو مستونگ قلات اور نوشکی پر مشتمل ڈویژن بنا کر اس کا ڈویژنل ہیڈ کوارٹر مستونگ کو بنایا جائے جو تینوں اضلاع کے سنگم میں واقع ہے، اسلم بلوچ نے واضح کیا ہے کہ ضلع مستونگ کو کوئٹہ ڈویژن میں شامل کر کے اس کی سیاسی اور تاریخی حیثیت کو کم کرنے کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائیگی علاقہ کے تمام سیاسی جماعتوں سے مل کر احتجاج کا فیصلہ کیا جائیگا۔

کوئٹہ، ایوب اسٹیڈیم رمضان سستا بازار میں بیکری کا سامان فروخت کیا جا رہا ہے

مصطفیٰ خان ترین انتقال کر گئے

کوئٹہ (آئی این پی) کلی جنگل طور خیل سیدان کے مصطفیٰ خان ترین انتقال کر گئے۔ مرحوم حاجی برات خان ترین کے صاحبزادے، حاجی احمد جان ترین، حاجی محمد یار ترین، عبدالمجید ترین، عبدالمنان ترین اور محمد سعید ترین کے بھائی اور گل زمان ترین، شیر زمان ترین کے والد تھے جنہیں گزشتہ روز مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا جبکہ فاتحہ خوانی کا سلسلہ جامع مسجد کلی طور خیل میں جاری ہے۔

مرحوم منان خان بڑیچ کی فاتحہ خوانی وحدت کالونی میں جاری

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن اور صوبائی ڈپٹی سیکرٹری مرحوم منان خان بڑیچ کی فاتحہ خوانی مسجد طیبہ، وحدت کالونی دوم شاپ بروری روڈ کوئٹہ میں جاری ہے۔ گزشتہ روز پارٹی کے ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا، مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹریز نواب محمد ایاز خان جوگیزئی، ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، عبدالحق ابدال، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی نائب صدر مجید خان اچکزئی، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ایگزیکٹیوز دارا خان جوگیزئی، صورت خان کاکڑ، رزاق ترین، نظام عسکر، ملک عمر کاکڑ، اقبال بٹے زئی، گل خلجی، حفیظ ترین، حضرت عمر ایڈووکیٹ، عبدالرحیم راحت زئی، ضلع کوئٹہ کے ایگزیکٹیوز وضلع کمیٹی کے اراکین، مختلف اضلاع کے پارٹی رہنماؤں، کارکنوں سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، قبائلی وسماجی رہنماؤں، پشتونخوا لائرز فورم، پشتونخوا ڈاکٹرز فورم، پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے رہنماؤں وکارکنوں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے منان خان بڑیچ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا۔

گنداخہ، رمضان میں مہنگائی شہریوں کی کمر توڑ رہی ہے، پرائس کنٹرول ناکام

گنداخہ (یو این اے) ضلع اوستہ محمد اور اس کے گرد و نواح میں ماہ رمضان المبارک کے آغاز کے ساتھ ہی اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ نے شہریوں کی کمر توڑ دی ہے۔ بازاروں میں آٹا، چینی، گھی، دالیں، بیسن، چاول، گوشت، مرغی، دودھ، دہی، سبزیاں اور پھل سرکاری نرخ نامے سے کہیں زیادہ قیمتوں پر فروخت ہو رہے ہیں، جبکہ پرائس کنٹرول انتظامیہ مکمل طور پر غیر فعال دکھائی دے رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کئی دکانوں پر سرکاری ریٹ لسٹ آویزاں ہی نہیں کی گئی، اور جب مقررہ نرخوں کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو خریداروں کو مختلف حیلوں بہانوں سے ٹال دیا جاتا ہے۔ کئی علاقوں میں ذخیرہ اندوزی کی اطلاعات بھی موصول ہو رہی ہیں جس سے مصنوعی قلت پیدا کر کے قیمتیں مزید بڑھائی جا رہی ہیں۔ سماجی و عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے اعلانات صرف کاغذی کارروائی تک محدود ہیں، جبکہ عملی اقدامات نہ ہونے کے باعث غریب اور متوسط طبقہ شدید ذہنی اور مالی دباؤ کا شکار ہے اور یومیہ اجرت پر کام کرنے والے افراد کے لیے سحر و افطار کا انتظام بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران سے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر دشتی ملاقات کر رہے ہیں

قوانین کی خلاف ورزیاں ایک کلینک سیل، پانچ کو جرمانہ

کارروائیاں بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کی اینٹی کوئیکری ٹیم نے کچی بیگ میں انجام دیں

مقصد عوام کو غیر قانونی طبی مراکز و عطائیوں سے تحفظ فراہم کرنا ہے، ڈاکٹر بسم اللہ کاکڑ

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کی اینٹی کوئیکری ٹیم نے کچی بیگ کے علاقے کلی کمالو میں غیر قانونی طبی سرگرمیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد کلینکس اور لیبارٹریز کا معائنہ کیا۔ فوکل پرسن ڈاکٹر بسم اللہ کاکڑ نے اے پی پی کو بتایا کہ منگل کے روز بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کی اینٹی کوئیکری ٹیم نے کچی بیگ میں کارروائی کے دوران تین کلینکس پر جرمانے عائد کیے گئے جبکہ سنگین خلاف ورزیوں پر ایک کلینک کو سیل کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ ایک ڈینٹل کلینک اور ایک لیبارٹری پر بھی جرمانہ عائد کیا گیا، جبکہ ایک کلینک کو قواعد و ضوابط کی عدم تعمیل پر نوٹس جاری کیا گیا۔ یہ کارروائیاں بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن ایکٹ 2019 اور لائسنسنگ و اینٹی کوئیکری ریگولیشنز 2024 کے تحت عمل میں لائی گئیں، جن کا مقصد عوام کو غیر معیاری اور غیر قانونی طبی مراکز سے تحفظ فراہم کرنا ہے۔ کمیشن نے واضح کیا ہے کہ صوبے بھر میں غیر مجاز طبی سرگرمیوں کے خاتمے اور معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ شہریوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ عطائیت یا غیر لائسنس یافتہ مراکز کی اطلاع کمیشن کو دیں۔

رمضان رحمتوں، برکتوں اور مغفرت کی گھڑیاں لے کر آتا ہے، ذوالفقار طارق

یہ ماہ اپنے نفس کی اصلاح، دل کی صفائی اور معاشرے میں اخوت کو فروغ دینے کا ہے

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری محمد عامر جتوئی محمد آصف کنرانی مدثر بلوچ نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک رحمتوں، برکتوں اور سعادتوں کا مہینہ ہے۔ یہ وہ مبارک گھڑیاں ہیں جن میں آسمانوں سے رحمتوں کی بارش ہوتی ہے اور بندوں کے لیے مغفرت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ لیکن افسوس کہ ہم میں سے بہت سے لوگ رمضان کو صرف سحری و افطاری تک محدود کر دیتے ہیں، حالانکہ اس مہینے کا پیغام اس سے کہیں وسیع اور گہرا ہے۔ رمضان کا پہلا عشرہ رحمت کا ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب ہمیں اپنے دلوں میں نرمی، برداشت اور ہمدردی پیدا کرنی چاہیے۔ اگر ہم روزہ رکھ کر بھی بد اخلاقی کریں، لڑائی جھگڑا کریں، زبان سے کسی کی دل آزاری کریں تو ہم نے روزے کی روح کو نہیں سمجھا۔ اصل روزہ وہ ہے جو انسان کو تقویٰ، صبر اور شکر کا پیکر بنا دے۔ یہ مہینہ ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ ہم ایک دوسرے کا سہارا بنیں۔ جو لوگ استطاعت رکھتے ہیں انہیں چاہیے کہ سحری اور افطاری کا بندوبست کریں، مستحقین کو راشن فراہم کریں، مساجد میں اجتماعی افطار کا اہتمام کریں اور اپنے اردگرد موجود ضرورت مند خاندانوں کا خیال رکھیں۔ کسی ایک گھر میں افطاری پہنچا دینا بھی اللہ کے ہاں عظیم اجر کا سبب بن سکتا ہے۔ بدقسمتی سے رمضان آتے ہی مہنگائی کا طوفان بھی آ جاتا ہے۔ اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں بڑھا دی جاتی ہیں، ذخیرہ اندوزی کی جاتی ہے اور غریب آدمی کی مشکلات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ کیا یہ رمضان کا پیغام ہے؟ ہرگز نہیں۔ رمضان ہمیں ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے، نہ کہ منافع خوری اور خود غرضی کا۔ رمضان صرف عبادات کا نہیں بلکہ خدمت کا مہینہ ہے۔ تراویح، تلاوت قرآن اور ذکر و اذکار کیساتھ ساتھ حقوق العباد کی ادائیگی بھی اسی قدر ضروری ہے۔ اگر ہم نے اس مہینے میں کسی بھوکے کو کھانا کھلا دیا، کسی پریشان حال کی مدد کر دی، کسی مقروض کی دستگیری کر دی تو یقیناً یہ اعمال ہمارے نامہ اعمال میں روشن باب بن جائیں گے۔ آئیے عہد کریں کہ اس رمضان کو ہم اپنی اصلاح، معاشرتی بہتری اور خدمت خلق کا ذریعہ بنائیں گے۔ اپنے گھروں میں محبت، اپنے محلوں میں تعاون اور اپنے معاشرے میں اخوت کو فروغ دیں گے

کوئٹہ، ملک سرور خان پانیزئی منصور خان کاکڑ کی سول ہسپتال میں عیادت کر رہا ہے

کوئٹہ مسائلستان میں تبدیل، شہری بنیادی سہولیات سے بھی محروم

بڑھتی ہوئی آبادی کی ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مؤثر انتظامی حکمت عملی اپنانا ناگزیر ہو چکا، حکومت مسائل پر فی الفور توجہ دے

90 فیصد شہری صاف پانی سے محروم ہیں، بجلی، گیس کی لوڈشیڈنگ اور خستہ حال سڑکیں مسائل میں اضافے کا سبب بن رہی ہیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں شہری مسائل بدستور برقرار ہیں، جن میں پانی کی قلت، ٹریفک کی بے ترتیبی، گندگی اور پبلک ٹرانسپورٹ کی کمی شامل ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ مسائل میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ مؤثر انتظامی حکمت عملی کی ضرورت شدت سے محسوس کی جا رہی ہے۔ شہریوں کے مطابق کئی علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی غیر یقینی بنی ہوئی ہے، جس کے باعث روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے۔ دوسری جانب سڑکوں کی حالت اور ٹریفک کنٹرول کے ناکافی انتظامات نے شہریوں کی مشکلات بڑھا دی ہیں۔ مقامی رہائشیوں نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ متعلقہ ادارے شہری مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کریں گے، تاکہ شہری صورتحال بہتر ہو سکے۔

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران سے ڈاکٹر ربابہ بلیدی بات چیت کر رہی ہیں

بلوچستان میں حکومتی رٹ ختم ہو چکی، مرکزی تنظیم تاجران

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات سیف الدین نثار نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حکومتی رٹ مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے، بدامنی، چوری، ڈکیتی اور کرپشن اپنے عروج پر ہے جبکہ نوجوان نسل بے روزگاری کے باعث خودکشیوں پر مجبور ہو رہی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک ماہ قبل ضلعی انتظامیہ اور ڈپٹی کمشنرز نے ایرانی پیٹرول کے تمام پوائنٹس بند کرنے کا اعلان کیا، لیکن عملی طور پر صرف بھتہ خوری میں اضافہ ہوا ہے۔ ایرانی پیٹرول کی قیمت 175 روپے فی لیٹر سے بڑھ کر 250 روپے فی لیٹر تک پہنچ چکی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ تفتیلی پر ایک گاڑی سے 15 ہزار روپے رشوت لے کر چھوڑا جاتا ہے، مافیا پوری طرح سرگرم ہے اور انتظامیہ ان سے ملی ہوئی ہے۔ سیف الدین نثار کا کہنا تھا کہ بلوچستان کرپشن کا گڑھ بن چکا ہے، تمام سیکورٹی فورسز اور کسٹم ادارے کرپشن میں ملوث ہیں۔ چمن بارڈر گزشتہ دو سال سے بند ہے، جبکہ ایران بارڈر کی بندش سے ہزاروں افراد کا روزگار ختم ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی پیٹرول اور ڈیزل سے بلوچستان کے ہزاروں گھرانوں کے چولہے جلتے تھے، مگر موجودہ صورتحال نے تاجروں اور عام عوام دونوں کو بدترین معاشی دباؤ کا شکار کر دیا ہے۔ سیف الدین نثار نے وفاقی و صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر پاک افغان اور ایران بارڈرز کی بندش پر نظرثانی کی جائے، ورنہ بے روزگاری میں مزید اضافہ ہوگا، نوجوان نسل خودکشی پر مجبور ہوگی اور حالات حکومت کے قابو سے باہر نکل جائیں گے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر موجودہ حالات برقرار رہے تو تاجر برادری بلوچستان سے ہجرت پر مجبور ہو جائے گی، کیونکہ کاروبار کے تمام دروازے بند کیے جا چکے ہیں۔

بلوچستان فوڈ اتھارٹی صرف نام کی رہ گئی ہے، رحیم کاکڑ

گندے سبزیوں کی کاشت روکنے میں ناکامی ناقابل برداشت ہے، سابق میئر کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر واعظ ایس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ، توقیر بھٹی، ضیاء الحق، نعمت اللہ، سردار بہلول، سردار احمد بشیر احمد نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص کارکردگی کی مذمت کی ہے۔ بیان میں فوڈ اتھارٹی برائے نام کی اتھارٹی رہ گئی ہے، کوئٹہ ضلع میں گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت کو نہیں روک سکتے، ہیں صرف اخبارات کی حد تک ان کی کارکردگی کا شوشا ہے۔ باقی فوڈ اتھارٹی اگر چاہیے تو ہونا تو یہ چاہیے کہ اس قسم کے چیزوں کو منانے کے لیے ضروری ہے کہ قانون سازی کی جائے تاکہ قانون میں ایسے چیزوں کے لیے سخت سزائیں ہونی چاہیے۔ اس کے علاوہ کوئٹہ شہر میں تمام ہوٹلوں کے لیے صفائی بیکریوں کی صفائی کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کیا کریں، تحریک انصاف عوام کی صحت کے اوپر کسی قسم کا سودا بازی کرنے والوں کو نہیں چھوڑے گی اور عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے۔

کوئٹہ میں گیس کی لوڈشیڈنگ 12 گھنٹے تک پہنچ گئی

گیس حکام کیخلاف شہریوں کا وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے دھرنے کا اعلان

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گیس کی شدید قلت اور غیر اعلانیہ طویل لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے جاری گروہ رات 10 بجے سے صبح 6 بجے کے شیڈول میں اب مزید 4 سے 5 گھنٹے کا اضافہ کر دیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں گیس کی بندش روزانہ 12 گھنٹے تک جا پہنچی ہے۔ تفصیلات کے مطابق، کوئٹہ کے مختلف علاقوں بشمول کاسی روڈ، مکانگی روڈ، جان محمد روڈ، ڈبل روڈ، سریاب روڈ، ارباب کرم خان روڈ، ہزارہ ٹاؤن، آغا روڈ، چلتن باغ اور بروری روڈ میں گیس کی مکمل بندش کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں نے بتایا کہ شدید سردی میں گیس نہ ہونے سے گھریلو امور مفلوج ہو چکے ہیں، جبکہ بچوں اور بزرگوں کی صحت پر خطرناک اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ عوام نے کہا کہ سردیوں میں گیس پریشر بڑھانے کے بجائے کمپنی نے بندش میں اضافہ کر کے ظلم کیا ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن کا دورہ بی ایم سی، مختلف شعبوں کا معائنہ

ایم ایس ڈاکٹر آصف انور شاہوانی کے ہمراہ سہولیات کا جائزہ لیا

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی ٹی بی کنٹرول پروگرام بلوچستان کے صوبائی منیجر ڈاکٹر شیر افگن ریسانی نے بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی کے ہمراہ ان ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات، بالخصوص ٹی بی سینٹر کا معائنہ کیا اور وہاں فراہم کی جانے والی سہولیات، مریضوں کے علاج و معالجے کے نظام اور عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر پارس مینگل، وارڈ 6 کے سینئر رجسٹرار ڈاکٹر شکیل اکبر اور دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈاکٹر شیر افگن ریسانی نے ہسپتال انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ صوبے بھر میں ٹی بی کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، تاکہ عوام کو معیاری اور بروقت صحت کی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

اکاؤنٹس افسران کی معطلی کا فیصلہ واپس لیا جائے، اپیکا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی علی اصغر بنگلزئی، صوبائی جنرل سیکرٹری ملک امیر زادہ علیزئی، سینئر نائب صدر حاجی سکندر علی لہڑی، سینئر نائب صدر روشن شاہ اللہ جام اور صوبائی پریس سیکرٹری ظہور بلوچ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں چیف سیکرٹری بلوچستان کی جانب سے بلوچستان کے مختلف اضلاع کے اکاؤنٹس افسران کو نئے بھرتی ہونے والے ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگیوں میں تاخیر اور کارکردگی میں غفلت کا الزام لگا کر بغیر تحقیقات اور شوکاز نوٹس جاری کیے 90 دنوں کیلئے معطل کرنے کے عمل کو غیر قانونی اور عجلت پر مبنی فیصلہ قرار دیتے ہوئے اس عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں بڑے بڑے مگرمچھ جو اربوں کی کرپشن اور بھتہ خوری میں ملوث ہیں ... ان کے خلاف کارروائی کرنے سے کتراتے ہیں ... انہوں نے کہا کہ اپیکا کسی بھی قسم کی کرپشن اور سروس میں کوتاہی کے مرتکب آفیسر یا ملازم کی قطعی دفاع نہیں کرے گی ... انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر جانب سے کوئی عملدرآمد ہوتا نظر نہیں آرہا۔

عبدالقیوم جوہر کی ادبی خدمات یاد رکھی جائینگی، عبدالرزاق صابر

مرحوم نے مادری زبانوں کے فروغ کیلئے بھرپور کردار ادا کیا، وی سی جامعہ گوادر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گزشتہ دنوں اکادمی ادبیات کوئٹہ کی تعزیتی ریفرنس سندھ و بلوچستان کے نامور عالم دین، شاعر، ادیب، محقق و صحافی مولانا عبدالقیوم جوہر براہوئی کی یاد میں ایک تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا جس میں علامہ جوہر براہوئی کی علمی، ادبی اور فنی خدمات کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو ہوئی اور جوہر براہوئی کے کام کو سراہتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ تقریب کی صدارت گوادر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے کی۔ مہمان خصوصی براہوئی اکیڈمی کے چیئرمین پروفیسر سوسن براہوئی جبکہ اعزازی مہمان بلوچستان کی نامور شاعرہ پروفیسر طاہرہ احساس جتک تھیں۔ اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کے اعزازی ناظم پروگرام ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار نے کہا کہ اکادمی ادبیات کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ بلوچستانی زبانوں کے ادب کی ترویج و ترقی کے لیے پروگرام منعقد کریں۔ انہوں نے کہا کہ علامہ جوہر براہوئی کی رحلت سے سندھ اور بلوچستان کے علمی و ادبی حلقے متاثر ہوئے کیونکہ علامہ جوہر براہوئی نے علمی اور براہوئی زبان کے لیے بڑا کام کیا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے چیئرمین اکادمی ادبیات ڈاکٹر نجیبہ عارف اور ڈائریکٹر جنرل کے تعزیتی پیغامات بھی سنائے جس میں انہوں نے علامہ جوہر براہوئی نے سندھی، براہوئی اور اردو میں تقریباً 80 کے قریب کتابیں لکھیں۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور میر ظہور بلیدی اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں

شہریوں کو ڈرائیونگ لائسنس کی فراہمی جاری ہے، خالد محمود

شہریوں کو میرٹ و عزت کیساتھ سہولت کی فراہمی ترجیح ہے، سی پی او راولپنڈی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کی سربراہی اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کی ہدایات پر ضلع راولپنڈی کے تمام لائسنسنگ سینٹرز میں رمضان المبارک کے دوران شہریوں کو لائسنسنگ سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ تسلسل کیساتھ جاری ہے۔ رواں ماہ اب تک 67 ہزار 300 سو سے زائد شہریوں کو لائسنسنگ سہولیات فراہم کی گئیں جبکہ 13 ہزار 500 سو سے زائد شہریوں نے نئے ڈرائیونگ لائسنس حاصل کیے۔ شہریوں کی سہولت کیلئے افطار کے وقت لائسنسنگ سینٹرز میں موجود شہریوں کو افطاری بھی کروائی جا رہی ہے۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کا کہنا تھا کہ افطار کے وقت لائسنسنگ سینٹرز میں موجود ہر شہری ہمارے لیے اللہ کا مہمان ہے، انکی خدمت ہمارے لیے باعث سعادت ہے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ شہریوں کو میرٹ و عزت دارانہ طریقے سے ڈرائیونگ لائسنس کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے، پاکستان کا ہر شہری ہمارے کسی بھی لائسنسنگ سینٹر سے صرف اصلی شناختی کارڈ کے ذریعے لائسنسنگ سروسز حاصل کر سکتا ہے، موٹر سائیکل سواروں کی سہولت کیلئے بغیر کسی انتظار کے ایک ہی دن میں لرنر لائسنس کی فراہمی بھی جاری ہے۔ شہری ہمارے کسی بھی لائسنسنگ سینٹر سے فوری اپنا ڈرائیونگ لائسنس بنوائیں کیونکہ دوران ڈرائیونگ ڈرائیور کے پاس لائسنس کا ہونا خود اعتماد ڈرائیونگ کی پہچان ہوتا ہے۔

اسلام آباد: جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

مختلف مقامات سے 09 ملزمان گرفتار، منشیات اور اسلحہ برآمد

اسلام آباد (زاہد احمد خان) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں تھانہ کراچی کمپنی، تھانہ رمنا، تھانہ سنگجانی اور تھانہ ہمک پولیس ٹیموں نے 09 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 530 گرام چرس، مختلف بور کے پانچ عدد پستول، ایک عدد گن، ایک عدد کلاشنکوف معہ ایمونیشن اور دو عدد خنجر برآمد کر لیے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران 16 مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، کسی بھی شخص کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی سے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جا سکے۔

اسلام آباد پولیس شہریوں کے تحفظ کیلئے کوشاں ہے، آئی جی

فرائض کی انجام دہی پر فورس کے ہر جوان کا کردار قابل تحسین ہے، ناصر رضوی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ڈی چوک میں منعقدہ افطار ڈنر میں شرکت کی۔ اس موقع پر سیکورٹی ڈویژن کے سینئر پولیس افسران، سول سوسائٹی کے نمائندگان، چیمبر آف کامرس کے عہدیدار اور تاجر برادری کے اراکین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے اور انہیں ہر ممکن سہولیات بہم پہنچانے کے لئے مصروف عمل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ افطار ڈنر میں شرکت کا مقصد فیلڈ میں مصروف عمل افسران کے ساتھ یکجہتی کا اظہار اور ان کی کمیل ذمہ داریوں کے تناظر میں سیکورٹی حکمت عملی کو مزید موثر بنانا تھا، تاکہ اسلام آباد میں امن و امان کی فضا مستحکم رہے اور شہری خود کو محفوظ محسوس کریں۔ افطار ڈنر کے شرکاء نے وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کے قیام، کاروباری مراکز، عوامی مقامات کی سیکورٹی اور پولیس و کمیونٹی کے باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے پولیس کی خدمات کو سراہا۔ بعد ازاں آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے مساجد کے باہر سیکورٹی ڈیوٹیز سرانجام دینے والے پولیس افسران سے ملاقات کی۔ مساجد و امام بارگاہوں کے سیکورٹی انتظامات کا ازخود جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کا ہر افسر اور جوان اپنے فرائض کی انجام دہی کے لئے پرعزم ہے، فرائض کی انجام دہی پر فورس کے ہر جوان کا کردار قابل تحسین ہے۔ انہوں نے تمام افسران و جوانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اسلام آباد پولیس کے افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت، بہادری اور نیک نیتی پر فخر ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ دورِ رمضان کے مقدس مہینے میں پیشہ ورانہ انداز میں اپنی ذمہ داریاں نبھائیں اور جوش و خروش کے ساتھ اپنے فرائض منصبی کو جاری رکھیں۔

کوئٹہ: شہری رمضان سستا بازار سے سبزی خرید رہا ہے

ہزار گنجی، گیس پریشر میں کمی کا مسئلہ حل کیا جائے، بی این پی

شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، حکام توجہ دیں، بشیر بنگلزئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما ملک بشیر احمد شاہوانی، چیئرمین کریم محمد حسنی، حاجی خیر جان بنگلزئی، آغا شکیل اور عبید شاکر ایم حسنی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی ہزار گنجی، لعل آباد محمد حسنی، کلی حبیب، بریچ ٹاؤن، لہڑی آباد اور گردونواح میں گیس پریشر میں کمی کی وجہ سے شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا ہے کہ کوئٹہ کا شمار صوبے کے سرد ترین علاقوں میں ہوتا ہے سردی کی شدت کے ساتھ ہی ہزار گنجی، لعل آباد محمد حسنی، کلی حبیب بریچ ٹاؤن، لہڑی آباد اور گردونواح میں گیس پریشر نہ ہونے کے برابر ہے جس سے خواتین کو کھانا پکانے میں سخت مشکلات ہے تو دوسری طرف بچے، بوڑھے سردی کی وجہ سے بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہائیکورٹ کے احکامات کے باوجود سوئی سدرن گیس کمپنی گیس پریشر بڑھانے میں ناکام رہی ہے جو توہین عدالت کے زمرے میں آتا ہے۔ انہوں نے گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ سے اپیل کی کہ وہ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں گیس پریشر میں کمی کا فوری نوٹس لیں اور گیس پریشر بڑھانے کیلئے احکامات جاری کریں۔

تعیناتی کے عمل میں ناانصافی قبول نہیں، واحد بخش

محکمہ تعلیم میں بھرتیوں کے عمل میں شفافیت کو ترجیح دی جائے، امیدوار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نصیر آباد ویلی میر حسن کھوسہ سے کنٹریکٹ اساتذہ کے امیدوار واحد بخش نے کہا ہے کہ محکمہ تعلیم نصیر آباد فیز تحری عارضی کنٹریکٹ ملازمین کی پوسٹوں پر تعیناتی کے عمل میں ناانصافی کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ پہلے نمبر پر آنے والے پروفیشنل ہولڈرز کو نظر انداز کر کے نان پروفیشنل امیدواروں کو ترجیح دینا ظلم و زیادتی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان، وزیر تعلیم، سیکرٹری تعلیم و دیگر حکام سے میرٹ کی بحالی اور اہل امیدواروں کو حق دینے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈی ای او نصیر آباد اور ایڈیشنل ڈویژنل ڈائریکٹر نصیر آباد میرٹ کو پامال کر کے اقرباپروری کے ذریعے منظور نظر لوگوں کو ترجیح دے رہے ہیں۔ بوہر محلہ ڈیرہ مراد جمالی اور گرلز ہائی سکول جاڑا خان ڈیرہ مراد جمالی کے امیدواروں کے اسناد کی تصدیق کے عمل کو یقینی بنایا جائے۔

بلوچستان میں بدعنوانی کے ذمہ دار حکمران ہیں، جماعت اسلامی

بلوچستان میں ظلم و ناانصافی کا بازار گرم ہے، مولانا عبدالکبیر شاکر

کوئٹہ (پ ر) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالکبیر شاکر نے کہا کہ بلوچستان میں بدامنی بدعنوانی لوٹ مار کے ذمہ دار حکمران ہیں۔ فلسطین غزہ پر مظالم کے حوالے سے مسلم حکمران اور مسلم افواج کے سپہ سالار کی مجرمانہ خاموشی نے امریکہ اور اسرائیل کو ہمت اور حوصلہ دیا۔ جماعت اسلامی کی غزہ مسلمانوں کی امداد کیلئے جدوجہد جاری ہے، عوام امریکی اسرائیلی مصنوعات کا بائیکاٹ اور غزہ کے مظلوم مسلمانوں کی مدد کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن کے ساتھ مالی تعاون کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں تقریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ حق دو بلوچستان مہم کی کامیابی، اسلام آباد کی طرف مارچ اور کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد کے دھرنے کیلئے امرائے اضلاع اور ذمہ داران منظم ہو کر مخلصانہ کام کر رہے ہیں، حقوق کے حصول کیلئے مخلصانہ اجتماعی جدوجہد کی ضرورت ہے۔

تنخواہوں سے کٹوتی قابل مذمت اقدام ہے، پیرامیڈیکس

حاضری کو جواز بنا کر تنخواہوں سے کٹوتی کسی صورت قبول نہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) نوشکی اور واشک میں پیرا میڈیکل اسٹاف کی تنخواہوں سے کٹوتی ...

صوبائی دارالحکومت میں پیشہ ور گداگروں کی بھرمار، متعلقہ حکام خاموش

کمسن بچوں سے بھیک منگوانے کا کاروبار عروج پر پہنچ چکا ہے، بازاروں، مساجد چوراہوں اور ٹریفک سگنلز پر بھکاریوں کا قبضہ

پیشہ ور بھکاری چوری سمیت دیگر جرائم میں بھی ملوث، شہریوں کی جانب سے ضلعی انتظامیہ سے فی الفور کریک ڈاؤن کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں دیگر صوبوں سے آئے پیشہ ور بھکاریوں کی یلغار نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ بازاروں، مساجد، چوراہوں اور ٹریفک سگنلز پر ہر جگہ پیشہ ور بھکاریوں کا قبضہ دکھائی دیتا ہے، جو مسلسل شہریوں کو تنگ اور پریشان کر رہے ہیں۔ مزید افسوسناک پہلو یہ ہے کہ ان بھکاریوں نے کمسن بچوں کو بھی بھیک مانگنے کے دھندے میں جھونک دیا ہے۔ یہ بچے شدید گرمی میں سڑکوں پر بھیک مانگتے نظر آتے ہیں، جس سے نہ صرف بچوں کے حقوق پامال ہو رہے ہیں بلکہ انسانی ہمدردی کے جذبات کو بھی کچلا جا رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ یہ بھکاری نہ صرف جھوٹی معذوری اور ہمدردی کے نام پر رقم اینٹھتے ہیں بلکہ کئی جگہوں پر چوری اور نقب جیسے جرائم میں بھی ملوث پائے گئے ہیں۔ اس کے باوجود ضلعی انتظامیہ اور پولیس خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ شہری حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، کمشنر کوئٹہ اور ڈپٹی کمشنر سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے اور کمسن بچوں کا استحصال بند کیا جائے، تاکہ کوئٹہ شہر کو صاف، محفوظ اور انسان دوست ماحول میسر آ سکے۔

کوئٹہ: تھانہ روڈ پر سڑک پر موجود تاجروں کا مال ٹریفک روانی میں خلل پیدا کر رہا ہے

خیر پور، گھریلو تشدد سے تنگ خاتون نے 3 بچوں سمیت نہر میں چھلانگ لگا دی

خیر پور (م ڈ) خیر پور کے نواحی علاقے لیاقت آباد میں شوہر کے تشدد، گھریلو ناچاقی سے تنگ خاتون بانو بی بی نے کمسن بچوں سمیت میرواہ کینال میں چھلانگ لگا دی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے کے لوگ بڑی تعداد میں موقع پر جمع ہو گئے اور مقامی غوطہ خوروں نے لاشوں کی تلاش شروع کر دی تاہم ابھی تک خاتون اور اس کی دو بچیوں کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ پولیس نے واقعے کی تفتیش شروع کر دی ہے۔

کلی لوہڑ کاریز میں صفائی کا فقدان، نالیاں بند، مکینوں کو مشکلات

علاقے میں صفائی کا نظام نہ ہونے سے جا بجا گندگی کے ڈھیر لگے ہیں، بیماریاں بھی پھیل رہی ہیں، صفا کوئٹہ صفائی کرائے، قیصان کرد

سانس لینا بھی دشوار ہو گیا، بچے اور بزرگوں کو صحت کے سنگین خطرات لاحق ہیں، متعلقہ حکام فی الفور مسائل پر توجہ دیں عطاء اللہ بنگلزئی

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) شہر کوئٹہ کے مشہور اور قدیم علاقے سریاب کے کلی لوہڑ کاریز مسجد ابوذر غفاری علاقہ میں صفائی کی ابتر صورتحال نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے۔ نالیوں کی بندش کے باعث مختلف بیماریوں کا پھیلاؤ خطرے کے نشان پر ...

کنٹریکٹ پالیسی تعلیمی نظام کو نقصان پہنچا رہی ہے، جی ٹی اے آئینی

کوئٹہ (یو این اے) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی بلوچستان کے صوبائی میڈیا سیل نے اپنے جاری کردہ بیان میں محکمہ تعلیم بلوچستان کی حالیہ کنٹریکٹ پالیسی کو تعلیمی نظام کو تنزلی کی جانب دھکیلنے کے مترادف قرار دیا ہے۔ بیان کے مطابق یہ پالیسی نہ صرف اساتذہ کے پیشہ ورانہ وقار کو متاثر کرتی ہے بلکہ صوبے میں تعلیم کے مجموعی معیار پر بھی خطرناک اثرات مرتب کرے گی۔ ترجمان نے کہا کہ کنٹریکٹ پر بھرتی کیے جانے والے اساتذہ سے مستقل، معیاری اور پائیدار کارکردگی کی توقع رکھنا حقیقت کے برعکس ہے۔ روزگار کی غیر یقینی صورتحال اساتذہ کو ذہنی دباؤ اور مستقبل کی پریشانی میں مبتلا رکھتی ہے، جس کے باعث وہ دلجمعی کے ساتھ تدریسی ذمہ داریاں ادا نہیں کر پاتے۔ ایسی صورتحال میں استاد کی توجہ بچوں کی تعلیم کے بجائے اپنے معاشی مستقبل اور متبادل روزگار پر مرکوز رہتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ محکمہ تعلیم جیسے حساس شعبے میں عارضی انتظامات، غیر مستقل پالیسیاں اور بار بار کے تجربات آئندہ نسلوں کے تعلیمی مستقبل کے ساتھ کھلواڑ کے مترادف ہیں۔ جب استاد خود عدم تحفظ کا شکار ہو تو وہ طلبہ کی معیاری رہنمائی فراہم نہیں کر سکتا۔ جی ٹی اے آئینی بلوچستان نے موجودہ حکومت سے مطالبہ کیا کہ محکمہ تعلیم کی نافذ کردہ کنٹریکٹ پالیسی کو فوری واپس لیا جائے اور اساتذہ کی بھرتی کے لیے واضح، شفاف، قابل عمل اور مستقل طویل المدتی پالیسی تشکیل دی جائے۔ مزید کہا گیا کہ بھرتی اور ترقی کے تمام مراحل مستقل بنیادوں پر استوار کیے جائیں، جبکہ شعبہ تعلیم میں سنجیدہ اصلاحات اور مناسب وسائل فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ ایسوسی ایشن نے عزم ظاہر کیا کہ اساتذہ کے حقوق، مضبوط تعلیمی نظام اور مستقل پالیسی کے نفاذ کے لیے قانونی جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

اوباش نوجوانوں نے مارکیٹوں میں ڈیرے جما لئے، نذر بڑیچ

کوئٹہ (آن لائن) پامیر کنزیومر سوسائٹی کوئٹہ کے چیف کوآرڈینیٹر نذر بڑیچ نے کہا ہے کہ صوبے کے شاپنگ مالز اور مارکیٹوں میں اوباش نوجوانوں کی بدولت ماحول مسلسل خراب ہو رہا ہے شریف خاندانوں کا گھروں سے نکلنا محال ہو چکا ہے۔ شاپنگ مالز کے قیام سے شہریوں کو خریداری کیلئے ایک بہترین سہولت میسر آئی عوام فیملیز کے ہمراہ اسٹورز میں شاپنگ کیلئے آتے مگر اب کچھ عرصے سے شاپنگ مالز اور مارکیٹوں میں اوباش نوجوانوں نے ڈیرے جما رکھے ہیں جس کی وجہ سے شریف شہریوں کا اب خریداری کیلئے آنا بھی ناممکن ہوتا جا رہا ہے۔ عزت دار افراد کیلئے فیملیز کے ہمراہ مارکیٹ یا شاپنگ مالز کا رخ کرنا نہایت مشکل ہو گیا ہے۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ مارکیٹوں کے بااختیار افراد اور شاپنگ مالز انتظامیہ سے اپیل کی کہ مالز اور مارکیٹوں کو اوباش نوجوانوں سے پاک کیا جائے۔

کرانی روڈ بدل خان رند اسٹریٹ میں کچرے کے انبار

کوئٹہ (آن لائن) بدل خان رند اسٹریٹ کرانی روڈ کے آخری حصے کی گندی اور ناقابل برداشت صورت حال پر علاقہ مکینوں اور سماجی شخصیات نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ علاقہ مکینوں عبدالباری خان بڑیچ، وحید گل کمسی، تسنیم احمد اور منیر احمد بلوچ نے کہا کہ کچرے کے ڈھیر، بدبو اور ناقص نکاسی کی وجہ سے روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے اور بچوں اور بزرگوں کی صحت کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ رہائشیوں نے مطالبہ کیا کہ مقامی انتظامیہ فوری طور پر اس اسٹریٹ کی مکمل صفائی، کچرے کی بروقت نکاسی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے۔

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

بارڈر کی بندش سے بیروزگاری اور بدامنی میں اضافہ ہوا، ریحانہ جالب

لاکھوں خاندان بھوک اور غربت کی چکی میں پس رہے ہیں، وفاقی حکومت بارڈر ٹریڈ بحال کرنے کیلئے فوری اقدامات کرے

لاکھوں افراد کے بے روزگار ہونے سے دہشت گردی اور پرتشدد واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، سیاسی و سماجی رہنماء

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاسی و سماجی رہنما ریحانہ حبیب جالب بلوچ نے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال کو انتہائی مخدوش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی اور تشدد کے واقعات بڑھ رہے ہیں، جبکہ سرحدوں کی مسلسل بندش نے تجارت اور روزگار کو تباہ کر دیا ہے۔ انہوں نے سماجی ویب سائٹ پر جاری بیان میں کہا کہ لاکھوں خاندان بھوک اور غربت کی لپیٹ میں ہیں۔ چوری کی وارداتوں میں اضافے نے شہریوں میں عدم تحفظ کا احساس بڑھا دیا گیا ہے۔ ریحانہ جالب بلوچ کا کہنا ہے کہ بجلی، گیس اور پانی کی قلت اور بھاری بھر بلوں نے روزمرہ زندگی کو ترک بنا دیا، بے روزگاری کی لہر نے نوجوانوں کو مایوس کر دیا، جبکہ مہنگائی آسمان چھو رہی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ فوری طور پر سرحدیں کھولیں، سیکیورٹی بہتر بنائی جائے اور ریلیف پیکجز دیے جائیں ورنہ عوام کی بے چینی ایک سنگین صورت اختیار کر سکتا ہے۔

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد ملاقات کر رہے ہیں

سیاست کو عوام کی خدمت کا ذریعہ سمجھتے ہیں، زرک مندوخیل

حلقے کے نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کیلئے اقدامات کئے جائینگے، بات چیت

(اے این این) بلوچستان اسمبلی کے رکن اور نامور عوامی رہنما شیخ زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ سیاست کو ذاتی مفاد کا ذریعہ نہیں بلکہ عوام کی خدمت کا ذریعہ سمجھتے ہیں عوامی خدمت کو وہ عبادت سمجھ کر انجام دیتے ہیں اور اپنی تمام تر سیاسی توانائیاں حلقے کے مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی پر مرکوز کیے ہوئے ہیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی واضح رہے کہ شیخ زرک مندوخیل نے گزشتہ چند مہینوں کے دوران اپنے حلقہ انتخاب میں متعدد ترقیاتی منصوبوں کا آغاز اور تکمیل یقینی بنائی، جن میں دیہی سڑکوں کی پختگی، پینے کے صاف پانی کی اسکیمیں، بنیادی صحت مراکز کی اپ گریڈیشن، اور تعلیمی اداروں کی تعمیر و مرمت شامل ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو دہائیوں سے نظرانداز کیا جاتا رہا ہے، لیکن اب ہم نے تہیہ کر لیا ہے کہ اپنے حقوق کے لیے آواز بھی بلند کریں گے اور عملی کاموں سے بھی فرق پیدا کریں گے انہوں نے کہا کہ حلقے کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے مختلف اقدامات اٹھائے ہیں جن میں ہنر سکھانے کے مراکز، اسکالرشپ پروگرامز، اور سرکاری ملازمتوں میں میرٹ کی بنیاد پر شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے عملی کوششیں شامل ہیں انہوں نے کہا کہ نوجوان ہمارا سرمایہ ہیں، اگر ہم نے انہیں نظرانداز کیا تو ہمارا مستقبل تاریک ہوگا تعلیم، تربیت اور روزگار کی سہولیات ہر نوجوان کا بنیادی حق ہیں انہوں نے کہا کہ میرے دروازے عوام کے لیے ہر وقت کھلے ہیں، ہم نے وعدے نہیں، عمل سے کام کیا ہے ان شاء اللہ ترقی کا یہ سفر جاری رہے گا اور بلوچستان کو محرومیوں سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے۔

انجینئرنگ کونسل ایکٹ ملازمین پر لاگو نہیں ہوتا، نور زمان

ڈپلومہ انجینئرز کی پروموشن میں مداخلت قابل مذمت ہے، ابراہیم زہری

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کے صوبائی صدر نور زمان کاکڑ، نائب صدر حضرت علی اچکزئی، جنرل سیکرٹری حاجی محمد ابراہیم زہری، پریس سیکرٹری خالد جاوید، کریم بلوچ، اسلم گھمیران، بی اینڈ آر ڈبلیو کے انجینئر زہری، ایری گیشن زون کے صدر نادر شاہ، بی ڈی اے کے صدر عارف بنگلزئی، یعقوب مندوخیل، لوکل گورنمنٹ کے نور احمد قمبرانی، امین اللہ کاسی، ٹیکنیکل ونگ کے صدر حفیظ زہری اور اربن ڈیپارٹمنٹ کے ظہور مینگل نے ایک مشترکہ بیان میں انجینئرنگ کونسل کے چیف سیکرٹری بلوچستان کو لکھے گئے گمراہ کن خط کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ انجینئرنگ کونسل کے ارباب اختیار کے خلاف انجینئرنگ کونسل ایکٹ 1976 اور عدالتی فیصلوں کی بار بار غلط تشریح کرنے پر سخت قانونی کارروائی کی جائے کیونکہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے پٹیشن نمبر 52 کے نتیجے میں 1995 میں طے کر دیا تھا۔

پی ای سی کا پروموشن میں کوئی کردار نہیں، ایٹا بلوچستان

بی ٹیک ڈگری ہولڈرز کی ترقی میں مداخلت قابل مذمت ہے، اسرار اللہ

کوئٹہ (این این آئی) بیگ انجینئرنگ ٹیکنالوجسٹس ایسوسی ایشن (ایٹا بلوچستان) کے صوبائی صدر اسرار اللہ کاکڑ، جنرل سیکرٹری مزمل الرحمن اور کابینہ کے دیگر اراکین نے مشترکہ طور پر بیان میں پاکستان انجینئرنگ کونسل کی بی ٹیک ڈگری ہولڈرز کی ایگزیکٹو انجینئرز کے عہدے پر پروموشن میں مداخلت کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے بی ٹیک بانرز اور انجینئرنگ کے ایکویلنسی کیس کے فیصلے میں واضح احکامات ہے کہ PEC کو پروموشن اور نوکریوں میں کوئی اختیار نہیں یہ صرف حکومت کا صوابدیدی اختیار ہے اور مزید یہ کہ PEC ایکٹ کسی ملازم پر لاگو نہیں ہوتا اور ایک طرف PEC ٹیکنالوجی ڈگری والوں کو رجسٹر کرنے کا پروپوزل SIFC میں پیش کر رہا اور دوسری طرف انکی ٹانگیں کھینچ رہا ہے کہ جو بدنیتی پر مبنی ہے اور ٹیکنالوجی ڈگری والے اس حوالے سے قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

بلوچستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے مالک ہیں، ڈاکٹر طاہر رشید

اگر نوجوانوں کو معاشی طور پر مستحکم کرنے پر توجہ دی جائے تو بلوچستان کا مستقبل مزید مضبوط اور روشن و بااختیار ہو سکتا ہے

بلوچستان کے نوجوان رائز پروگرام کے تحت مواقعوں سے فائدہ اٹھائیں، بی آر ایس پی کے زیر اہتمام تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر طاہر رشید نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے حامل ہیں اور اگر وہ اعتماد کے ساتھ آگے بڑھیں تو صوبے کا مستقبل نہایت روشن ہو سکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کوئٹہ میں ایک تعارفی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (بی آر ایس پی) نے حکومت بلوچستان کے تعاون سے شروع کیے گئے رائز پروگرام کے تحت خاران، واشک، پنجگور، آواران، کیچ اور گوادر کے اضلاع کے نوجوانوں کے لیے مختلف یونیورسٹیوں میں خصوصی معلوماتی اور آگاہی سیشنز کا آغاز کیا ہے۔ ان سیشنز کا بنیادی مقصد نوجوانوں میں معاشی خودمختاری، سماجی ذمہ داری اور قیادت کا جذبہ پروان چڑھانا ہے، تاکہ وہ اپنے مستقبل اور اپنے صوبے کی بہتری کے لیے مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی کے طور پر بی آر ایس پی نے سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کوئٹہ میں ایک تعارفی سیشن منعقد کیا جس میں ان اضلاع سے آئی ہوئی طالبات نے بھرپور دلچسپی کے ساتھ شرکت کی۔ بی آر ایس پی ٹیم نے شرکا کو رائز پروگرام کا جامع تعارف پیش کیا، اس کے مقاصد، مختلف اجزا اور اس بات پر روشنی ڈالی کہ یہ پروگرام کس طرح بلوچستان کے نوجوانوں کو معاشی طور پر مضبوط، خود کفیل اور بااختیار بنانے میں مدد فراہم کرے گا۔ سیشن سے بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر طاہر رشید نے طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے حامل ہیں اور اگر نوجوانوں کو مواقع فراہم کئے جائیں تو وہ صوبے کا مستقبل نہایت روشن کر سکتے ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں کو رائز پروگرام کے تحت معاشی مواقعوں سے بھرپور فائدہ اٹھانے، اپنے ہنر کو نکھارنے اور اپنے کی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کی تاکید کی۔ آخر میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ بلوچستان کا مستقبل نوجوانوں کو معاشی طور پر مستحکم کرنے سے ہی مزید مضبوط، روشن اور بااختیار ہوگا جس میں رائز پروگرام اہم امکانات کی طرف ایک طاقتور قدم ہے۔

کوئٹہ: چیئرمین بلوچستان کریسنٹ ایڈ پاسبان آصف جان مستحقین میں راشن تقسیم کر رہے ہیں

ٹرانسپورٹ کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے، سیکرٹری

بہترین اور ماحول دوست سفری سہولیات کی فراہمی حکومتی ترجیح ہے، گرین بسوں کی تعداد میں مزید اضافہ کیا جائے گا

سیکرٹری ٹرانسپورٹ کا دیگر افسران کے ہمراہ گرین بس میں سفر، سہولت سے متعلق مسافروں سے گفتگو، تجاویز بھی لیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ حیات کاکڑ نے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹ کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے، عوام کو بہترین اور ماحول دوست سفری سہولت کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، گرین بس کے روٹ پر چلنے والی بسوں میں مزید اضافہ ہوگا، عوام کے رائے سے سفری سہولت کو مزید بہتر بنانے کیلئے کوششیں کرینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گرین بس میں سفر کے دوران عوام سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ حیات کاکڑ نے بدھ کے روز گرین بس میں محکمہ ٹرانسپورٹ کے دیگر آفیسران کے ہمراہ سفر کیا، گرین بس کو مزید بہتر بنانے کیلئے سفر کرنے والے مسافروں سے بات چیت کی اور عوام سے حکومت بلوچستان کے گرین بس منصوبے سے متعلق ان کی آراء طلب کی۔ اس موقع پر سیکرٹری پی ٹی اے عبدالمجید جوگیزئی، سیکرٹری آر ٹی اے محمد علی درانی، ڈائریکٹر بی آئی ٹی اے شکیل احمد اور ڈائریکٹر بی پی پی اے محمد امجد بھی تھے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کے افسران نے گرین بس میں عوام کے ساتھ سفر کیا اور سروس کے تمام پہلوؤں کا باریکی سے جائزہ لیا۔ دوران سفر انہوں نے مسافروں سے گفتگو کی اور سروس سے متعلق آراء اور تجاویز حاصل کیں۔ شہریوں کی اکثریت نے گرین بس سروس کو خوش آئند اور وقت کی ضرورت قرار دیا۔ انہوں نے اس سہولت کو عوام کے لیے ایک مثبت اقدام قرار دیتے ہوئے حکومت کا شکریہ ادا کیا۔ تاہم، کچھ شہریوں نے سروس میں بہتری کے لیے تجاویز بھی پیش کیں، جیسے کہ بسوں کی روانگی کے وقت میں بہتری، بس اسٹاپ کی صفائی، اور بسوں کی تعداد میں اضافہ۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ نے اس موقع پر کہا کہ گرین بس سروس کو مزید بہتر بنانے کے لیے عوامی رائے کو مدنظر رکھا جائے گا۔ انہوں نے عوام کے تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو باوقار، آرام دہ اور سستی سفری سہولیات فراہم کرنا حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے۔ یہ معائنہ، گرین بس سروس کی افادیت، شفافیت اور عوامی اعتماد کو مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 26 فروری 2026ء

تعمیر و ترقی کے اہداف۔ وسیع تر قومی ہم آہنگی و احساس ذمہ داری کی ضرورت

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے اتحادی جماعتوں کے مابین ہم آہنگی اور مشاورت کو قومی استحکام اور پالیسیوں کے تسلسل کے لئے ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مخلوط حکومت میں شامل جماعتوں کے باہمی تعاون سے قومی ترقی کا سفر مزید تیز کیا جا سکتا ہے، وفاقی حکومت سندھ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی جلد از جلد تکمیل کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے وزیر اعظم سے گزشتہ روز ملاقات کی وزیر اعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت سندھ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی جلد از جلد تکمیل کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اتحادی جماعتوں کے درمیان ہم آہنگی اور مشاورت قومی استحکام اور پالیسیوں کے تسلسل کے لئے ناگزیر ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب ملکی سیاسی منظر نامے میں حکومت اور اپوزیشن کی شدید کشمکش اور تفرقہ بازی نے قومی سیاست کو گہرے دھچکے دیے ہیں وزیر اعظم شہباز شریف کا بیان ایک اہم پیغام فراہم کرتا ہے۔ وزیر اعظم نے اتحادی جماعتوں کے مابین ہم آہنگی اور مشاورت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس سے نہ صرف قومی استحکام آئے گا بلکہ ملکی ترقی کا عمل بھی تیز ہوگا عین حقیقت بھی یہی ہے تعمیر و ترقی کا سفر تمام سیاسی جماعتوں کی احساس ذمہ داری سے مشروط ہے پاکستان کو آج جن سنگین مسائل اور چیلنجز کا سامنا ہے، وہ کسی سے ڈھکے چھپے نہیں ہیں۔ اقتصادی بحران، سیاسی عدم استحکام، سماجی تفریق جیسے مسائل نہ صرف حکومت کی پریشانیوں کا باعث بنے ہیں، بلکہ عوامی سطح پر بھی مایوسی اور بے چینی میں اضافہ ہوا ہے۔ اس صورت حال میں وزیر اعظم شہباز شریف کا یہ پیغام کہ مخلوط حکومت میں شامل جماعتوں کا باہمی تعاون ملکی ترقی کو تیز کر سکتا ہے، دراصل اس بات کا غماز ہے کہ ملک کی ترقی کا انحصار صرف حکومت تک محدود نہیں رہ سکتا، بلکہ اپوزیشن اور دیگر تمام سیاسی جماعتوں کو بھی اس میں اپنا فعال اور تعمیری کردار ادا کرنا ہوگا۔ وزیر اعظم کی جانب سے اتحادی جماعتوں کے تعاون کو تیز کرنے کی ضرورت پر زور دینا ایک اچھا قدم ہے، لیکن یہ اس بات کا بھی غماز ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفادات کو مقدم رکھنا ہوگا۔ اس وقت پاکستان میں حکومت اور اپوزیشن دونوں کے مابین تناؤ کی صورت حال ہے۔ اپوزیشن جماعتوں کے خلاف حکومت کی کارروائیاں اور ان کی جانب سے حکومت کو ہدف تنقید بنانا اس تنگی کا سبب بن رہا ہے۔ تاہم ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ اس نوعیت کے اختلافات سے نہ تو کسی فریق کو فائدہ پہنچ رہا ہے اور نہ ہی عوام کی زندگی میں کسی قسم کی بہتری آ رہی ہے۔ پاکستان جیسے ملک میں جہاں مشکلات اور چیلنجز کی ایک طویل فہرست ہے، وہاں حکومت اور اپوزیشن کے مابین اختلافات کا بوجھ صرف عوام پر پڑتا ہے۔ اس وقت وطن عزیز کو جو سنگین مسائل درپیش ہیں، ان میں معاشی مشکلات، دہشت گردی، اور بین الاقوامی تناؤ کے ساتھ ساتھ اندرونی سیاسی استحکام کی کمی بھی ایک بڑی پریشانی ہے۔ ان تمام مسائل سے نمٹنے کے لئے ہر سیاسی جماعت کو اپنی ذمہ داری کا ادراک کرتے ہوئے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنا ہوگا۔ موجودہ حالات میں حکومت کو ایک طرف عوام کی امیدوں پر پورا اترنے کے لئے اپنی پالیسیوں میں تیزی لانے کی ضرورت ہے، تو دوسری طرف اپوزیشن کو بھی اس بات کا احساس کرنا ہوگا کہ ان کا کردار صرف تنقید کرنے تک محدود نہیں ہو سکتا۔ عوام کی فلاح و بہبود اور ملکی ترقی کے لئے مثبت تجاویز اور تعمیری مشوروں کی ضرورت ہے، تاکہ کسی بھی حکومت کو اپنی پالیسیوں پر عمل درآمد میں مدد مل سکے۔ حکومت اور اپوزیشن دونوں کو اس بات کو سمجھنا ہوگا کہ عوامی مفاد میں باہمی تعاون اور اتحاد کے بغیر پاکستان کی ترقی ممکن نہیں ہو سکتی۔ سیاسی جماعتوں کی باہمی ہم آہنگی سے نہ صرف حکومت کی کارکردگی میں بہتری آئے گی، بلکہ اس سے عوام کے اعتماد میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس وقت ملک میں جو غیر یقینی کی فضا ہے، وہ صرف سیاسی جماعتوں کے مابین بات چیت اور اتفاق رائے سے ہی ختم کی جا سکتی ہے۔ وزیر اعظم نے اس بات کا اعتراف کیا کہ پیپلز پارٹی وفاق کی اہم اتحادی جماعت ہے، اور اسی طرح دیگر جماعتوں کو بھی ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کی ضرورت ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ تمام جماعتیں ایک ہی نقطہ نظر پر ہوں، بلکہ انہیں اختلافات کے باوجود ایک دوسرے کی رائے اور پالیسیوں کا احترام کرتے ہوئے قومی مفاد کے لئے کام کرنا ہوگا۔ پاکستان کی تاریخ میں مخلوط حکومتوں کا کردار ہمیشہ اہم رہا ہے۔ جب مختلف جماعتیں مل کر حکومت میں شامل ہوتی ہیں تو ان کے مابین اتحاد اور ہم آہنگی کی ضرورت مزید بڑھ جاتی ہے۔ یہ بات درست ہے کہ اس وقت مخلوط حکومتوں میں شامل جماعتوں کے باہمی تعاون سے قومی ترقی کی رفتار تیز ہو سکتی ہے، لیکن اس کا اصل مقصد عوام کی فلاح اور ملکی استحکام ہونا چاہئے۔ وزیر اعظم نے اسی نکتے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت سندھ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی جلد تکمیل کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی، جو کہ ایک مثبت قدم ہے۔ پاکستان کے لئے آئندہ سالوں میں مزید چیلنجز درپیش ہوں گے۔ عالمی سطح پر پاکستان کی معیشت کو جو مشکلات لاحق ہیں، وہ بھی کسی سے پوشیدہ نہیں۔ اسی طرح اندرونی سطح پر بھی سیاسی اور سماجی مسائل کے حل کے لئے اتفاق رائے کی ضرورت ہے۔ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیر اعظم کا یہ کہنا کہ مخلوط حکومتوں کے درمیان ہم آہنگی سے ترقی کے عمل میں تیزی لائی جا سکتی ہے، ایک سنجیدہ اور ضروری پیغام ہے۔ یہ سمجھنا بہت ضروری ہے کہ پاکستان کا ترقیاتی سفر کسی ایک جماعت کے سہارے نہیں چل سکتا۔ جب تک تمام سیاسی جماعتیں اپنے ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد میں یکجا نہیں ہوتیں، اس وقت تک ترقی کا خواب حقیقت نہیں بن سکتا۔ حکومت اور اپوزیشن دونوں کو یہ احساس کرنا ہوگا کہ اگر ملک میں جمہوری استحکام کو قائم رکھنا ہے تو انہیں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنا ہوگا۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا یہ پیغام کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان ہم آہنگی اور تعاون قومی استحکام اور ترقی کے لئے ضروری ہے، ایک دور اندیش اور حکیمانہ سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ ملک میں جمہوری استحکام اور عوامی فلاح کے لئے تمام سیاسی جماعتوں کو ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنے کی ضرورت ہے، چاہے وہ حکومت میں ہوں یا اپوزیشن میں۔ جب تک ہم سب اپنے ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد میں متحد نہیں ہو جاتے، تب تک پاکستان کے ترقی کے خواب کو حقیقت میں بدلنا ممکن نہیں ہوگا۔

سی ڈی ایف کا تاریخی دورہ میونخ

میڈیا آئی — عبدالباسط علوی

دل کشا منظر دیکھنے کی منتظر ہے نگاہ!

قرطاس — ناصف اعوان

یوٹیوب پر چھائے بھارتی صحافیوں کا پاکستان مخالف ایجنڈہ

برملا — نصرت جاوید

اذیت پسندی اور جیل کا لطف

حقائق

غربت کا بڑھتا ہوا بوجھ اور ریاستی ترجیحات کا امتحان

منظر نامہ



ماہِ رمضان کے بابرکت ایام

خیال حمید

اللہ کے ہم جیسے بندوں پر بے شمار انعامات ہیں جن میں سے ایک اہم انعام رمضان کے بابرکت ایام ہیں اس پر جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے اللہ اپنے بندوں کی بخشش نہ چاہتا تو ایسے انعامات سے ہرگز نہ نوازتا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رمضان المبارک کی بڑی فضیلت بتائی ہے آپ

دین اسلام کتنا سادہ، عام فہم اور مکمل ضابطہ حیات ہے کہ اس میں ہر پہلو کے حوالے سے وضاحت

عمرانی ہیلی کاپٹر سے مریم فیم گلگری جہاز تک

لعل و گوہر — روشن لعل

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

[illegible]

اطلاع عام

پلاٹ نمبر SD-13 رقبہ 300 فٹ واقع بس اسٹینڈ بزار گنجی کوئٹہ اس وقت محمد اعظم ولد غلام محمد کے نام پر ہے کی ٹرانسفر عبدالنافع ولد عبدالخالق کے نام کرنا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No..........62812

اطلاع عام

پلاٹ نمبر CM-16 رقبہ 3100 فٹ واقع گریٹ باردانہ مارکیٹ بزار گنجی کوئٹہ اس وقت سید محمد، محمد قاسم، صالح محمد ولد حاجی عبدالصمد کے نام پر ہے کی ٹرانسفر فخرالدین ولد قمرالدین کے نام کرنا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No..........62812

تلاش گمشدہ

میری گاڑی نمبر BF1799 کی فائل بمعہ کارڈ پشتون آباد میں کہیں گم ہوگیا ہے اطلاع دینے والے کو 10000 نقد انعام دیا جائیگا۔ المشتہر فضل محمد رابطہ نمبر 03133813366

حسن اسٹاف ....

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ ... 5430320494963 ... (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA PISHIN-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ ... 5440062928429 ... (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA QUETTA-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ ... 5440005516939 ... (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA QUETTA-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ ... 5150347176941 ... (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA LASBELA/ HUB ONEAPP

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ ... 5440009469481 ... (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA QUETTA-SFU

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ ... 5140112036691 ... (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA KHUZDAR ONEAPP

اطلاع عام

درخواست بابت جانشینی سرٹیفکیٹ ... 5440005119285 ... (14) یوم کے اندر زیر دستخطی حاضر ہو کر عذر داخل کریں۔

INCHARGE SFU, NADRA QUETTA-SFU

سمیع زرکون، توانا اور باصلاحیت عوامی رہنما

تحریر: نعیم زرکون ایڈووکیٹ

[illegible] ... ہوں، ان کی ثابت قدمی اور خلوص کے معترف ہیں۔ 29 جنوری کو رکھنی میں کوہ سلیمان ڈویژن کے قیام کے لیے منعقد ہونے والے تاریخی جلسے میں چیئرمین سمیع زرکون نے زرکون قوم کی بھرپور قیادت کرتے ہوئے ایک نئی مثال قائم کی۔ ان کی اپیل پر ہزاروں افراد نے شرکت کی اور اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کی۔ یہ اجتماع صرف ایک ... اور بامقصد نوجوان ہیں۔ اگر نوجوان متحد ہو کر اور مثبت کردار ادا کریں تو کوئی طاقت انہیں ترقی سے نہیں روک سکتی۔ بلاشبہ چیئرمین سمیع زرکون آج زرکون قوم کی قیادت کی علامت بن چکے ہیں۔ ان کی بصیرت، جرات اور عوامی خدمت کا جذبہ انہیں ایک ابھرتا ہوا قومی رہنما بناتا ہے۔ ان کی قیادت ہم ایک روشن اور باوقار مستقبل کی طرف بڑھ رہے ہیں۔

صفائی ہمارا فرض ہے، عوام کی خدمت کیلئے ہر وقت تیار ہیں، محمد صالح

عوام کے تعاون سے شہر کو صاف ستھرا بنانے کیلئے ہر دم تیار ہیں، چیف آفیسر

[illegible] ... کی جائیں چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار وڈیرہ محمد صالح جاموٹ نے کہا ہے کہ "صفائی ہمارا فرض ہے، ہم عوام کی خدمت کیلئے ہر وقت تیار ہیں میئر میونسپل کارپوریشن میر محمد آصف جمالدینی، ڈپٹی جمیل قادر زہری نے بھی صفائی مہم کا معائنہ کیا اور ٹیموں کو خراج تحسین کیا۔ انہوں نے کہا کارپوریشن کی ٹیم سردی کے باوجود اپنے ڈیوٹی کو سرانجام دے رہے ہیں یہ انکے جانفشانی اور اپنے ... خدمات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں صحافی کیدوران انجلی ریحان زرکزئی بھی موجود تھے۔

ڈیرہ مراد جمالی، ماہ مقدس میں مہنگائی عروج پر

سفید پوش طبقہ نان شبینہ کا محتاج

[illegible]

ڈی سی چمن حبیب بنگلزئی کا جاری میٹرک کے امتحانات کا دورہ

دوران امتحان امتحانی احاطے میں کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو نہ چھوڑا جائے

[illegible]

چمن، ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی میٹرک کے امتحانی سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں

شہری کا بروقت دادرسی پر وفاقی محتسب سے اظہار تشکر

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار وفاقی محتسب سیکریٹریٹ ریجنل آفس خضدار نے ایک اور مستحق شہری کو بروقت انصاف اور مالی ریلیف فراہم کرتے ہوئے اپنی موثر کارکردگی کا عملی مظاہرہ کیا۔ وڈھ محلہ کے رہائشی ضلع خضدار کے رہائشی عبداللہ کو پاکستان بیت المال کی جانب سے مالی امداد کے حصول میں مشکلات کا سامنا تھا، جس پر انہوں نے داد رسی کے لیے وفاقی محتسب پر رجوع کیا درخواست موصول ہونے پر وفاقی محتسب اعلیٰ کے احکامات کی روشنی میں ریجنل آفس خضدار نے فوری طور پر متعلقہ ادارے سے رابطہ کیا اور معاملے کی مکمل پیروی کی وفاقی محتسب کی موثر مداخلت اور بروقت کارروائی کے نتیجے میں پاکستان بیت المال خضدار نے درخواست گزار کا مسئلہ حل کرتے ہوئے 20,000 روپے کا چیک جاری کر دیا درخواست گزار نے بروقت دادرسی اور مسئلے کے حل پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اگر وفاقی محتسب کا فورم موجود نہ ہوتا تو انہیں اپنا حق حاصل کرنے میں مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا خضدار کے عوامی حلقوں نے بھی وفاقی محتسب خضدار کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے غریب، نادار اور مستحق افراد کے لیے ایک موثر قابل اعتماد اور امید کی کرن قرار دیا ہے جہاں شہریوں کو بلا معاوضہ اور فوری انصاف فراہمی ممکن ہو رہی ہے۔

رمضان المبارک میں ہوٹلوں کا کھلا رہنا قابل افسوس ہے، صوفی خاوند بخش

گنداخہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستہ محمد کے امیر صوفی خاوند بخش چنہ، جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی اور دیگر کابینہ اراکین نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے رمضان المبارک آرڈیننس پر مؤثر عملدرآمد نہ ہونے پر گہری تشویش اور شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ہوٹلوں اور دیگر کاروباری مراکز کا دن کے اوقات میں کھلا رہنا نہ صرف آرڈیننس کی خلاف ورزی ہے بلکہ عوام کے مذہبی جذبات کو بھی مجروح کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ انتظامیہ کی جانب سے متعدد نوٹسز اور ہدایات جاری کرنے کے باوجود زمینی سطح پر کسی سنجیدہ کارروائی کا فقدان ہے، جس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ احکامات محض کاغذی کارروائی تک محدود ہیں۔ جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں نے واضح کیا کہ چند عناصر سرکاری احکامات کو نظرانداز کرتے ہوئے اپنی مرضی کے مطابق کاروبار جاری رکھے ہوئے ہیں، جو قانون کی عملداری پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں اور شہر بھر میں مؤثر نگرانی کا نظام قائم کیا جائے تاکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ رہنماؤں نے خبردار کیا کہ اگر ضلعی انتظامیہ نے فوری اور مؤثر اقدامات نہ کیے تو جمعیت علماء اسلام ضلع اوستہ محمد رمضان احترام آرڈیننس کے تحت اپنا باقاعدہ لائحہ عمل ترتیب دے گی۔

سرکاری نرخوں کی مکمل پابندی کو یقینی بنایا جائے، عبداللہ کھوسہ

بارکھان (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر و چیئرمین ڈسٹرکٹ پرائس کمیٹی ضلع بارکھان عبداللہ کھوسہ نے رمضان ستا بازار اور مرکزی بازار کا اچانک اور تفصیلی دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر خادم حسین بھنگر، ایس ایچ او بارکھان منور خان اور تحصیلدار بارکھان فاضل خان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف اسٹالز اور دکانوں کا معائنہ کرتے ہوئے سرکاری نرخ ناموں کی دستیابی، اشیائے خورد و نوش کے معیار، مقدار اور قیمتوں کو خود چیک کیا۔ انہوں نے دکانداروں کو سختی سے ہدایت جاری کی کہ سرکاری نرخوں کی مکمل پابندی کو یقینی بنایا جائے اور ناجائز منافع خوری سے ہر صورت گریز کیا جائے۔

حکومت پٹرول سمیت دیگر اشیاء کی قیمتوں میں کمی کریں، عوامی حلقے

بھاگ ناڑی (اے این این) حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری دنیا میں رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے آغاز پر قیمتوں میں کمی کر دی جاتی ہے مگر یہاں برعکس ہے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کا طوفان آئے گا رمضان المبارک رحمت برکت اور آسانی کا مہینہ ہے مگر حکومت نے اس مقدس مہینے کو بھی مہنگائی کے عذاب میں تبدیل کر دیا ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی سماجی حلقوں نے میڈیا سروے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات میں اضافہ صرف ایندھن تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے اثرات براہ راست اشیاء خورد و نوش ٹرانسپورٹ کرایوں اور روزمرہ ضروریات کی قیمتوں میں اضافے کی صورت میں منتقل ہوتا ہے پہلے ہی مہنگائی نے عوام سے دو وقت کی روٹی کا نوالہ چھین لیا ہے

درخت زمین کا زیور قدرتی آفات روکنے میں مددگار ہیں، کمشنر لورالائی

سکولوں، کالجوں سرکاری دفاتر مرکز صحت، پبلک مقامات اور قومی شاہراہوں پر درخت لگائے جائیں گے

کسی بھی ملک میں 25 فیصد جنگلات ضروری ہیں، ہمارے ملک میں صرف 5 فیصد درخت ہیں جو بہت کم ہے

اساتذہ سمیت تمام سرکاری ملازمین، معاشرے کا فرد شجر کاری مہم کے دوران نئے عزم کے ساتھ کردار ادا کرے

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے کہا کہ درخت زمین کا زیور اور معاش کا اہم ذریعہ ہیں قدرتی آفات روکنے میں مددگار ہیں جہاں درخت زیادہ ہوتے ہیں وہاں بارشیں بھی زیادہ ہوتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف لورالائی کے سبزہ زار میں شجر کاری مہم کے درخت لگا کر افتتاح کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ، پرنسپل بی آر سی ڈاکٹر عبدالصمد اچکزئی، ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ، ایس ایس پی لورالائی، پرو وائس چانسلر پروفیسر عادل خان بازئی و دیگر موجود تھے انہوں نے کہا کہ اس بار شجر کاری مہم کے دوران سکولوں، کالجوں سرکاری دفاتر مرکز صحت، پبلک مقامات اور قومی شاہراہوں پر بھی زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ درختوں کی دیکھ بھال بھی ضروری ہے کسی بھی ملک میں 25 فیصد جنگلات ضروری ہیں بدقسمتی سے ہمارے ملک میں صرف 5 فیصد درخت ہیں جو بہت کم ہے اساتذہ سمیت تمام سرکاری ملازمین اور معاشرے کا فرد شجر کاری مہم کے دوران نئے عزم کے ساتھ کردار ادا کریں اور کم از کم ہر شخص ایک درخت ضرور لگا کر دیکھ بھال پر توجہ دے ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ نے اس موقع پر کہا کہ درخت لگانا صدقہ جاریہ اور وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ پودے لگانے کے ساتھ ساتھ ان کی حفاظت اور آبیاری پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ ضلعی سطح پر گرین بیلٹ میں اضافہ ہو سکے یونیورسٹی آف لورالائی کی جانب سے شجر کاری مہم خوش آئند اقدام ہے اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی

جعفرآباد، ڈی سی خالد خان سول ہسپتال کے دورے کے موقع پر حاضری رجسٹر چیک کر رہے ہیں

ماحولیاتی آلودگی، موسمیاتی تبدیلیاں سنگین چیلنج اختیار کر چکی ہیں، عزیز اللہ

لورالائی (خ ن) ریکٹر بائٹمز لورالائی انجینئر عزیز اللہ کی سربراہی میں ادارے کے اسٹاف نے شجر کاری مہم کے سلسلے میں بائٹمز کے احاطے میں مختلف اقسام کے پودے لگا کر مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا۔ اس موقع پر اساتذہ، انتظامی عملے اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور ماحول کو سرسبز و شاداب بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انجینئر عزیز اللہ نے کہا کہ موجودہ دور میں ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیاں ایک سنگین چیلنج کی صورت اختیار کر چکی ہیں، جن سے نمٹنے کے لیے شجر کاری ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ درخت نہ صرف ماحول کو صاف و شفاف بناتے ہیں بلکہ درجہ حرارت میں کمی، بارشوں کے نظام کی بہتری اور انسانی صحت کے تحفظ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک درخت لگانا دراصل آنے والی نسلوں کے محفوظ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بائٹمز لورالائی ایک تعلیمی ادارہ ہونے کے ساتھ ساتھ معاشرتی ذمہ داریوں کی ادائیگی پر بھی یقین رکھتا ہے اسی لیے شجر کاری جیسی مثبت سرگرمیوں کو باقاعدگی سے فروغ دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے اساتذہ اور طلبہ پر زور دیا کہ وہ پودے لگانے کے ساتھ ساتھ ان کی نگہداشت کو بھی یقینی بنائیں تاکہ یہ پودے تناور درخت بن کر علاقے کی خوبصورتی اور ماحولیاتی بہتری میں اپنا موثر کردار ادا کر سکیں۔ اس موقع پر ادارے کے اسٹاف نے شجر کاری مہم میں بھرپور حصہ لیا اور کیمپس کے مختلف حصوں میں پودے لگائے۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سبز لورالائی کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے مزید درخت لگانے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ اگر ہر فرد سال میں کم از کم ایک پودا بھی لگائے تو ماحولیاتی مسائل پر قابو پانے میں نمایاں مدد مل سکتی ہے۔

گنداواہ، ڈی سی جھل مگسی رحمت اللہ شاہ کی نگرانی میں کھلی کچہری

کھلی کچہری کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانا ہے

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سرکٹ ہاؤس گنداواہ میں ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی نگرانی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں ایف سی 151 ونگ جھل مگسی کے لیفٹیننٹ کرنل عاصم خان ایس پی جھل مگسی رحمت اللہ درانی، اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ پریم کمار و دیگر ضلعی افسران اور معززین معتبرین، صحافی برادری و عوام بڑی تعداد میں شرکت کی، عوام نے باری باری مسائل سنائے فوری طور پر ڈپٹی کمشنر جھل مگسی نے موقع پر حل کیے اور متعدد محکموں کو بھی ہدایت دی فوری حل کریں کھلی کچہری میں ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانا اور عوام کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنا ہے انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے آج خود ان کی دہلیز پر موجود ہیں تاکہ مسائل معلومات کر کے فوری اقدامات کیے جائیں عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ضلع بھر میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے بہت جلد ترقیاتی کام مکمل ہوتے ہی عوام براہ راست مستفید ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کیلئے ضلعی انتظامیہ متحرک ہے عوام پر بھی لازم کہ وہ اپنے مسائل پلیٹ فارم پر عیاں کرتے رہیں ہماری بھرپور کوشش رہے گی کہ حکومتی وژن کے مطابق اجتماعی عوام کے مسائل حل کیے جائیں

کوہلو، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا عام شہری کی شکایت پر فوری ایکشن

ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو میں ڈائیلاسز سروس بحال کرنے کے احکامات جاری

کوہلو (نمائندہ مشرق) عرصہ دراز سے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو میں واقع ڈائیلاسز یونٹ کے غیر فعال سے متعلق کوہلو کے ایک عام شہری کی بذریعہ واٹس ایپ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کو شکایت، شہری نے صوبائی وزیر کو ڈائیلاسز سینٹر میں اسٹاف، ضروری سامان کی عدم دستیابی اور مریضوں کی مشکلات سے متعلق آگاہ کیا۔ شکایت موصول ہوتے ہی، صوبائی وزیر صحت نے ڈائیلاسز پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر شوکت بلوچ کو فوری ہدایات جاری کیں کہ سینٹر کو بلاتاخیر فعال بنایا جائے تاکہ گردوں کے مریضوں کو علاج معالجے میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وزیر صحت کی ہدایات پر ofInstituteBalochistan QuettaUrology-Nephro (BINUQ) کی جانب سے باقاعدہ آفس آرڈر جاری کر دیا گیا ہے، جس کے تحت ڈائیلاسز ٹیکنیشن رحیم الدین کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو میں تعینات کر دیا گیا ہے

نصیرآباد، ڈی سی ذوالفقار علی کرار سکول داخلہ مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہائی وے کی سیکورٹی کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے، ڈی آئی جی نصیر آباد

حساس مقامات پر نئی چیک پوسٹیں قائم کی جائیں گی موٹرسائیکل اور موبائل گشت میں اضافہ کیا جائے

جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دیتے ہوئے ڈرون کیمروں کے ذریعے فضائی نگرانی بھی کی جائے گی

نصیرآباد (نامہ نگار) ڈی آئی جی نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ عاصم خان کے زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی سی پی برکت علی کھوسو، ڈی آئی جی ہائی وے بلوچستان ایاز احمد بلوچ، ایس ایس پی سبی شاہنواز خان جاچڑ، ایس ایس پی نصیر آباد اسد خان ناصر، ایس پی جھل معاذ الرحمان، ایس پی ہائی وے عبدالعزیز سرپرہ، اے ڈی آئی جی نصیر آباد علی حسن عمرانی، ایس پی اسپیشل برانچ محمد اکرم گشکوری، پیر بخش سیلاچی و دیگر آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہائی وے این 65 پر بڑھتی ہوئی ڈکیتی کی وارداتوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ان کی روک تھام کے حوالے سے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی آئی جی نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ عاصم خان نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہائی وے کی سیکیورٹی کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مربوط اور موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں اجلاس میں اہم فیصلے کیے گئے ہائی وے پر پولیس چوکیوں میں اضافہ کیا جائے گا اور حساس مقامات پر نئی چیک پوسٹیں قائم کی جائیں گی موٹرسائیکل اور موبائل گشت میں نمایاں اضافہ کیا جائے گا تاکہ فوری رسپانس یقینی بنایا جا سکے رات کے اوقات میں نگرانی موثر بنانے کے لیے تھرمل اسکوپس کا استعمال کیا جائے گا تاکہ اندھیرے میں مشتبہ سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی ممکن ہو جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دیتے ہوئے ڈرون کیمروں کے ذریعے فضائی نگرانی بھی کی جائے گی تاکہ وسیع علاقے کی موثر مانیٹرنگ ہو سکے اور جرائم پیشہ عناصر کی نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھی جا سکے ڈکیتی میں ملوث ملزمان کے خلاف انٹیلی جنس بنیادوں پر کارروائیاں تیز کی جائیں گی اور ان کے ٹھکانوں پر چھاپے مارے جائیں گے ڈی آئی جی نصیر آباد نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ باہمی رابطہ اور کوآرڈینیشن کو مزید مضبوط بنایا جائے تاکہ مسافروں کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ ہائی وے کو محفوظ بنانے اور جرائم کی روک تھام کے لیے سخت اور فیصلہ کن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بعدالت محمد ظریف تحصیلدار میر حسن

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی شیر محمد ولد شیر دل قوم بھنگر ساکن تحصیل میر حسن ضلع نصیر آباد نے ورثاء سرٹیفکیٹ وائس چیئرمین یونین کونسل شوری ذرائع سے تصدیق شدہ پیش کیا اور زبانی بتلایا کہ ہمارا باپ شیر دل ولد عیدل قوم بھنگر ساکن تحصیل میر حسن عرصہ دراز سے ایک فروری 2014 کو فوت ہو چکا ہے جائز ورثاء میں نمازی دختر شیر دل غلام نبی شیر محمد غازی خان نمانا پسران شیر دل اقوام بھنگر ساکنان میں موضع خالو وزیر تحصیل میر حسن میں انتقال وراثت کرانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض پیش کرنا ہو تو اندر سات یوم کے عذر اعتراض پیش کریں ورنہ انتقال وراثت درج کیا جائے گا آج یہ اشتہار مورخہ 25 فروری 2026 کو میرے مہر دستخط سے جاری ہوا

نمائندہ نصیر آباد

CORRIGENDUM

DATE EXTENSION

In continuation of B.D.A. advertisement published on 10-02-2026 in leading Newspapers vide AB No.826/09-02-2026.

The opening date for the said scheme with TSE-No.252602969793 may be read as 09th March 2026 instead of 26th February 2026.

Other terms and conditions shall remain the same.

Deputy Project Director.
Badini Terminal Pak-Afghan Boarder Balochistan Development Authority

AB No.902/25-2-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

PID(I)6986/25

امتحانی سینٹرز میں سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، ڈی سی خضدار

سالانہ میٹرک امتحانات کا وزٹ کریں نقل کے خاتمے میں کردار ادا کریں

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عابد حسین بلوچ ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر خضدار ڈاکٹر محمد نسیم لانگو، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر فیمیل پرنسپل ایلیمنٹری کالج خضدار ڈپٹی ڈسٹرکٹ افیسر ایجوکیشن وحید طارق بلوچ ڈپٹی کمشنر خضدار کے اسٹاف افیسر عنایت اللہ بلوچ اور دیگر افسران نے شرکت کی اجلاس میں تمام ڈی ڈی اوز نے رپورٹ پیش کیں ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی گئی اجلاس میں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے فیلڈ افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ وہ روزانہ کی بنیادوں پر ڈسٹرکٹ میں جاری تعلیم اور وہم کے سالانہ میٹرک امتحانات کا وزٹ کریں نقل کے خاتمے کیلئے کردار ادا کریں۔ امتحانی سینٹرز میں سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کہا کہ نان فنکشنل اسکول جواب ہوئے ہیں ان کے لیے کمیٹی بنا کے کیم مارچ تک کھول دیں گے انہوں نے کہا کہ تعلیم ایک اہم شعبہ ہے اس پر کسی قسم کا کمپرومائز نہیں کیا جائے گا اور میرٹ پر فیصلے کئے جائیں گے

بعدالت تحصیلدار کلکٹر درجہ اول بندوبست پشین

نوٹس آخری تصدیق

ہرگاہ کہ زیر دفعہ 26/118 لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ روزنامہ مشرق کوئٹہ 29 جنوری 2026 بذریعہ اشتہار موضع السعادات تحصیل سریاب ضلع کوئٹہ کی آخری تصدیق مورخہ 11/2/2026 رکھا گیا تھا بعد ازاں چند وجوہات کی وجہ سے عارضی طور پر ملتوی کیا گیا اور اب آخری تصدیق بتاریخ 3 مارچ 2026 کو ہو گی لہٰذا مقررہ تاریخ و مقام پر شالکوٹ پولیس تھانہ اپنے ثبوت و اثبات شخصی یا سندی اسناد یا وکلاء ہمراہ لائیں بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج یہ نوٹس بتاریخ 24/2/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

سبی میونسپل کمیٹی کے ملازمین تنخواہ و پنشن نہ ملنے کیخلاف سراپا احتجاج

عید الفطر سر پر ہے لوگ عید کی خریداری میں مصروف ہیں میونسپل کمیٹی کے ملازمین فاقہ کشی پر مجبور ہوگئے، اسماعیل شاہ

میونسپل کمیٹی سبی کے ملازمین کو فوری طور پر تنخواہیں فراہم کی جائیں، مسائل کے حل کیلئے اوزار چھوڑ احتجاج کی کال دینگے

طاہر وکٹر سہوترا، مراد رند و دیگر عہدیداروں کی جانب سے تجاویز پیش، اجلاس میں جدوجہد تیز کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

سبی (نمائندہ مشرق) میونسپل کمیٹی ایمپلائز یونین سبی کے زیر اہتمام تنخواہوں اور پنشن کی عدم ادائیگی کیخلاف احتجاج کا سلسلہ دوسرے روز بھی جاری درجنوں ملازمین کا میونسپل کمیٹی چوک پر شاہراہ بند کر کے احتجاج محکمہ فنانس اور محکمہ بلدیاتی کی نااہلی کیخلاف شدید نعرے بازی کی گئی احتجاج کے بعد ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت صدر سید اسماعیل شاہ نے کی جبکہ اجلاس میں جنرل سیکرٹری طاہر وکٹر سہوترا، نائب صدر محمد مراد رند سمیت دیگر عہدیداروں اور ملازمین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں میونسپل کمیٹی کے ملازمین کو درپیش مسائل خصوصاً تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ میونسپل کمیٹی ملازمین کو ماہ جنوری 2026 کی تنخواہیں تاحال ادا نہیں کی گئیں جبکہ عید سر پر ہے لوگ عید کی خریداری میں مصروف ہیں اور میونسپل کمیٹی سبی کے ملازمین تنخواہوں سے محروم ہیں اور ایسا لگتا ہے کہ اس بار میونسپل کمیٹی سبی کے ملازمین کی عید پھیکی گزرے گی انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی سبی کے ملازمین تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث ملازمین اور ان کے اہل خانہ شدید مالی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ ملازمین کے مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے اور تنخواہوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنایا جائے تاکہ ملازمین کی مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔ میونسپل کمیٹی یونین عہدیداران نے کہا کہ اگر ملازمین کے جائز مطالبات کو پورا نہ کیا گیا تو وہ احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں اور اپنے حقوق کے حصول کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھایا جائے گا۔

پاکستان سمیت دنیا بھر موسمیاتی تبدیلیوں کی زد میں ہے، کمشنر نصیر آباد

ہمیں شجرکاری مہم میں حصہ لینا ہوگا تاکہ موسمیاتی نقصانات سے محفوظ رہا جا سکے

نصیر آباد (نامہ نگار) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا ہے کہ موسمیاتی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ پودے لگانا وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے کیونکہ پاکستان سمیت دنیا بھر موسمیاتی تبدیلیوں کی شدید زد میں ہے، اس لیے ہمیں شجر کاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہوگا تاکہ آنے والی نسلوں کو موسمیاتی نقصانات سے محفوظ بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر آفس کے احاطے میں شجر کاری مہم کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی ہدایات کی روشنی میں شجر کاری مہم کو صوبہ بلوچستان کے اس اہم گرین بیلٹ یعنی نصیر آباد ڈویژن میں مزید وسعت دی جائے گی تاکہ علاقے کو سرسبز و شاداب بنایا جا سکے۔ اس موقع پر ایس ایس پی نصیر آباد اسد اللہ ناصر، سیاسی و قبائلی رہنما میر سرفراز خان کھوسہ اور میر سیف اللہ خان کھوسہ نے بھی پودے لگا کر شجر کاری مہم میں حصہ لیا۔ تقریب کے دوران ڈسٹرکٹ فارسٹ آفیسر عبدالعلیم لہڑی نے کمشنر کو شجر کاری مہم کے تحت کیے گئے اقدامات اور آئندہ حکمت عملی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ جنگلات زیادہ سے زیادہ پودے کاشتکاروں، زمینداروں اور عام شہریوں میں تقسیم کرے تاکہ سرکاری دفاتر، رہائش گاہوں، زرعی زمینوں اور دیگر مقامات پر بڑے پیمانے پر شجر کاری کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ پودے لگانا ہم سب کے وسیع تر مفاد میں ہے تاہم پودے لگانے کے ساتھ ساتھ ان کی نشوونما اور باقاعدہ آبیاری پر خصوصی توجہ دینا بھی انتہائی ضروری ہے کیونکہ پودا لگانا آسان مرحلہ ہے جبکہ اس کی حفاظت اور نگہداشت ایک مسلسل ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر پودوں کی مناسب دیکھ بھال کی جائے تو یہی پودے کچھ ہی عرصے میں تناور درخت بن کر ماحول کو بہتر بنانے، آلودگی میں کمی لانے اور موسمیاتی اثرات کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

لورالائی، کمشنر ولی محمد رمضان ستا بازار کا دورہ کر رہے ہیں

خضدار، بینکوں کے سامنے سے چار موٹر سائیکلیں چوری

خضدار (آن لائن) خضدار شہر میں چوروں کی جانب سے عیدی مہم شروع گزشتہ روز مختلف بینکوں کے سامنے سے چار موٹر سائیکل چوری ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ جس کے بعد شہریوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ بینکوں کے باہر دو، دو سیکیورٹی گارڈ موجود ہونے کے باوجود چور وارداتیں کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ متاثرہ افراد کا کہنا ہے کہ ایک غریب انسان بڑی مشکل سے قسطوں پر موٹر سائیکل خریدتا ہے تاکہ اپنے روزگار اور گھریلو سہولت کے لیے استعمال کر سکے، مگر قسطیں ابھی مکمل بھی نہیں ہوتیں کہ چور موٹر سائیکل چوری کر کے لے جاتے ہیں۔ اس صورتحال نے عوام کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ شہریوں نے پولیس کے اعلیٰ عہدیداران بالخصوص آئی جی، ایس ایس پی اور ایس ایچ او سے اپیل کی ہے

بختیار آباد سوئی سدرن گیس کی بے حسی دو ہفتوں سے گیس کی فراہمی معطل

گیس نہ ہونے کے باعث خواتین کو سحری اور افطار کے اوقات میں شدید دشواری کا سامنا ہے، شہری

شہری بغیر سحری روزہ رکھنے پر مجبور ہیں، گیس آفس کے چکر کاٹنے کی کوششیں بھی سودمند ثابت نہ ہو سکی

بختیار آباد (نمائندہ مشرق) محکمہ سوئی سدرن گیس کی بے حسی، گزشتہ دو ہفتوں سے گیس کی فراہمی معطل، گیس نہ ہونے کے باعث خواتین کو سحری اور افطار کے اوقات میں شدید دشواری کا سامنا، شہریوں کا حکام بالا سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق بختیار آباد شہر کے بڑے حصے کو گیس کی فراہمی گزشتہ دو ہفتوں سے مسلسل معطل ہے۔ بختیار آباد شہر کے چاچڑ محلہ میاں محلہ ڈوکی محلہ، سونگی محلہ سول اسپتال لائن گرلز اسکول، یونین کونسل آفس کے علاقوں سمیت بعض مقامات پر گیس کی فراہمی گزشتہ دو ہفتوں سے مکمل بند ہونے کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ گیس نہ ہونے کے باعث روزہ داروں کو سحری اور افطاری کے اوقات میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ شہریوں کے مطابق گیس کی فراہمی معطل ہونے کی وجہ سے بعض اوقات شہری بغیر سحری روزہ رکھنے پر مجبور ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر گیس آفس کے چکر کاٹنے کی کوششیں بھی سود مند ثابت نہ ہو سکی سب ڈویژنل ایس ڈی او سوئی سدرن گیس خواب خرگوش کے مزے لینے میں مصروف ہیں۔ شہریوں کا مزید کہنا ہے کہ مین پائپ میں سیوریج کا پانی آنے کی وجہ سے بختیار آباد شہر کے بڑے حصے کو گیس کی سپلائی معطل ہے۔ شہریوں کی جانب سے ایس ڈی او سوئی سدرن گیس کو بار بار نشاندہی کرانے کے باوجود بھی گیس حکام کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی انہوں نے کہا کہ سب ڈویژنل ایس ڈی او سوئی سدرن گیس کمپنی کی غفلت اور نااہلی کے باعث روزہ دار شدید پریشان ہیں۔ شہریوں نے ایم پی اے سبی سردار کوہیار خان ڈومکی، ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی، زونل منیجر سوئی سدرن گیس سبی ہدایت اللہ کھوسہ اور حکام بالا سے نوٹس لے کر متاثرہ پائپ لائن کی بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر کے گیس فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

خضدار کے مارکیٹوں میں غیر معیاری خوردنی آئل و گھی فروخت ہونے لگا

گلے اور سینے میں انفیکشن معدے کے امراض اور دیگر مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار کے مارکیٹوں میں غیر معیاری خوردنی آئل و گھی مبینہ فروخت ہونے لگی اس سے شہریوں کی صحت داؤ پر لگ گیا خضدار اشیاء خورد و نوش مارکیٹوں میں غیر معیاری اور لوکل تیار شدہ آئل و گھی کی کھلے عام فروخت جس کے باعث بالخصوص ماہ مبارک میں شہریوں کی صحت کو شدید خطرات لاحق ہو گئی ہے ان خیالات کا اظہار خضدار کے شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ شہر میں ناقص اور غیر معیاری خوردنی تیل کے استعمال سے گلے اور سینے میں انفیکشن معدے کے امراض اور دیگر طبی مسائل میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق بعض ہول سیل ڈیلرز سستی اور غیر معیاری آئل مارکیٹ میں سپلائی کر رہے ہیں جو بعد ازاں مختلف دکانوں اور ٹھیلوں پر فروخت ہو رہا ہے رمضان المبارک میں افطاری کے اوقات میں پکوڑے، سموسے، فرائز اور دیگر اشیاء کی تیاری میں کثرت سے آئل استعمال ہو رہی ہے، جس کی وجہ سے ناقص تیل کے مضر اثرات مزید بڑھ جاتے ہیں۔ شہری حلقوں نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی اور ڈپٹی کمشنر خضدار اور اسسٹنٹ کمشنر خضدار سے اپیل ہے کہ شہر کے تمام مارکیٹوں کا فوری جائزہ لیا جائے اور شہر غیر معیاری اور ایکسپائر شدہ خوردنی آئل و گھی کو ضبط کر کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ عوام کو معیاری اور محفوظ اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی ہو شہریوں نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے مطالبہ کیا ہے۔

سبی، ڈی سی جمعہ داد خان مندوخیل کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

سرکاری ملازمین کے جائز مطالبات کی حمایت کا اعلان کرتا ہوں، اظہار کھوسہ

نصیر آباد (نامہ نگار) سابق صوبائی وزیر میر اظہار حسین خان کھوسہ نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں صحبت پور، نصیر آباد ڈویژن سمیت بلوچستان بھر کے سرکاری ملازمین کے جائز مطالبات کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا ہے انہوں نے کہا کہ ملازمین طویل عرصے سے اپنے بنیادی اور قانونی حقوق کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں جن میں خصوصاً ڈسپیریٹی ریڈکشن الاؤنس (DRA) کا مطالبہ سر فہرست ہے میر اظہار حسین خان کھوسہ کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت سمیت ملک کے تمام صوبوں میں سرکاری ملازمین کو ڈی آر اے کی سہولت دی جا چکی ہے، لیکن بلوچستان کے ملازمین کو اب تک اس حق سے محروم رکھا گیا ہے جو سراسر ناانصافی کے مترادف ہے

ڈیرہ مراد جمالی: درجہ چہارم کے ملازمین میں راشن تقسیم

نادار طبقے تک سرکاری راشن کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جا رہا ہے، اے سی بہادر خان کھوسہ

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) حکومت بلوچستان کے احکامات پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ نصیر آباد کی جانب سے مستحق افراد میں راشن کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔ حکومت بلوچستان کی خصوصی ہدایات اور میر سرفراز بگٹی کی جانب سے فراہم کردہ رمضان راشن پیکج کے تحت کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ کے ہمراہ ڈیرہ مراد جمالی میں میونسپل کمیٹی کے محنت کش خاکروبوں اور دیہاڑی پر کام کرنے والے درجہ چہارم کے ملازمین میں ماہ صیام کا راشن تقسیم کیا۔ اس موقع پر غریب ملازمین نے ضلعی انتظامیہ کے اس اقدام کو بے حد سراہتے ہوئے کہا کہ اس امداد سے ان کے گھروں کے بجھے ہوئے چولہے دوبارہ جل اٹھے ہیں اور رمضان المبارک میں انہیں حقیقی سہارا ملا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نصیر آباد میں مستحق اور نادار طبقے تک سرکاری راشن کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جا رہا ہے اور اس عمل میں شفافیت کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے دی گئی ذمہ داری کو پوری دیانتداری کے ساتھ ادا کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور کسی بھی صورت حقدار افراد کی حق تلفی برداشت نہیں کی جائے گی۔ بعد ازاں سلیم خان ڈومکی نے ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے غریب اور مستحق ملازمین کو رمضان پیکج میں شامل کرنا قابل تحسین اقدام ہے جس سے نچلے درجے کے ملازمین کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔ اس موقع پر پٹواری فاروق احمد سیال اور اصغر رند بھی موجود تھے

بعدالت صدورا خان ابڑو نائب تحصیلدار میر حسن

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مصری خان ولد سومر خان قوم بھنگر ساکن مراد واہ نے ورثاء سرٹیفکیٹ چیئرمین یونین کونسل شاہ پور سے تصدیق شدہ پیش کیا اور بتلایا کہ میرا والد سومر خان ولد نظارا خان عرصہ دراز سے فوت ہو چکا ہے جائز وارث اکلوتا بیٹا مصری خان ولد سومر خان قوم بھنگر ہے تحصیل میر حسن میں انتقال وراثت کرانا چاہتا ہے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض پیش کرنا ہو تو اندر سات یوم کے عذر اعتراض پیش کریں ورنہ انتقال وراثت درج کیا جائے گا آج یہ اشتہار مورخہ 22/2/2026 کو میرے مہر دستخط سے جاری ہوا

نمائندہ DMJ

جرائم پیشہ افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، ایس ایس پی

لورالائی (آن لائن) ایس ایس پی لورالائی ملک محمد اصغر عثمان کی زیر صدارت لورالائی پولیس کے تمام ایس ایچ اوز کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایس پی لیگل سردار نصر اللہ خان حمزہ زئی، ایس ڈی پی او کریم مندوخیل اور لورالائی پولیس کے تمام ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ — اسپورٹس

کھلاڑیوں کی درجہ بندی میں نمایاں تبدیلیاں
آئی سی سی نے ٹی ٹوئنٹی پلیئرز کی نئی رینکنگ جاری کردی

باؤلرز میں ورن چکرورتی کی پہلی پوزیشن برقرار، آل راؤنڈرز کی درجہ بندی میں زمبابوے کے سکندر رضا ایک بار پھر نمبر ون آل راؤنڈر بن گئے

ٹی ٹوئنٹی بیٹرز کی رینکنگ میں ابھیشیک شرما بدستور پہلی پوزیشن پر، پاکستان کے صاحبزادہ فرحان دو درجے بہتری کے بعد تیسری پوزیشن پر آ گئے

[illegible] رینکنگ میں ابھیشیک شرما بدستور پہلی پوزیشن پر براجمان ہیں جبکہ پاکستان کے صاحبزادہ فرحان دو [illegible] پہنچ گئے ہیں جبکہ انگلینڈ کے ہیری بروک بھی دس درجے ترقی کے بعد اٹھارہویں پوزیشن پر آ گئے ہیں۔ ٹی ٹوئنٹی بولرز رینکنگ میں بھارت کے ورن چکرورتی کی پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ جنوبی افریقہ کے کاربن بوش ایکس درجے بہتری کے بعد تیسری پوزیشن پر آ گئے ہیں۔ پاکستان کے ابرار احمد دو درجے تنزلی کے بعد پانچویں نمبر پر چلے گئے ہیں جبکہ ویسٹ انڈیز کے گڈاکیش موتی چھ درجے ترقی کے بعد ساتویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔

انگلینڈ سے شکست، شاہین آفریدی نے ہار کا سارا ملبہ بیٹرز پر ڈال دیا

کولمبو (آئی این پی) قومی ٹیم کے فاسٹ بالر شاہین آفریدی نے انگلینڈ سے ہار کا ملبہ قومی ٹیم کے بیٹسمینوں پر ڈال دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہین آفریدی نے ٹیم میں اپنی کارکردگی کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ اگر پاکستان مزید پندرہ سے پچیس رنز بنالیتا تو انگلینڈ کے خلاف دفاع ممکن ہو سکتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ فلیٹ وکٹ پر 164 رنز کا مجموعہ کم ثابت ہوا، ایسی وکٹ پر مضبوط شراکت اور مڈل اوورز میں ایک منظم بلے باز کی موجودگی ضروری ہوتی ہے۔ شاہین آفریدی کے مطابق بدقسمتی سے پاکستان نے مسلسل وکٹیں گنوائیں، جس کی وجہ سے ٹیم 180 سے 190 رنز تک نہ پہنچ سکی۔ انہوں نے کہا کہ انگلینڈ کی اننگز میں ہیری بروک نے کریز پر جم کر کے رنز بڑھائے اور شراکتوں کو مضبوط کیا، جبکہ پاکستان اس موقع سے فائدہ نہ اٹھا سکا۔ انہوں نے مزید کہا کہ شراکت کے دوران بلے باز کو سنگلز اور ڈبلز لینے چاہئیں تاکہ اوور کے لحاظ سے آٹھ سے نو رنز کا ہدف برقرار رہے۔ شاہین کے مطابق انگلینڈ کی جانب سے عادل رشید نے درمیانی اوورز میں بہترین بالنگ کی، جس کا کریڈٹ انہیں بھی جاتا ہے۔

کوئٹہ میں پہلا آل ٹاپ 32 شہید حماد فٹبال ٹورنامنٹ کا شاندار افتتاح

افتتاحی میچ میں شہید حماد کلب اور شہید زیشان کلب کے مابین سنسنی خیز مقابلہ

کوئٹہ (پ ر) ستارہ بلوچستان اسٹیڈیم میں پہلا آل ٹاپ 32 شہید حماد جان فٹبال ٹورنامنٹ شاندار انداز میں شروع ہوگیا۔ ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں شہید حماد جان فٹبال کلب اور شہید زیشان فٹبال کلب کے درمیان سنسنی خیز مقابلہ دیکھنے کو ملا۔ دونوں ٹیموں نے بہترین کھیل، مہارت اور اسپورٹس مین اسپرٹ کا مظاہرہ کرتے ہوئے شائقین فٹبال کو خوب محظوظ کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی بلوچستان کے سینئر کھلاڑی سید عظمت شاہ، بشیر احمد شاہوانی، مصور جان، منیر احمد جبکہ ان کے ہمراہ محمود جان، جبار، عبدالرؤف اور نعمان جان بھی موجود تھے۔ مہمانوں کا اسٹیڈیم آمد پر پرتپاک استقبال کیا گیا اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے مہمانوں کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے نوجوان کھلاڑی اب سنجیدگی کے ساتھ کھیلوں کے میدانوں کی طرف آ رہے ہیں، جو ایک خوش آئند بات ہے۔ افتتاحی میچ میں دونوں ٹیموں نے جارحانہ اور منظم کھیل پیش کیا۔ شائقین کی بڑی تعداد نے میچ دیکھا اور کھلاڑیوں کی کارکردگی کو خوب سراہا۔ ٹورنامنٹ کے آئندہ میچز میں مزید دلچسپ مقابلوں کی توقع کی جا رہی ہے۔ یہ ٹورنامنٹ یقیناً بلوچستان میں فٹبال کے فروغ اور نوجوان ٹیلنٹ کو آگے لانے میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

ہاکی ورلڈ کپ کوالیفائنگ راؤنڈ کی تیاری کیلئے قومی ہاکی ٹیم پریکٹس سیشن میں مصروف ہیں

کولمبو: آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ میں نیوزی لینڈ کے بولر سری لنکا کے خلاف وکٹ لینے کے بعد جشن منا رہا ہے

بابر اعظم اور رضوان کو اوپننگ سے ہٹانے کے بعد معاملات خراب ہوئے، تنویر احمد

سلیکٹرز نے مڈل آرڈر کو مضبوط کرنے پر کوئی توجہ نہیں دی، سابق ٹیسٹ کرکٹر کا موقف

کراچی (این این آئی) سابق ٹیسٹ کرکٹر تنویر احمد نے ٹیم کی موجودہ کارکردگی کو بابر اعظم اور رضوان کو اوپننگ سے ہٹانے کو قرار دیا ہے۔ پاکستان ٹیم کی آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ میں بڑی ٹیموں کے خلاف بدترین کارکردگی اور شکستوں پر سابق ٹیسٹ کرکٹر تنویر احمد نے سماجی رابطوں کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال کیا ہے۔ تنویر احمد نے اپنی ایک پوسٹ میں لکھا ہے کہ جس نے جو مرضی بولنا ہے بولے، لیکن جب سے بابر اعظم اور محمد رضوان کو اوپننگ سے ہٹایا ہے، ٹیم کا بیڑا غرق کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ ہمارے سلیکٹرز نے مڈل آرڈر کو مضبوط کرنے کے بجائے ان دونوں کو پہلے ٹیم سے باہر کیا اور ان کو بے عزت کیا۔

برازیل فٹ بال فیڈریشن اور کارلو آنچلوٹی کے مابین معاہدہ تکمیل کے قریب

اطالوی کوچ فیفا ورلڈ کپ کے بعد بھی ٹیم کے ساتھ وابستہ رہیں گے، سمیر زاؤد

ریو ڈی جنیرو (این این آئی) برازیلین فٹ بال کنفیڈریشن (سی بی ایف) اور قومی فٹ بال ٹیم کے ہیڈ کوچ کارلو آنچلوٹی کے درمیان معاہدے میں توسیع کے معاملات آخری مراحل میں داخل ہو گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق برازیلین فٹ بال کنفیڈریشن کے صدر سمیر زاؤد نے تصدیق کی ہے کہ اطالوی کوچ رواں سال ہونے والے فیفا ورلڈ کپ کے بعد بھی ٹیم کے ساتھ وابستہ رہیں گے۔ صدر سمیر زاؤد نے ریو ڈی جنیرو میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ 66 سالہ کارلو آنچلوٹی نئے معاہدے پر اصولی طور پر راضی ہو گئے ہیں تاہم کچھ قانونی اور دفتری کارروائیاں باقی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم فوری نتائج کے بجائے ایک طویل مدتی منصوبے پر یقین رکھتے ہیں اور ہمارا ماننا ہے کہ ایک سال کا عرصہ کسی بھی بڑے مقصد کے حصول کے لیے بہت کم ہے۔

سلمان علی آغا ٹی 20 ورلڈ کپ کے بعد کپتان نہیں رہیں گے، محمد عامر

بہت سے کھلاڑیوں کے لیے یہ ٹی 20 ورلڈ کپ آخری ہوگا، سابق کرکٹر

اسلام آباد (این این آئی) سابق کرکٹر محمد عامر نے پیشگوئی کی ہے کہ سلمان علی آغا ٹی 20 ورلڈ کپ کے بعد کپتان نہیں رہیں گے۔ گزشتہ روز انگلینڈ سے شکست کے بعد سابق کرکٹر محمد عامر نے ایک پروگرام میں پیشگوئی کی ہے کہ سلمان علی آغا کی کپتانی جانے والی ہے۔ میزبان کے سوال کے جواب میں محمد عامر نے کہا کہ میرے خیال میں سلمان علی آغا اس ورلڈ کپ کے بعد ٹی 20 کے کپتان نہیں رہیں گے، انہوں نے کہا کہ میری نظر میں اس وقت کوئی اور اس کا حقدار بھی نہیں ہے، جیسا کہ حالات ہیں مجھے اس وقت کوئی مناسب متبادل نظر نہیں آ رہا ہے۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ بہت سے کھلاڑیوں کے لیے یہ ٹی 20 ورلڈ کپ آخری ہوگا۔

میچ کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی
آئی سی سی نے سدرہ امین کو تنبیہ جاری کردی

پاکستان کی ویمن کھلاڑی نے آئی سی سی کے ضابطہ اخلاق کے آرٹیکل 2 کی [illegible]

[illegible]

شاداب خان کے بنیادی کردار پر ابہام ٹیم کے توازن کو متاثر کر رہا ہے، محمد حفیظ

[illegible] سرکاری ٹی وی چینل کے پروگرام میں نظر [illegible] دیکھنے میں آئی، جہاں سابق آل راؤنڈر محمد حفیظ اور سابق اسپنر ثقلین مشتاق آمنے سامنے آ گئے۔ دونوں کے درمیان موضوع قومی ٹیم میں شاداب خان کا اصل کردار تھا۔ محمد حفیظ نے کہا کہ شاداب خان کے بنیادی کردار سے متعلق ابہام ٹیم کے توازن کو متاثر کر رہا ہے۔ ان کے مطابق یہ واضح ہونا چاہیے کہ شاداب کو بیٹنگ آل راؤنڈر [illegible] مواقع پر بہتر سے بہتر وکٹ لینے کی صلاحیتوں کو محدود کرتا ہے۔ جواب میں حفیظ نے اپنے کیریئر کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ ہر آل راؤنڈر کو اپنی بنیادی ذمہ داری کا علم ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ میرے کپتان مجھے کہتے تھے کہ حفیظ صاحب آپ اگر بیٹنگ میں رنز نہیں بنائیں گے تو ہمیں آپ کی بولنگ کی ضرورت نہیں ہے۔

برسبین: آسٹریلیا اور انڈین ویمنز ون ڈے میچ میں آسٹریلین بلے باز ہاف سنچری بنانے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہی ہے

فلڈ لائٹس میموریل فٹ سال ٹورنامنٹ، آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس طلب

اسلام آباد (این این آئی) عبدالرزاق آرائیں میموریل فلڈ لائٹس فٹ سال ٹورنامنٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس 28 فروری کو منی سپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد، کراچی میں ہوگا۔ جس کی صدارت ٹورنامنٹ کمیٹی کے چیئرمین مقبول آرائیں کریں گے۔ جس میں ٹورنامنٹ کے انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا جائے گا۔

اکرم ساہی کا خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ایسوسی ایشن سے اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) ایشیاء اتھلیٹکس فیڈریشن کے نائب صدر اور چیئرمین ساؤتھ ایشیاء اتھلیٹکس فیڈریشن میجر جنرل (ریٹائرڈ) محمد اکرم ساہی نے خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے فنانس سیکرٹری مشرف خان کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

قومی کھیل کی بحالی کے لئے
ہاکی فیڈریشن نے اولمپیئن سمیع اللہ کو چیف سلیکٹر مقرر کر دیا

اولمپئن سمیع اللہ کو دنیائے ہاکی میں "فلائنگ ہارس" کے نام سے جانا جاتا ہے، تقرری پی ایچ ایف کی پروفیشنل ڈویلپمنٹ کمیٹی کی سفارش پر عمل میں لائی گئی

ہم پاکستان ہاکی کو دوبارہ بلندیوں پر لے کر جائیں گے، ہمیں یقین ہے اولمپئن سمیع اللہ خان کی قیادت میں ہماری سلیکشن کمیٹی بہترین نتائج دے گی، صدر پی ایچ ایف

لاہور (آن لائن) پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) نے قومی کھیل کی بحالی کی جانب ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے لیجنڈری اولمپیئن اور "فلائنگ ہارس" کے نام سے مشہور سمیع اللہ خان کو پاکستان مینز ہاکی ٹیم کا چیف سلیکٹر مقرر کر دیا ہے۔ یہ تقرری پی ایچ ایف کی پروفیشنل ڈویلپمنٹ کمیٹی کی سفارش پر عمل میں لائی گئی ہے، جس میں دنیائے ہاکی کے عظیم کھلاڑی حسن سردار اور اصلاح الدین صدیقی شامل ہیں۔ تقرری پی ایچ ایف کی اس وسیع تر حکمت عملی کا حصہ ہے جس کا مقصد پاکستان میں ہاکی کو ایک بار پھر زندہ کرنا، نچلی سطح (گراس روٹ) پر کام کرنا اور بین الاقوامی سطح پر ٹیم کی کارکردگی کو بہتر بنانا ہے۔ اس سلسلے میں فیڈریشن نے ایک جامع روڈ میپ بھی جاری کیا ہے۔ جس میں میرٹ کی بنیاد پر ٹیم تشکیل دینے کیلئے سلیکشن کمیٹی، ہیڈ کوچ اور سپورٹ اسٹاف کے ساتھ ٹیم کے نئے ڈھانچے کا قیام ہے۔ اسکے علاوہ مقامی اور بین الاقوامی مقابلوں کے لیے باقاعدہ شیڈول کی تیاری بھی کی جا رہی ہے۔ جبکہ ایمپائرز اور آفیشلز کے لیے جدید ٹیکنیکل ایجوکیشن کا اہتمام بھی کیا جائے گا۔ پی ایچ ایف نے ملک بھر سے نوجوان کھلاڑیوں کی تلاش اور ان کی تربیت کے لیے تعلیمی اداروں میں ہاکی کے فروغ کے حوالے سے اقدامات کا ارادہ کیا ہے۔ فیڈریشن اسکولوں اور کالجوں کی سطح پر ہاکی کو فروغ دینے، انٹر اسکول اور انٹر کالجیٹ مقابلوں کے انعقاد اور کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے ایک ہائی پرفارمنس سینٹر کے قیام پر بھی کام کر رہی ہے۔ اس حوالے سے صدر پی ایچ ایف محی الدین وانی نے کہا ہے کہ ہم پاکستان ہاکی کو دوبارہ بلندیوں پر لے جانے کے لیے پرعزم ہیں۔

پی ٹی بی ایف نے باؤلنگ کورٹ بنانے کے لئے وزیراعظم کو خط لکھ دیا

انٹرنیشنل معیار کا کورٹ ہو تو اگلا، کا ورلڈ کپ پاکستان لا سکتے ہیں، پی ٹی بی ایف

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن (پی ٹی بی ایف) نے انٹرنیشنل معیار کا کھیلنے کے لئے باؤلنگ کورٹ بنانے کے لئے وزیراعظم میاں شہباز شریف کو خط لکھ دیا ہے۔ گزشتہ روز پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر، اعجاز الرحمن نے میڈیا سے گفتگو اور بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ اس وقت پاکستان میں انٹرنیشنل معیار کا کھیلنے کے لئے کوئی باؤلنگ کورٹ موجود نہیں ہے حالانکہ پاکستان سپورٹس بورڈ کی ایگزیکٹو کمیٹی نے دو بار انٹرنیشنل معیار کا باؤلنگ کورٹ بنانے کی منظوری بھی دے رکھی ہے جس پر کئی برس گزرنے کے باوجود ایگزیکٹو کمیٹی کے فیصلوں پر ابھی تک عمل درآمد نہیں ہو سکا۔ اعجاز الرحمن نے بتایا کہ اگر پاکستان میں انٹرنیشنل معیار کا کورٹ موجود ہو تو 2027 کا ورلڈ کپ پاکستان لا سکتے ہیں۔ جس میں 134 ملکوں کے کھلاڑی ورلڈ کپ میں حصہ لے سکتے ہیں اور ورلڈ کپ 2027 پاکستان میں منعقد ہونے سے کھیلوں کے ساتھ ساتھ سیاحت کے شعبے کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔

آسٹریلیا اور بنگلادیش کے مابین ٹیسٹ سیریز کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا

پہلا ٹیسٹ ڈاروِن، دوسرا مکائے میں کھیلا جائے گا، مکائے میں یہ پہلا ٹیسٹ میچ ہوگا

سڈنی (این این آئی) کرکٹ آسٹریلیا نے بنگلادیش کے ساتھ ٹیسٹ سیریز کے شیڈول کا اعلان کر دیا۔ آسٹریلیا و بنگلادیش کے 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز 13 اگست سے شروع ہوگی۔ پہلا ٹیسٹ ڈاروِن میں 13 سے 17 اگست تک کھیلا جائے گا اور دوسرا ٹیسٹ مکائے میں 22 سے 26 اگست تک کھیلا جائے گا۔ واضح رہے کہ ڈاروِن میں ٹیسٹ میچ 2004 کے بعد پہلی مرتبہ کھیلا جائے گا۔ ڈاروِن میں آخری ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا نے سری لنکا کو 145 رنز سے شکست دی تھی۔

کھلاڑیوں کا انتخاب صرف کارکردگی اور دستیابی کی بنیاد پر ہوگا، انگلش کرکٹ بورڈ

کھیل میں نسل، جنس یا عقیدے کی بنیاد پر تفریق کی کوئی جگہ نہیں، ای سی بی گورننگ باڈی

لندن (این این آئی) انگلش کرکٹ بورڈ نے پاکستانی کھلاڑیوں کو ہنڈرڈ لیگ میں مبینہ طور پر نظر انداز کیے جانے کی خبروں کے بعد کہا ہے کہ کھلاڑیوں کا انتخاب صرف کارکردگی اور دستیابی کی بنیاد پر ہوگا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ای سی بی کی گورننگ باڈی نے اعلان کیا کہ کھیل میں نسل، جنس یا عقیدے کی بنیاد پر تفریق کی کوئی جگہ نہیں۔ ای سی بی اور تمام 8 ٹیموں نے "دی ہنڈرڈ" کو سب کے لیے کھلا رکھنے کا عزم ظاہر کیا، ای سی بی کے اعلامیہ میں کہا گیا کہ کھلاڑیوں کا انتخاب صرف کارکردگی اور دستیابی کی بنیاد پر ہوگا، قومیت کی بنیاد پر نہیں۔ ای سی بی نے انتباہ کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی قسم کے امتیازی سلوک کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

ٹی 20 ورلڈ کپ میں ناقص کارکردگی پر سابق کرکٹرز کی شدید تنقید، میڈیا پر زیر بحث

صرف ایک میچ نہیں پورے ٹورنامنٹ میں غلط حکمت عملی کا مظاہرہ ہوا، محمد حفیظ، انگلینڈ کو بروک نے فرنٹ سے لیڈ کر کے سیمی فائنل تک پہنچایا، محمد یوسف

جب تک بنیادی مہارت پر توجہ نہیں دی جاتی اس وقت تک دعوے بے سود رہیں گے، شعیب ملک، برصغیر کی کوئی ٹیم فائنل تک نہیں پہنچ پائے گی، مائیکل وان کا تجزیہ

لاہور (این این آئی) میگا ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کے سپر ایٹ مرحلے میں پاکستان کو انگلینڈ کے ہاتھوں شکست کے بعد قومی ٹیم کی کارکردگی پر سوالات اٹھ گئے۔ سابق کپتان محمد حفیظ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ پاکستان کی ناکامی کی وجہ صرف یہ میچ نہیں بلکہ پورے ٹورنامنٹ میں حکمت عملی کی غلطیاں رہیں۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر محمد یوسف نے ہیری بروک کی قیادت اور کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بروک نے فرنٹ سے لیڈ کیا اور انگلینڈ کو سیمی فائنل میں پہنچایا جبکہ پاکستان کا رولر کوسٹر جاری ہے۔ سابق کپتان شعیب ملک نے کہا کہ جدید کرکٹ کھیلنے کے دعوے اس وقت تک بے معنی ہیں جب تک بنیادی مہارت، گیم اویرنس اور نظم و ضبط کو بہتر نہ بنایا جائے۔ بنیاد مضبوط کیے بغیر جدید انداز اپنانا ایسے ہے جیسے نرسری پڑھے بغیر دسویں جماعت کا امتحان دینا۔ سابق بھارتی فاسٹ باؤلر مناف پٹیل نے ہیری بروک کی اننگز کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو مکمل باؤلنگ اٹیک کی کمی اور کمزور فیلڈنگ سے نقصان اٹھانا پڑا۔ سابق انگلش کپتان مائیکل وان نے ٹورنامنٹ کی کنڈیشنز پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں امکان ہے کہ کوئی بھی برصغیر کی ٹیم فائنل تک نہ پہنچ سکے۔ پاکستانی ٹیسٹ کرکٹر احمد شہزاد نے ٹیم کی حکمت عملی اور پلیئنگ الیون پر سخت تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ انگلینڈ اپنی بہترین فارم میں نہیں تھا اور پاکستان کے پاس سنہری موقع تھا لیکن ناقص منصوبہ بندی، غلط شاٹ سلیکشن اور کنفیوز پلیئنگ الیون کے باعث میچ ہاتھ سے نکل گیا۔ احمد شہزاد نے انفرادی کارکردگی پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ بابر اعظم کی 24 گیندوں پر 25 رنز کی اننگز نے رفتار کم کی

سورلوتھ کی ہیٹ ٹرک، اسٹار اسٹرائیکر چیمپئنز لیگ کے ٹاپ 16 راؤنڈ میں پہنچ گئی

بروج کے خلاف سورلوتھ نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا

میڈرڈ (این این آئی) اٹلیٹکو میڈرڈ کی ٹیم اسٹار اسٹرائیکر الیگزینڈر سورلوتھ کی شاندار ہیٹ ٹرک کی بدولت چیمپئنز لیگ کے ٹاپ 16 راؤنڈ میں پہنچ گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اٹلیٹکو میڈرڈ نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے حریف کلب بروج کو 1-4 سے شکست دے کر چیمپئنز لیگ کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کیا۔ ریاض ایئر میٹروپولیٹانو میڈرڈ، اسپین میں کھیلے گئے اہم میچ میں ہسپانوی فٹ بال کلب اٹلیٹکو میڈرڈ اور کلب بروج کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں جس میں اٹلیٹکو میڈرڈ کی ٹیم نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف کلب بروج کو ایک مقابلے میں 4 گول سے ہرا دیا بلکہ چیمپئنز لیگ کے ٹاپ 16 راؤنڈ کے لیے بھی کوالیفائی کر لیا۔ الیگزینڈر سورلوتھ نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے 23، 76 اور 87 ویں منٹ پر تین گول کر کے اپنی ہیٹ ٹرک بھی مکمل کی اور ٹیم کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا۔

سستا بازار کے قیام سے عام آدمی کو ریلیف مل رہا ہے، ڈی سی بارکھان

مقررہ سرکاری نرخوں کی مکمل پابندی کی جائے، کسی قسم کی ناجائز منافع خوری سے گریز کیا جائے

رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں عوام کو زیادہ ریلیف فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر / چیئرمین ڈسٹرکٹ کمیٹی بارکھان عبداللہ کھوسہ نے رمضان سستا بازار کا تفصیلی اور اچانک دورہ کرتے ہوئے مجموعی انتظامات کا جائزہ لیا۔ ان کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر خادم حسین بھنگر، ایس ایچ او بارکھان منور خان اور تحصیلدار بارکھان فاضل خان بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے بازار میں قائم مختلف اسٹالز اور دکانوں پر جا کر سرکاری نرخ ناموں کے آویزاں ہونے کا جائزہ لیا اور اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں، معیار اور مقدار کو چیک کیا۔ انہوں نے موقع پر موجود دکانداروں کو سختی سے ہدایت جاری کی کہ مقررہ سرکاری نرخوں کی مکمل پابندی کی جائے اور کسی بھی قسم کی ناجائز منافع خوری سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے بازار میں خریداری کے لیے آئے شہریوں سے تفصیل کر گفتگو کی، ان کے مسائل سنے اور سرکاری نرخوں سے متعلق دریافت کیا۔ شہریوں نے انتظامات کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے کہا کہ سستا بازار کے قیام سے عام آدمی کو ریلیف مل رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ سستا بازار کی باقاعدہ نگرانی کو یقینی بنایا جائے، نرخ ناموں کی روزانہ بنیاد پر چیکنگ کی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان کے دوران اشیائے ضروریہ کی دستیابی اور قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

رکن صوبائی اسمبلی زمرک خان اچکزئی محمد حسین کاکڑ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

میونسپل کارپوریشن خضدار کے ملازمین شدید مالی مشکلات کا شکار

کنٹریکٹ اور ڈیلی ویجز ملازمین کی چار ماہ کی تنخواہیں تاحال ادا نہیں کی گئیں

خضدار (بیورو رپورٹ) میونسپل کارپوریشن لیبر ایکشن کمیٹی خضدار کے صدر شکیل چنال، جنرل سیکرٹری محمد یعقوب بابائے کارپوریشن حاجی عزیز سولنگی، امام الدین، شبیر احمد، میر اللہ محمد نواز رشید احمد عبدالحکیم نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان بھر سمیت میونسپل کارپوریشن خضدار کے ملازمین شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں انہوں نے کہا کہ پورے صوبے کے ملازمین کو ایڈہاک 10 % فیصد اضافہ اور پنشن میں 7 % فیصد اضافے سے گزشتہ آٹھ ماہ سے محروم رکھا گیا ہے جبکہ کنٹریکٹ اور ڈیلی ویجز ملازمین کی چار ماہ کی تنخواہیں تاحال ادا نہیں ہو پا رہی ہے جس کے باعث ملازمین اور ان کے اہل خانہ سخت پریشانی کا شکار ہیں انہوں نے بیان میں مزید کہا کہ ریٹائرڈ ملازمین کو پنشن باقاعدگی سے ادا کرنے کے بجائے ایک لاکھ یا پچاس ہزار روپے کی اقساط میں دی جا رہی ہے جبکہ کئی کئی ماہ تک تنخواہیں اور پنشن روک دی جاتی ہیں۔ اور ایسی صورت میں بھی تنخواہیں مہینے کی 18 یا 20 تاریخ کے بعد ملتی ہیں انہوں نے کہا کہ یہ مسئلہ صرف میونسپل کارپوریشن خضدار تک محدود نہیں بلکہ پورے بلوچستان کے تمام میونسپل کمیٹیوں اور تمام بلوچستان کی ڈسٹرکٹ کونسلوں یونین کونسلوں کے ملازمین کے ساتھ بھی یہی رویہ اختیار کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن نے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ بلدیہ میونسپل کارپوریشن خضدار اور بلوچستان بھر کی میونسپل کمیٹیوں اور تمام بلوچستان ڈسٹرکٹ کونسلوں یونین کونسلوں کے ملازمین کی تنخواہیں اور پنشنرز کی پنشن فوری اور بروقت ادا کی جائے

نصیر آباد: اے سی بہادر خان کھوسہ بازار کا دورہ کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد نے ضلع بھر میں شجرکاری مہم کا باضابطہ افتتاح کر دیا

25 ہزار پودے تقسیم کیے جائیں گے، 5 ہزار پودے لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

نصیر آباد (خ ن) ذوالفقار علی کرار ڈپٹی کمشنر ضلع نصیر آباد نے ڈپٹی کمشنر آفس کے احاطے میں پودے لگا کر ضلع بھر میں شجرکاری مہم کا باضابطہ افتتاح کر دیا، افتتاحی تقریب میں حفیظ اللہ کھوسہ، عبداللہ رند، اعجاز علی ساسولی، منظور شیرازی سمیت دیگر افسران نے بھی پودے لگا کر مہم میں حصہ لیا جبکہ محمد یعقوب لہڑی، عطاء اللہ ساسولی، دھنی بخش رند، ثمن علی سیال اور محمد خان چدرانی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ شجرکاری مہم کے حوالے سے ڈسٹرکٹ فاریسٹ آفیسر عبدالنعیم لہڑی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع نصیر آباد میں مجموعی طور پر 25 ہزار پودے تقسیم کیے جائیں گے جبکہ 5 ہزار پودے لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، محکمہ جنگلات کی جانب سے تمام سرکاری و نجی اسکولوں، سرکاری دفاتر، سرکاری رہائش گاہوں اور مقامی زمینداروں کو مفت پودے فراہم کیے جائیں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ شجرکاری کو فروغ دیا جا سکے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ذوالفقار علی کرار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع نصیر آباد میں شجرکاری مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور متعلقہ اداروں کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ اپنے اپنے دائرہ کار میں زیادہ سے زیادہ پودے لگائیں تاکہ ماحولیاتی آلودگی میں کمی اور قدرتی حسن میں اضافہ ممکن بنایا جا سکے۔

نادار افراد کیلئے خصوصی رمضان ریلیف پیکیج پر عملدرآمد جاری ہے

ہوٹلوں میں کام کرنے والے لیبر، سینکڑوں مستحق افراد میں راشن تقسیم کیا گیا

لورالائی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں حکومت بلوچستان کی جانب سے ماہ صیام کی برکتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مستحق اور نادار افراد کے لیے خصوصی رمضان ریلیف پیکیج پر عملدرآمد جاری ہے۔ لورالائی میں ڈپٹی کمشنر میران بلوچ کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے ہوٹلوں میں کام کرنے والے لیبر اور سینکڑوں مستحق افراد میں راشن تقسیم کیا۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شفافیت اور منظم حکمت عملی کے تحت لورالائی کے مختلف علاقوں میں راشن کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق اس رمضان المبارک میں مستحقین تک امداد کی فراہمی شفاف اور باعزت طریقے سے جاری رہے گی اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کے زیر نگرانی میں سینکڑوں مستحقین افراد میں راشن تقسیم کیا گیا اس دوران غریب، نادار، معذور اور لاچار خاندانوں کو ترجیحی بنیادوں پر امدادی سامان و راشن فراہم کیا گیا رمضان راشن پیکج میں ایک ماہ کے لیے بنیادی اشیائے ضروریہ شامل تھے جن میں آٹا، چاول، گھی، چینی، چائے پتی اور مختلف اقسام کی دالیں شامل ہیں تاکہ وہ رمضان المبارک میں اپنی بنیادی ضروریات باعزت طریقے سے پوری کر سکیں جو معاشرے میں کمزور طبقات کی معاونت اور ان کی مشکلات کے ازالے کی جانب ایک اہم اور قابل تحسین قدم ہے

درخت ماحول اور انسانی زندگی پر اچھے اثرات مرتب کرتے ہیں، جمعہ داد

ڈھاڈر (آن لائن) قدرتی ماحول کی بقا کے لیے شجرکاری کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں ڈپٹی کمشنر کچھی درخت ماحول اور انسانی زندگی پر اچھے اثرات مرتب کرتے ہیں۔ ڈی ایف او بھی ملک بھر کی طرح کچھی میں بھی شجرکاری مہم کا سلسلہ زور و شور سے جاری ہے اس سلسلے میں محکمہ جنگلات کچھی کی جانب سے ڈھاڈر ڈپٹی کمشنر آفس میں خصوصی تقریب کے بعد ضلعی آفیسران اور عوامی نمائندوں کی موجودگی میں سایہ دار اور ماحول دوست درخت لگا کر شجرکاری کی گئی۔ جہاں ڈپٹی کمشنر جمعہ داد مندوخیل، کرنل محمد عمران اسسٹنٹ کمشنر ڈھاڈر قاضی پرویز احمد ڈی ایف او غلام سرور برکانی عوامی نمائندوں اور صحافیوں نے شجرکاری کی اس موقع پر صحافیوں سے بات چیت کیا۔

حکومت عوامی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دے رہی ہے، ڈی سی سبی

مستحق اور نادار افراد تک بروقت اور باعزت انداز میں امداد کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، الیاس کبزئی

رمضان پیکج کا مقصد معاشرے کے کمزور اور ضرورت مند طبقات کو ریلیف فراہم کرنا ہے، منصور علی شاہ

سبی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق رمضان المبارک کے بابرکت ماہ میں ضلعی انتظامیہ سبی کی جانب سے سرکٹ ہاؤس سبی میں خصوصی افراد، بیواؤں اور مستحقین میں رمضان پیکج کے تحت راشن بیگز تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی، اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ اور ڈویژنل ڈائریکٹر سماجی بہبود امجد لاشاری موجود تھے۔ راشن کی تقسیم کے تمام عمل کی نگرانی اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ نے کی اور مستحقین میں شفاف اور منظم طریقے سے راشن بیگز تقسیم کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے اس موقع پر کہا کہ صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق مستحق اور نادار افراد تک بروقت اور باعزت انداز میں امداد کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان پیکج کا مقصد معاشرے کے کمزور اور ضرورت مند طبقات کو ریلیف فراہم کرنا ہے تاکہ وہ بھی ماہ صیام کی برکتوں سے مستفید ہو سکیں۔ صوبائی حکومت عوامی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دے رہی ہے اور وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں عوامی ریلیف کے اقدامات کو مؤثر انداز میں عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ سبی بھی حکومتی وژن کے تحت عوامی خدمت، شفافیت اور میرٹ کو یقینی بناتے ہوئے ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ راشن تقسیم کا یہ سلسلہ ضلع سبی کے تمام علاقوں میں جاری رہے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق خاندانوں کو مستفید کیا جا سکے۔

داخلہ مہم میں ضلعی انتظامیہ مکمل تعاون کرے گی، ذوالفقار علی کرار

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت ضلع نصیر آباد میں اسکول داخلہ مہم اور شجرکاری مہم کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ تعلیم، جنگلات اور ضلعی انتظامیہ کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر حفیظ اللہ کھوسہ، ڈسٹرکٹ فاریسٹ آفیسر عبدالنعیم لہڑی، ڈی ڈی اوز عبدالواحد سومرو، خانزادی بلوچ، یونیسیف کے نمائندہ شوکت علی مستوئی، بشیر احمد لہڑی، اعجاز احمد ساسولی اور ڈپٹی کمشنر کے پی ایس منظور شیرازی سمیت دیگر افسران موجود تھے۔ اجلاس کے موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر حفیظ اللہ کھوسہ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع نصیر آباد میں داخلہ اور شجرکاری مہم کو صوبائی احکامات کے مطابق مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے

قلات: ضلعی محکمہ صحت کے زیر نگرانی میں لگائے گئے میڈیکل کیمپ میں بچوں کو ادویات فراہم کی جا رہی ہے

قلات، سول ڈسپنسری دلو یوی چھپر میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

فری میڈیکل کیمپس مستقبل میں بھی یونین کونسلوں میں جاری رہیں گے

قلات (خ ن) سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان اور ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے احکامات کی روشنی میں یونیسیف کے جوائنٹ اپریزل سپورٹ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، قلات کے تعاون سے سول ڈسپنسری دلو یوی چھپر میں فری میڈیکل ہیلتھ کیمپ کا انعقاد کیا گیا معروف طبی ماہرین ڈاکٹر علی نواز، نجیب اللہ، مفتی علی حسن، ویکسینیٹر صفی، اسٹاف نرس خالدہ اور میر نذیر جنگ فری میڈیکل کیمپ میں شریک ہوئے اور مریضوں کا معائنہ کیا بلوچستان کے دور دراز ایریاز میں قبل از پیدائش کی دیکھ بھال، جنرل اور پیڈز او پی ڈی اور ویکسینیشن کی مہم پہلی مرتبہ شروع کی گئی ہے حکومت بلوچستان کی صحت عامہ پالیسی کے تحت دور دراز کی یونینوں میں فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کمیونٹی کے دروازے پر صحت کی دیکھ بھال کی خدمات فراہم کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے ڈی ایچ او قلات ڈاکٹر انجم بلوچ کا کہنا ہے کہ اس طرح کے میڈیکل کیمپ مستقبل میں بھی ضلع قلات کے دور افتادہ دیہی یونین کونسلوں میں جاری رہیں گے سول ڈسپنسری دلو یوی چھپر میں فری میڈیکل کیمپ کے انعقاد پر قلات کے عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان سیکرٹری ہیلتھ ضلعی انتظامیہ اور ڈی ایچ او قلات کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ اسول جج XI با اختیارات ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

مثل نمبر 1/026 تاریخ سماعت 9/3/2026

مسماۃ عروسہ حفیظ وغیرہ بنام عوام الناس

اشتہار دعویٰ جانشینی

اشتہار بنام: عروسہ حفیظ بیوہ عبدالمعروف 2۔ اصلی معروف 3۔ مریم معروف 4۔ محمد عبداللہ پسران / دختران عبدالمعروف (مرحوم) ساکنان بروری روڈ کوئٹہ

ہرگاہ ایک دعویٰ دیوانی مدعی نے تمہارے خلاف دائر کیا ہے جو کہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی تاریخ سماعت 9/3/2026 کو مقرر ہو چکی ہے جس میں تم مدعا علیہان عدالتی نوٹس لینے سے دیدہ دانستہ گریزاں ہو اور ٹال مٹول سے کام لے رہے ہو لہٰذا تمہیں بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ / دعویٰ دیوانی کی پیروی کریں بصورت دیگر تمہارے خلاف یکطرفہ فیصلہ دیا جائے گا اس بابت تاکید جانیں آج بتاریخ 24/2/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا

62815

بعدالت جناب احمد شاہ سول جج III با اختیار ڈسٹرکٹ جج صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 104/025 آئندہ تاریخ پیشی 9/3/2026

بمقدمہ: فضل محمد وغیرہ بنام DG ادارہ بلوچستان وغیرہ (دعویٰ دیوانی)

اشتہار بنام مدعا علیہ نمبر 5۔ فتح محمد ولد میر احمد ساکن ارباب غلام علی روڈ کوئٹہ

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی / سماعت مورخہ 9/3/2026 کیلئے مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ 5 فتح محمد ولد میر احمد ساکن ارباب غلام علی روڈ کوئٹہ عدالت ہذا کے سمن / نوٹس لینے سے دیدہ دانستہ طور پر گریزاں اور کہیں روپوش ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ 5 فتح محمد ولد میر احمد ساکن ارباب غلام علی روڈ کوئٹہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی / سماعت کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمے کی پیروی کرے بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 24/2/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62811

بعدالت تحصیلدار صدر / اسسٹنٹ درجہ اول کلکٹر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ دوست محمد ولد جہانگیر خان قوم ہنگورزئی سکنہ بلوچ آباد کوئٹہ درخواست پیش کیا گیا اظہار کیا کہ میرا والد جہانگیر خان ولد دوست محمد قوم ہنگورزئی وفات پا چکا ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان 1۔ محمد اسلم 2۔ دوست محمد 3۔ محمد عالم 4۔ محمد حنیف 5۔ عبدالرشید پسران 6۔ بی بی مریم 7۔ صابرہ بی بی دختران جہانگیر خان قوم ہنگورزئی ساکنان بلوچ آباد کوئٹہ جائیداد انتقال 327 محال کاریز شیر دل موضع کلی گل محمد تحصیل صدر کوئٹہ ہیں لہٰذا اس بارے میں اگر کسی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر، واعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کے پیش کرے بعد ازاں میعاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا 25 فروری 20026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

62813

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

مثل نمبر 10/2026 درخواست گارڈین

1۔ عروسہ حفیظ بیوہ عبدالمعروف 2۔ اصلی معروف 3۔ مریم معروف 4۔ محمد عبداللہ پسران / دختران عبدالمعروف مرحوم نابالغان حقیقی سرپرست درخواست گزار 1 تمام ساکنان بروری روڈ کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 09/03/2026 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 24/02/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62815

بقیہ 1 — وزیراعلیٰ

تفصیلی غور وخوض کے بعد متعدد اہم اور دوررس فیصلے کیے گئے، وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون شاہد رند نے دو روزہ کابینہ اجلاس کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ صوبائی کابینہ نے 31 جنوری کو بلوچستان میں پیش آنے والے دہشت گردی کے افسوسناک واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا، ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور متاثرہ خاندانوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت اور سیکیورٹی فورسز متحد اور پرعزم ہیں۔ حالیہ واقعات کے بعد بروقت اور مؤثر ردعمل پر سیکیورٹی اداروں کی کارکردگی کو سراہا گیا زرعی شعبے میں بہتری کے لیے کابینہ نے "واٹر کنزرویشن اینڈ پروڈکٹیویٹی انہانسمنٹ ان بلوچستان تھرو کلائمیٹ اسمارٹ ایگریکلچر" منصوبے کی منظوری دی جو کوریئن ایگزم بینک کے قرض کے تحت شروع کیا جائے گا۔ اس منصوبے کے ذریعے پانی کے مؤثر استعمال، جدید زرعی طریقوں کے فروغ اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے جس سے زرعی پیداوار اور کسانوں کی آمدن میں نمایاں اضافہ متوقع ہے سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بلوچستان لینڈ لیز پالیسی 2026 کی منظوری دی گئی، جس کے تحت زمینوں کے شفاف اور منصفانہ استعمال کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ صنعتی وتجارتی سرگرمیوں میں اضافہ اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کابینہ نے انٹیرم ہیٹنگ ویٹ پالیسی 26-2025 برائے اسٹریٹجک ریزروز کی منظوری دی گئی۔ اس فیصلے کے تحت محکمہ خوراک بلوچستان 0.50 ملین میٹرک ٹن گندم خریدے گا تاکہ صوبے میں گندم کی مسلسل دستیابی برقرار رہے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بروقت اقدامات ممکن ہوں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سرکاری گندم سے متعلق بے ضابطگیوں کی اطلاعات کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے پارلیمانی سب کمیٹی قائم کردی ہے جو تمام معاملات کا جائزہ لے کر رپورٹ پیش کرے گی۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ اگر کسی بھی سطح پر بے ضابطگی ثابت ہوئی تو ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔ سرکاری گوداموں میں موجود پرانی گندم کی فروخت کے لیے قیمت کے تعین کی غرض سے چیئرمین سی ایم آئی ٹی کی سربراہی میں کمیٹی قائم کی گئی ہے، جو مارکیٹ ریٹ اور گندم کی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے سفارشات پیش کرے گی۔ اس کے علاوہ ماضی میں محکمہ خوراک میں بدعنوانی کے الزامات میں ملوث اہلکاروں کی گرفتاری اور فوری برطرفی کے احکامات بھی جاری کیے گئے ہیں بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی کے لیے فنڈز کے اجرا کی منظوری دی گئی ساتھ ہی فیصلہ کیا گیا کہ بی ڈی اے سمیت تمام خودمختار اداروں اور اتھارٹیز کی جامع تنظیم نو کی جائے گی تاکہ مالی نظم وضبط بہتر ہو، صوبائی خزانے پر بوجھ کم کیا جاسکے اور اداروں کو مرحلہ وار خودکفیل بنایا جائے کابینہ نے بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ایکٹ 2025 اور بلوچستان لیویز فورس ترمیمی بل 2025 کی منظوری بھی دی۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ایکٹ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں میں نجی شعبے کی شمولیت بڑھے گی شفافیت کو فروغ ملے گا اور بڑے منصوبوں کی تکمیل میں تیزی آئے گی۔ لیویز فورس ترمیمی بل کے تحت 50 سال سے زائد عمر کے وہ ملازمین جو رضاکارانہ طور پر وفاقی لیویز سے ریٹائرمنٹ لینا چاہتے ہیں، انہیں قواعد کے مطابق سہولت فراہم کی جائے گی جبکہ وفاقی لیویز کا اگر کوئی بھی ایسا ملازم جو پولیس میں خدمات سرانجام دینے سے قاصر ہو تو اسے بھی رضاکارانہ ریٹائرمنٹ دی جائے گی

بقیہ 2 — شاہد رند

روشنی میں گزشتہ روز صوبائی کابینہ کے 23 ویں اجلاس میں صوبے کی بہتری کیلئے دوررس فیصلے کیے گئے جس میں غذائی تحفظ کیلئے گندم خریدنے کا فیصلہ کرتے ہوئے سرکاری گندم میں بے ضابطگیوں کا نوٹس لیا گیا اور بدعنوانی میں ملوث اہلکاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرنے کے علاوہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، لیویز فورس ترمیمی بل اور بلوچستان لینڈ لیز پالیسی کی منظوری دی گئی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں گزشتہ روز صوبائی کابینہ کے اجلاس میں ہونے والے فیصلوں سے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ شاہد رند نے کہا کہ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت صوبائی کابینہ کا 23 واں اجلاس منعقد ہوا جس میں اہم اور دوررس فیصلے کئے گئے کابینہ نے 31 جنوری کے دہشت گردی واقعات کی مذمت کرتے ہوئے شہداء کو خراج عقیدت اور متاثرہ خاندانوں سے اظہار یکجہتی کیا دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت اور سیکیورٹی فورسز کے عزم کا اعادہ کلائمیٹ اسمارٹ ایگریکلچر منصوبے کی منظوری کے علاوہ پانی کے مؤثر استعمال اور زرعی پیداوار میں اضافے کا ہدف بلوچستان لینڈ لیز پالیسی 2026ء کی منظوری سے سرمایہ کاری اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے صوبے میں غذائی تحفظ کے لیے 0.50 ملین میٹرک ٹن گندم خریدنے کا فیصلہ کیا گیا اور سرکاری گندم میں بے ضابطگیوں کا سخت نوٹس لیا گیا ہے پارلیمانی سب کمیٹی قائم کی گئی ہے اور بدعنوانی میں ملوث اہلکاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کے احکامات دیئے گئے ہیں۔ اور بی ڈی اے ملازمین کی تنخواہوں کے لیے فنڈز کی منظوری، خودمختار اداروں کی تنظیم نو کا فیصلہ کیا گیا ہے بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ایکٹ 2025 اور لیویز فورس ترمیمی بل 2025 کی منظوری دی گئی انہوں نے بتایا کہ بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر سیکیورٹی کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے آئی جی پولیس بلوچستان کو 7 روز میں رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور صوبے میں امن، معاشی استحکام اور ادارہ جاتی اصلاحات کے لیے ٹھوس اقدامات جاری رہیں گے تاکہ ان اقدامات کو بروئے کار لاتے ہوئے بلوچستان کی بہتری اور عوام کی فلاح وبہبود کو یقینی بناتے ہوئے

بقیہ 3 — آپریشن

کے تحت تیز رفتار اور انٹیلی جنس پر مبنی آپریشنز کیے، 24 فروری کو خیبر پختونخوا میں چار علیحدہ کارروائی میں بھارتی پراکسی سے تعلق رکھنے والے 26 خارجی ہلاک کیے گئے۔ بیان کے مطابق بلوچستان کے علاقے سمبازہ، ضلع ژوب میں ایک کارروائی کے دوران بھارتی پراکسی سے وابستہ 8 دہشت گرد مارے گئے، شمالی وزیرستان کے علاقے حسن خیل کے بالمقابل پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش کرنے والے خارجیوں کے ایک گروہ کی نقل وحرکت سیکیورٹی فورسز نے بروقت پکڑ لی، مؤثر کارروائی میں ایک خارجی ہلاک ہوا، خارجی کی شناخت افغان شہری کے طور پر کی گئی، ترجمان پاک فوج نے کہا کہ کی مروت میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں 3 خارجی ہلاک کیے گئے، اسی دوران بنوں کے علاقے نرمی خیل میں دو علیحدہ جھڑپوں میں 10 خارجی مارے گئے جبکہ میر علی، شمالی وزیرستان میں کارروائی کے دوران 2 1 خارجی ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سمبازہ، ضلع ژوب میں ایک اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں بھارتی پراکسی سے تعلق رکھنے والے 8 دہشت گرد ہلاک کیے گئے، کارروائیوں کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، یہ عناصر علاقے میں متعدد دہشت گرد کارروائیوں میں ملوث رہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع کے لیے پرعزم ہیں۔ علاقوں میں کلیئرنس اسینیٹائزیشن آپریشنز جاری ہیں، جبکہ قومی ایکشن پلان کے تحت عزم استحکام وژن کے مطابق دہشت گردی کے خاتمے کی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی۔ باجوڑ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے 4 پولیس اہلکاروں کو شہید کردیا۔ پولیس کے مطابق، ایس ایچ او نوی کلی کے مطابق واقعہ تحصیل خار کے علاقے نوی کلی میں پیش آیا، مسلح افراد نے پولیس کے اپاتل سکواڈ پر حملہ کیا جس میں 4 اہلکار موقع پر شہید ہوگئے جبکہ 2 شدید زخمی ہوئے، لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال خار منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس نے مزید بتایا کہ اپاتل سکواڈ رمضان کے دوران گشت پر تھا جب کہ واقعہ کے بعد ملزمان فرار ہوگئے، پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سیکیورٹی فورسز کی شمالی اور جنوبی سرحدوں پر فتنہ ہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشنز کے دوران 34 دہشت گردوں کی ہلاکت اور ہتھیاروں کی برآمدگی سیکیورٹی فورسز کی اعلیٰ کارکردگی کا مظہر ہے۔

بقیہ 4 — چمن حملہ

علاقے میں شدید خوف وہراس پھیل گیا واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی فورسز اور ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے زخمی اہلکار کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد تشویشناک حالت کے باعث ریفر کردیا گیا ہسپتال ذرائع کے مطابق شہید ہونے والے اہلکاروں کی میتیں ابتدائی قانونی کارروائی کے لیے چمن سول ہسپتال لائی گئی جہاں ضروری طبی و قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد انہیں ایف سی کے حوالے کردی گئی واقعے کے فوراً بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو مکمل طور پر گھیرے میں لے کر سرچ اور کلیئرنس آپریشن شروع کردیا جائے وقوعہ سے گولیوں کے خول اور دیگر شواہد اکٹھے کرکے تفتیش کا دائرہ وسیع کردیا گیا ہے حکام کے مطابق حملے کے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں اور ذمہ دار عناصر کی گرفتاری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں دوسری جانب علاقے کے مکینوں اور سماجی حلقوں نے اس بزدلانہ کارروائی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہید اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا عوامی نمائندوں اور شہریوں نے کہا کہ سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے شہریوں نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو جلد از جلد گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا۔

بقیہ 5 — وزیراعظم

ہے، پاکستان ہمہ جہت چیلنجز سے نبرد آزما ہے، آج ملک میں مہنگائی کی شرح 38 فیصد سے کم ہوکر سنگل ڈیجٹ پر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان گورننس فورم ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے اہم ثابت ہوگا، اڑان پاکستان پروگرام احسن اقبال بہترین انداز میں چلا رہے ہیں، پالیسی ریٹ 22 فیصد سے کم ہوکر ساڑھے 10 فیصد پر ہے، برآمدات میں اضافے کیلئے گنجائش موجود ہے، ہماری مجموعی اقتصادی صورتحال ماضی کے مقابلے میں حوصلہ افزا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ سولر کے حوالے سے جائز موقف کو سنا گیا، 200 ارب روپے کی بجلی چوری کا خاتمہ ضروری ہے، بجلی کی قیمت میں 7 روپے فی یونٹ کی کمی کی گئی، حکومت کا کام کاروبار چلانا نہیں، اداروں کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ ہمارے آئی ٹی سیکٹر میں بے پناہ صلاحیت ہے۔

بقیہ 6 — گنتی کا حکم

درخواستوں کا جائزہ لینے کا کہا گیا تھا۔ الیکشن کمیشن نے گزشتہ روز محفوظ کردہ فیصلے میں علی حسن زہری کی درخواست کو منظور کرتے ہوئے دوبارہ گنتی کا عمل شروع کرنے کی ہدایت دی۔ اس سلسلے میں متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں اور پولنگ اسٹیشنز کی دوبارہ گنتی جلد مکمل کرنے کا امکان ہے۔

بقیہ 7 — مہنگے داموں فروخت

بجائے 2 ہزار 400 سے 2 ہزار 500 روپے میں دستیاب ہے، جس سے شہریوں کو رمضان المبارک میں خریداری میں مشکلات کا سامنا ہے۔ مارکیٹ ذرائع نے بتایا کہ قصاب سرکاری نرخوں پر گوشت فروخت نہیں کرسکتے کیونکہ اس سے انہیں مالی نقصان ہورہا ہے۔ دوسری جانب ضلعی انتظامیہ نے عوام کو یقین دہانی کرائی ہے کہ گراں فروشی کے خلاف کارروائی جاری ہے اور کسی کو منافع خوری کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 8 — اجازت مل گئی

جاری کردیا جس کے مطابق یہ فیصلہ لاہور ہائیکورٹ کے احکامات کی روشنی میں کیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے حکومت کو مشاورت مکمل کرنے اور سسٹم اپڈیٹ کی ہدایات دی تھیں۔ اعلامیہ کے مطابق نئی اصلاح خواتین کی آزاد قانونی شناخت کو تسلیم کرنے کی جانب اہم قدم قرار دی گئیں۔

بقیہ 9 — ویزا آسان

جاتا ہوگا۔ کامیاب درخواست گزاروں کو امیگریشن ایجنسی کی ڈیجیٹل تصدیق ای میل سے ملے گی، بائیو میٹرکس کے بعد پاسپورٹ لینے کیلئے ویزا سینٹر جانے کی ضرورت نہیں۔ برطانوی ہائی کمیشن کا کہنا ہے کہ ای ویزا نظام سے دستاویزات کے ضائع یا خراب ہونے کے خدشات کم ہوں گے، درخواست گزار شیئر کوڈ کے ذریعے اپنی ویزا حیثیت ثابت کرسکیں گے، ویزا پراسیسنگ وقت، اہلیت اور شرائط میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔

بقیہ 10 — وزیراعلیٰ

نے کہا ہے کہ یہ دردناک اور افسوسناک واقعہ صوبے کی روایات کے منافی ہے، خواتین اور بچوں پر بے دردی سے حملہ کیا گیا، واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا، اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور بلیدی نے ایوان کی مشترکہ قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایوان فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی جانب سے بلیدہ میں گھر پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے، جس کے نتیجے میں ان کا گھر مکمل طور پر تباہ ہوا، اس افسوسناک واقعے میں خاتون اور 2 بچوں سمیت 6 افراد شہید، 3 بچے زخمی ہوئے ہیں یہ واقعہ انتہائی قابل مذمت ہے یہ ایوان اس بزدلانہ کارروائی کو نہ صرف علاقے کے امن کیخلاف سازش قرار دیتا ہے بلکہ اس کو بلوچستان کے عوام کے بنیادی انسانی حقوق پر حملہ تصور کرتا ہے، ایسے واقعات معاشرتی ہم آہنگی، بھائی چارے اور پائیدار امن کی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے، یہ ایوان متاثرہ خاندان کے ساتھ مکمل یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کرتا اور یہ واضح کرتا ہے کہ بلوچستان کے عوام ہر قسم کی دہشت گردی، انتہا پسندی اور بیرونی مداخلت کو یکسر مسترد کرتے ہیں اور صوبے میں پائیدار امن اور قانون کی بالادستی کے قیام کیلئے متحد ہے، یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ فوری طور پر وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ عالمی برادری، اقوام متحدہ، او آئی سی اور بین الاقوامی انسانی حقوق کی تنظیموں کو فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی جانب سے اس کارروائی سے آگاہ اور اس کیخلاف مؤثر کارروائی کرے۔ قرارداد کی موزونیت پر بات کرتے ہوئے صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کہا کہ آج صبح تربت کی تحصیل بلیدہ میں پیش آنے والے انتہائی افسوس اور شرمناک واقعے میں فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں نے ایک گھر پر دھاوا بول کر وہاں موجود خواتین اور بچوں کو شہید کیا جس کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات کے

بلوچستان کی تمام جامعات کی رینکنگ میں اضافہ ہوا ہے، گورنر

صوبے میں ہائیر ایجوکیشن سیکٹر کو کامیابی سے آگے بڑھانا ہم سب کیلئے ایک اعزاز ہے، جلد ہم بیروزگاری کے مسئلے پر قابو پالینگے

بولان میڈیکل یونیورسٹی مستقبل قریب میں اعلیٰ تعلیمی منظرنامے میں ایک اہم قوت کے طور پر ابھرے گی، ڈاکٹر شبیر لہڑی سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن سیکٹر کو کامیابی سے آگے بڑھانا ہم سب کیلئے ایک اعزاز ہے ..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفرخان مندوخیل سے عبدالرحیم زیارتوال اور عبدالقہار خان ودان ملاقات کر رہے ہیں

ایف آئی اے کی کارروائی کوئٹہ ایئرپورٹ پر بھکاریوں کے نیٹ ورک کے 3 افراد گرفتار

دو مسافر جسمانی طور پر معذور تھے اور وہیل چیئر استعمال کر رہے تھے جبکہ تیسرا شخص ان کی معاونت کر رہا تھا

افراد بیرون ملک منظم بھکاری نیٹ ورک کے تحت خیرات اکٹھا کرنے کے لیے بھیجے جا رہے ہیں، ابتدائی تفتیش

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی ہیومن ٹریفکنگ ایف آئی اے بلوچستان زون کوئٹہ بہاول اوستو نے کہا ہے کہ فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (FIA) بلوچستان زون نے کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ ..... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے چیئرمین بی پی ایس سی کیلاش ناتھ کوہلی ملاقات کر رہے ہیں

تقسیم کرو، لڑاؤ اور حکومت کرو کی پالیسی ناقابل قبول ہے، بی این پی

مستونگ کی تاریخی، سیاسی، انتظامی حیثیت کو کسی صورت ختم ہونے نہیں دیں گے

ذاتی مفادات کی خاطر ضلع ڈیرہ بگٹی کی تین حصوں میں تقسیم قبول نہیں، مرکزی بیان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں مستونگ کی تاریخی حیثیت کو مسخ کر کے ضلع کوئٹہ میں شامل کرنے کے اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ لڑاؤ، تقسیم کرو اور حکومت کرو کی پالیسی کسی صورت قابل قبول نہیں مستونگ کی تاریخی، سیاسی، انتظامی حیثیت کو کسی صورت ختم ہونے نہیں دیں گے موجودہ فارم 47 کے حکمران روز اول سے بلوچستان کی تاریخ کو مسخ کرنے کیلئے مختلف حربے استعمال کرتے ..... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر ... سے عبدالرحمن کھیتران ملاقات کر رہے ہیں

پشاور سمیت مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے

پشاور (م ڈ) زلزلہ پیما مرکز کے مطابق پشاور باجوڑ، صوابی، دیرا مراد اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔ زلزلہ پیما مرکز کا کہنا ہے کہ زلزلے کی شدت 5.6 اور گہرائی 114 کلومیٹر تھی، جس کا مرکز ہندوکش ریجن افغانستان تھا۔ زلزلے سے لوگوں میں خوف وہراس پھیل گیا

ایپسٹین فائلز میں نام آنے پر ناروے کے سابق وزیراعظم کی خودکشی کی کوشش

اوسلو (م ڈ) ناروے کے سابق وزیراعظم اور نوبل امن کمیٹی کے سابق چیئرمین تھوربیورن جیگ لینڈ کے بارے میں میڈیا رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ انہوں نے مبینہ طور پر خودکشی کی کوشش کی، جس کے بعد انہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا، رپورٹس کے مطابق 75 سالہ سیاستدان کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے

عوامی مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، محمد خان لہڑی

آئندہ بجٹ میں علاقے کے بہتر مفاد کیلئے بڑی اسکیمات شامل کرینگے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ عوامی مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے ہم کو عوام نے اس لیے منتخب کیا ہے ہم اسمبلی فلور پر آکر ان کے مسائل قانون سازی کے ذریعے حل کئے گئے عوام نے جس طرح ہم پر مسلسل اعتماد کا اظہار کرتے ہیں یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہم نے بھی عوام کو کبھی مایوس کیا اور نہ ہی ان کے مسائل حل کرنے پر کمپرومائز کیا ..... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ملک کی حقیقی آزادی کیلئے جدوجہد ناگزیر ہے، مولانا ہدایت الرحمن

میڈیا، عدلیہ، سیاست اور پارلیمنٹ کی آزادی اہم ہے

ایک آزاد قوم ہی مضبوط اداروں اور باوقار نظام کی ضمانت بن سکتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ "میڈیا کی آزادی، عدلیہ کی آزادی، سیاست کی آزادی اور پارلیمنٹ کی آزادی اپنی جگہ اہم ہیں، مگر ان سب سے بڑھ کر ملک کی حقیقی آزادی کے لیے بھرپور جدوجہد ناگزیر ہے۔ ایک آزاد قوم ہی مضبوط اداروں اور باوقار نظام کی ضمانت بن سکتی ہے۔" ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں بلوچستان یونین آف جرنلسٹ اور پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ کے زیراہتمام میڈیا قوانین کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کالے قوانین، کنٹرولڈ میڈیا، پریشر، دھمکی سے ملک چلایا نہیں جاسکتا۔ حقائق، سچ کو سامنے لانا ہوگا۔ پیکا جیسے آرڈیننس قوم کو قبول نہیں۔ بلوچستان ..... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز کسی بھی ممکنہ حملے سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں، طلال چوہدری

جب بھی پاکستان افغانستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بناتا ہے تو دہشت گرد ردعمل دیتے ہیں

حالیہ ہفتوں میں فورسز نے کئی حملے ناکام بنائے، سرچ اور انٹیلی جنس بنیادوں پر کارروائیاں تیز کردیں، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز ہائی الرٹ اور کسی بھی ممکنہ حملے سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں۔ یہاں گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ جب بھی پاکستان افغانستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بناتا ہے تو دہشت گرد ردعمل دیتے ہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ حالیہ دہشت گردی سے پاکستان کے موقف کو تقویت ملتی ہے کہ دہشت گردوں کے روابط افغانستان میں ہیں۔ وزیر مملکت برائے داخلہ نے کہا کہ حالیہ ہفتوں میں فورسز نے کئی حملے ناکام بنائے، سیکیورٹی فورسز نے افغان ..... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کی میر دوستین خان ڈومکی سے ملاقات

سابق سینیٹر میر نبی بخش ڈومکی کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

سبی (سلیم گشکوری) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پارلیمنٹ لاجز اسلام آباد میں آمد کے موقع پر میر دوستین خان ڈومکی سے ملاقات کی اور ان کی چچی، سابق سینیٹر میر نبی بخش خان ڈومکی کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے سینیٹر میر دوستین خان ڈومکی سے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل دے۔

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی میر دوستین خان ڈومکی کی چچی کے انتقال پر فاتحہ تعزیت کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی: چار ڈکیت گرفتار، اسلحہ اور مسروقہ موٹرسائیکل برآمد

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں پولیس کی کارروائی چار ڈکیت گرفتار اسلحہ گولیاں اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب منگولی پولیس تھانے کی حدود ایک چھاپے کے دوران پولیس نے چار اہم ڈکیت وقار احمد، محمد خان، محمد یاسر اور نور محمد کو گرفتار کر کے ان سے چار ٹی ٹی پسٹل گولیاں دو مسروقہ موٹر سائیکل چار موبائل فون سمیت دیگر سامان برآمد کرلیا گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی۔

پشتون وطن کی تاریخی، جغرافیائی حیثیت مسخ کرنے نہیں دینگے، پشتونخوامیپ

حلقوں، اضلاع اور ڈویژنز کی تبدیلیاں بدنیتی پر مبنی، فیصلہ واپس لیا جائے

بلاجواز اور پیچیدہ فیصلے کرکے عوام کے مسائل میں اضافہ نہ کیا جائے، صوبائی بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکریٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں صوبائی حکومت کے اس متنازعہ اور یکطرفہ فیصلے کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے اسے پشتون دشمن، عوام دشمن، غیر آئینی، غیر جمہوری اور بدنیتی پر مبنی اقدام قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں واضح کیا گیا ہے کہ ضلع زیارت کو سبی ڈویژن سے الگ کرنا اور اسی طرح کوئٹہ ڈویژن کی انتظامی ساخت میں جنوب سے اضلاع کو شامل کرنا محض ایک انتظامی تبدیلی نہیں، بلکہ پشتون وطن ..... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے سنجیدہ ہے، سیکرٹری مواصلات

جاری کام میں روڈ کی فائنل لیئر شولڈرز کی بہتری اور دیگر تکنیکی امور شامل ہیں، بابر خان

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے کہا ہے کہ کچھ موڑ تا کارڈیک سینٹر روڈ کی تکمیل سے نہ صرف اہل علاقہ کو آمد و رفت میں آسانی میسر آئے گی بلکہ کارڈیک سینٹر آنے والے مریضوں اور ان کے تیمارداروں کے لیے بھی یہ منصوبہ ایک بڑی سہولت ثابت ہوگا انہوں نے ان خیالات کا اظہار کچھ موڑ تا کارڈیک سینٹر روڈ منصوبے کے دورے اور جائزہ اجلاس کے موقع پر کیا اس موقع پر عبدالرحیم بنگلزئی چیف انجینئر کوئٹہ زون میر محمد کھوسہ ایس ای کوئٹہ میر محمد کھوسہ ایگزیکٹو انجینئر روڈز کچلاک ڈویژن قاضی ثناءاللہ سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھیا گیز یکٹو انجینئر روڈز کچلاک ڈویژن قاضی ثناءاللہ نے منصوبے پر بریفنگ دیتے ..... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان سے پشتونخوامیپ کے مرکزی رہنماؤں کی ملاقات

تاریخی اور زمینی جغرافیائی حقائق کے برخلاف ڈویژنز کی تشکیل پر بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال اور پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی حکومت کی جانب سے صوبے میں تاریخی اور زمینی جغرافیائی حقائق کے برخلاف ڈویژنز کی تشکیل اور اس میں اضلاع کو یکجا کرنے کے عمل پر تفصیلی بحث کی۔ انہوں نے پشتون قوم کے نمائندہ سیاسی جماعت کی حیثیت سے سخت تشویش کا اظہار کیا۔ اور اس سلسلے میں تاریخی جغرافیائی اور زمینی حقائق کے برخلاف فیصلے کو واپس لینے کے لیے گفت وشنید کو لازمی ہوگی۔ گورنر بلوچستان نے پارٹی رہنماؤں سے کہا کہ میں اس سلسلے میں بات کرونگا اور آپ لوگوں کو آگاہ کرونگا۔

مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کیخلاف دائر آئینی درخواستوں کی سماعت آج ہوگی

بلوچستان کے دو انتظامی محکموں کے سیکرٹریز کے تبادلے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے دو انتظامی محکموں کے سیکرٹریز کے تبادلے کردیئے گئے ہیں۔ بدھ کو چیف سیکرٹری بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق سیکرٹری خزانہ بلوچستان لعل جان جعفر کا تبادلہ کر کے انہیں سیکرٹری سکول ایجوکیشن بلوچستان تعینات کردیا گیا جبکہ اگلے پیش رواسفندیار کاکڑ کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کے قیام کا فیصلہ خوش آئند ہے، سینیٹر عبدالقادر

صوبہ طویل عرصے سے دہشت گرد حملوں و دیگر سنگین مسائل کا سامنا کر رہا ہے

نظام جرائم کی فوری نشاندہی اور روک تھام میں مدد دے گا، چیئرمین قائمہ کمیٹی

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی، جرائم اور سیکیورٹی چیلنجز کے تناظر میں بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کے قیام کا فیصلہ ایک اہم اور بروقت اقدام ہے۔ صوبہ طویل عرصے سے دہشت گرد حملوں، ٹارگٹ کلنگ، اغوا برائے تاوان اور تخریب کاری جیسے سنگین مسائل کا سامنا کر رہا ہے، جس کے باعث شہریوں کے تحفظ اور ریاستی رٹ کو مضبوط بنانے کی ضرورت شدت سے محسوس کی جا رہی تھی۔ سیف سٹی منصوبے کے تحت جدید ٹیکنالوجی کا ..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد میں مسلح افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

اوستہ (این این آئی) اوستہ محمد میں مسلح افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق۔ پولیس کے مطابق اوستہ محمد پولیس تھانہ کی حدود میں گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے نظام الدین جمالی کو شدید زخمی کر کے فرار ہوگئے جنہیں تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کردیا گیا جہاں وہ زیر علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) حب تین ماہ کے لیے معطل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حب کو تین ماہ کے لیے معطل کردیا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حب علی رضا کھوسو کو بیڈا ایکٹ 2011 کی شق 6 کے تحت 90 روز کے لیے معطل کردیا گیا ہے۔

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی بات چیت کر رہے ہیں

محکمہ مواصلات میں بھرتیوں کے عمل کی شفافیت یقینی بنائی جائے، سلیم کھوسہ

سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بھرتیوں کے تمام مراحل کی نگرانی بذات خود کریں تاکہ شفافیت کے عمل پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو

صوبائی حکومت صوبے میں بے روزگاری کے خاتمے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی، خالی آسامیوں کو فوری مشتہر کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات میں بھرتیوں کا عمل خالصتاً میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر مکمل کیا جائے گا اور اس ضمن میں کسی قسم کی سفارش یا دباؤ کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا یہ بات انہوں نے محکمہ مواصلات وتعمیرات میں خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے حوالے سے منعقدہ ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی اجلاس میں سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان سمیت صوبے کے تمام چھ زونز کے چیف انجینئرز اور متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کو بریفنگ دیتے ..... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ محکمہ کے خالی آسامیوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ملک ترقی کر رہا ہے، بخت محمد کاکڑ

آنیوالے وقت میں بھی عوامی مسائل حل کرنے پر مکمل توجہ دینگے، وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ملک کی ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے صوبے میں حکومت تمام عوامی مسائل حل کرنے پر بھرپور توجہ دے رہی ہے پارٹی کے احکامات ہے کہ عوام کے مسائل کو سب سے پہلے حل کرنا ہوگا یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا بخت کاکڑ نے کہا کہ ..... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ ہمیں دھمکا کر ہتھیار ڈالنے پر مجبور نہیں کر سکتا، ایران

اسرائیل نے حملہ کیا ہم نے تب بھی ہتھیار نہیں ڈالے، یہ لوگ ناکام تجربہ دہرانا چاہتے ہیں تو اب بھی بہتر نتیجہ نہیں ملے گا

پہلے سے کہیں زیادہ تیار ہیں، کسی کی فتح نہیں ہوگی، جنگ ہوئی تو یہ تباہ کن ہوگی، امریکی اڈے پورے خطے میں موجود ہیں

ایران کی حکومت بات چیت کے لیے تیار ہے لیکن پرامن جوہری استعمال کا حق نہیں چھوڑیں گے، وزیر خارجہ عباس عراقچی

تہران (م ڈ) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکا نے ہمارے اردگرد بہت بڑی فوجی موجودگی قائم کی ہے، ہمیں دھمکا کر ہتھیار ڈالنے پر مجبور کرنا ہے تو ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ بھارتی میڈیا کو انٹرویو میں ایرانی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ جب اسرائیل نے حملہ کیا تھا ہم نے تب بھی ہتھیار نہیں ڈالے تھے، یہ لوگ ناکام تجربہ دہرانا چاہتے ہیں تو اب بھی بہتر نتیجہ نہیں ملے گا۔ عباس عراقچی نے کہا ہم اب ..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان محکمے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نیب نے پاکستان ریلوے کی 43 ایکڑ اراضی واگزار کرالی

واگزار کرائی گئی زمین کراچی کے علاقے دیہہ کھانٹو، جمعہ گوٹھ میں واقع ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قومی احتساب بیورو (نیب) کراچی نے سرکاری اثاثوں کے تحفظ کے ہدف کی پاسداری کرتے ہوئے پاکستان ریلوے کی 43.11 ایکڑ قبضہ شدہ قیمتی زمین کامیابی سے واگزار کرالی ہے۔ واگزار کرائی گئی زمین کراچی کے علاقے دیہہ کھانٹو، جمعہ گوٹھ (سروے نمبر 48، 49، 50 اور 51) میں واقع ہے، جس کی تخمینہ قیمت 9,671 ملین (9.67 ارب) روپے ہے۔ یہ کامیابی ایک طویل اور پیچیدہ تحقیقاتی عمل کا نتیجہ ہے جو کہ ابتدائی طور پر 13 جولائی 2019 کو شروع ہوا تھا۔ اگرچہ سپریم کورٹ کے ایک فیصلے کے بعد یہ ..... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم سے وزیراعلیٰ سندھ کی ملاقات، ترقیاتی منصوبوں پر گفتگو

مخلوط حکومت کے باہمی تعاون سے قومی ترقی کا سفر مزید تیز کیا جا سکتا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اتحادی جماعتوں کے مابین ہم آہنگی اور مشاورت کو قومی استحکام اور پالیسیوں کے تسلسل کے لیے ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مخلوط حکومت میں شامل جماعتوں کے باہمی تعاون سے قومی ترقی کا سفر مزید تیز کیا جا سکتا ہے، وفاقی حکومت سندھ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی جلد از جلد تکمیل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ وہ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے گفتگو کر رہے تھے جنہوں ..... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بدترین صورتحال میں خیبرپختونخوا حکومت کہیں نظر نہیں آرہی، ایمل ولی

پشاور (بیورو رپورٹ) عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ بدترین صورتحال میں خیبرپختونخوا حکومت کہیں نظر نہیں آرہی ہے۔ جاری بیان میں ایمل ولی خان نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال تشویشناک ہے، صوبہ خطرناک عدم استحکام کے دور سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتے ہوئے واقعات نے صوبائی حکومت کی کارکردگی پر سنگین سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔

سکیورٹی واپس لینے کی بات جھوٹ ہے، سہیل آفریدی

کوئی نان ایشو کو ایشو بنا کر خبروں میں رہنا چاہتا ہے تو میں کچھ کہہ نہیں سکتا، وزیر اعلیٰ

اسلام آباد / پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے علی امین گنڈاپور سے سکیورٹی واپس لینے کے معاملے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ جھوٹ ہے اور کسی سے کوئی سکیورٹی واپس نہیں لی، میں اتنا فارغ نہیں کہ سکیورٹی واپس لیتا رہوں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز علی امین گنڈاپور نے صوبائی حکومت کی جانب سے سکیورٹی واپس لیے جانے کی تصدیق کرتے ہوئے اپنی پارٹی کی حکومت پر برہمی کا اظہار کیا تھا ..... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خوراک نور محمد دُمڑ کا دامن صاف ہے، ترجمان

ایک روپے کی بھی کرپشن پر ثابت نہیں کی جاسکتی، میڈیا ٹرائل بند کیا جائے

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ کے ترجمان کا جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کا پرانا کلپ اٹھا کر سوشل میڈیا پر جو طوفان بدتمیزی کھڑا کیا گیا ہے وہ دراصل آٹھ سے نو ماہ پرانا کلپ ہے اور وہ کلپ سیاق ..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی اڈیالہ جیل سے منتقلی کیلئے درخواست دائر

بانی کو الشفاء انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کیا جائے، درخواست گزار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کو اڈیالہ جیل سے منتقل کرنے کے حوالے سے ایک اہم درخواست سپریم کورٹ میں دائر کردی گئی۔ نیوز کے مطابق توشہ خانہ فوجداری کیس میں ایک متفرق درخواست سپریم کورٹ میں دائر کی گئی ہے۔ یہ درخواست سپریم کورٹ رولز 2025 رول 35 چھ کے تحت دائر کی گئی ہے۔ دائر درخواست میں استدعا کی گئی ..... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایگل اسکواڈ کا اہلکار زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کاسی قبرستان میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایگل اسکواڈ کا اہلکار زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ شب ایگل اسکواڈ کا عملہ کاسی قبرستان میں گشت کر رہا تھا کہ نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں اہلکار امجد زخمی ہوگیا۔

مسائل سے توجہ ہٹانے کیلئے صوبے میں افراتفری کا ماحول پیدا کیا جارہا ہے، نواب رئیسانی

مستونگ اور کچھی کی تاریخی وانتظامی حیثیت کو تبدیل کرنے کیخلاف تمام اسٹیک ہولڈرز اور ذمہ داران کا جرگہ طلب کریں گے

ہر جگہ کی اپنی حیثیت ہے، مستونگ اور کچھی کی تاریخی وانتظامی حیثیت کی تبدیلی تاریخی حقائق کیخلاف بہت بڑی سازش ہے

کوئٹہ (آن لائن) نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے اصل مسائل سے توجہ ہٹانے کیلئے صوبے میں افراتفری کا ماحول پیدا کیا جارہا ہے، مستونگ اور کچھی کی تاریخی وانتظامی حیثیت کو تبدیل کرنے کیخلاف تمام اسٹیک ہولڈرز اور ذمہ داران کا جرگہ طلب کریں گے، یہ بات انہوں نے بدھ کو سراوان ہاؤس میں نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اسلم بلوچ سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی بھی موجود تھے۔ نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے مزید کہا کہ ..... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

رمضان راشن پیکج کی تقسیم میں شفافیت یقینی بنائی جائے، عبدالرحمن رفیق

عوامی حلقے راشن کی تقسیم کے طریقہ کار پر مسلسل شکایات کر رہے ہیں، عین اللہ شمس

بے ضابطگیوں کی اطلاعات نہایت افسوسناک اور تشویشناک ہیں، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی نائب امیر و ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب ایوبی، شیخ مولانا عبدالاحد، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی روزی خان بازوزئی، مولانا محمد شعیب جدون ..... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

حب میں مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) حب میں فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق بدھ کو حب میں ساکران روڈ پر زمین کے تنازعے پر رشتہ داروں کے درمیان فائرنگ سے دو افراد صادق اور عرفان جاں بحق ہوگئے۔ واقعے کے بعد حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے جبکہ پولیس نے لاشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ مزید کارروائی جاری ہے

صوبائی قائمہ کمیٹی کا بلوچستان انسداد گداگری بل 2025 پر غور

صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ سماجی بہبود کے اجلاس میں تفصیلی بحث

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ سماجی بہبود نے بلوچستان انسداد آف گداگری بل 2025 پر غور کیا گیا بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے سماجی بہبود کا اجلاس فضل قادر مندوخیل کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اراکین کمیٹی راحیلہ حمید خان درانی، زابد علی ریکی، ولی محمد نورزئی، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری سوشل ویلفیئر عصمت اللہ قریشی، ایڈیشنل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمن اور محکمہ قانون کے ..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں چمن میں سیکورٹی فورسز کی شہادت اور سانحہ بلیدہ میں شہید ہونیوالوں کیلئے دعا مغفرت کی جارہی ہے

رمضان المبارک محض بھوکا پیاسا رہنے کا نام نہیں، سردار یعقوب ناصر

ماہ صیام صبر، ایثار اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے، رہنماء ن لیگ

لورالائی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء سردار یعقوب ناصر نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کے پہلے پابرکت عشرے پر تمام اہل اسلام بالخصوص پاکستان کے غیور عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک محض بھوکا پیاسا رہنے کا نام نہیں، بلکہ یہ صبر، ایثار اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے۔ یہ مقدس مہینہ ..... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب بھر میں آؤٹ ڈور ڈرون اڑانے پر پابندی عائد

ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات میں چھوٹے ڈرون کی محدود اجازت

لاہور (م ڈ) پنجاب بھر میں دفعہ 144 کے تحت آؤٹ ڈور ڈرون اڑانے پر پابندی عائد کردی گئی۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے آؤٹ ڈور ڈرون فلائنگ پر 30 روز کی پابندی عائد کی ہے، یہ پابندی سکیورٹی خدشات کے پیش نظر لگائی گئی ہے، تاہم ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات کے دوران چھوٹے ڈرون کے محدود استعمال کی اجازت ہے۔ ترجمان پنجاب حکومت ..... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

یکطرفہ اور بدنیتی پر مبنی ڈویژنز کی تشکیل ناقابل قبول ہے، پشتونخوامیپ

حکومت کے تشکیل کردہ نئے ڈویژنز تاریخی جغرافیائی حقائق کے برخلاف ہیں، ان میں یکجا کردہ اضلاع کے فیصلے کو مسترد کرتے ہیں

1970 میں بھی مارشلائی آرڈیننس کے ذریعے غیرفطری طور پر فلات سٹیٹ یونین اور برٹش بلوچستان کو حقوق کے تعین کے بغیر یکجا کیا گیا

اس سنگین سیاسی غلطی کا خمیازہ آج تک صوبے کے پشتون اپنے سیاسی، معاشی، جمہوری اور انسانی حقوق سلبی کی صورت میں بھگت رہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں حکومت کے تشکیل کردہ نئے ڈویژنز تاریخی جغرافیائی حقائق کے برخلاف اس میں اضلاع کو یکجا کرنے کے فیصلے کو کھلی طور پر مسترد کرتی ہے اور اسے فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتون بلوچ صوبہ 1970 میں مارشلائی آرڈیننس کے ذریعے غیرفطری طور پر فلات سٹیٹ یونین اور پشتون ..... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: فیض آباد میں بچہ نالے میں گر گیا، نعش نہیں مل سکی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے فیض آباد میں بچہ نالے میں گر گیا ریسکیو ٹیمیں جس میں پی ڈی ایم اے میٹروپولیٹن کارپوریشن، صفا کوئٹہ اور ضلعی انتظامیہ کی امدادی ٹیمیں بچے کو تلاش کر رہی ہیں تاحال بچے کی نعش نہیں مل سکی رات گئے تک ریسکیو ٹیمیں بچے کی نعش تلاش کر رہے ہیں بچے کے والد نے حکومت اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بچے کی نعش جلد از جلد تلاش کر کے ہمارے حوالے کی جائے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ شعوری سیاست کے علمبردار تھے، اسرار اللہ زہری

موصوف باوقار اور اصول پسند بلوچ قوم پرست رہنماء تھے، مرکزی صدر این پی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی صدر میر اسرار اللہ زہری نے شہید ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کی برسی کے موقع پر انہیں ایک مدبر، باوقار اور اصول پسند بلوچ قوم پرست رہنما قرار دیتے ہوئے کہا کہ شہید ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کی سیاست فکری پختگی، جمہوری اقدار اور قومی حقوق کے آئینی و سیاسی جدوجہد سے عبارت تھی۔ وہ ..... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ: شدید برفانی طوفان سے نظام زندگی درہم برہم

ریکارڈ برفباری کے باعث لاکھوں افراد بجلی سے محروم ہو گئے

واشنگٹن (م ڈ) شمال مشرقی امریکہ میں آنے والے شدید برفانی طوفان نے معمولات زندگی درہم برہم کر دیے۔ تیز ہواؤں اور ریکارڈ برفباری کے باعث لاکھوں افراد بجلی سے محروم ہو گئے جبکہ ہزاروں پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق ریاست رہوڈ آئی لینڈ میں تین فٹ سے زائد برفباری ریکارڈ کی گئی، جو کئی دہائیوں کا ریکارڈ ..... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی کے ہمراہ پی ایف یو جے اور بی یو جے کی قیادت کا گروپ فوٹو

وزیر داخلہ محسن نقوی کی باجوڑ میں پولیس سکواڈ پر فائرنگ کی مذمت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے باجوڑ میں پولیس سکواڈ پر ہونے والی فائرنگ کے واقعے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ وزیر داخلہ نے فرض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے پولیس اہلکاروں کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی۔

معلومات تک رسائی شہریوں کا بنیادی حق ہے، رحمت صالح بلوچ

عوام اور سرکاری اداروں کے درمیان اعتماد کا رشتہ مزید مضبوط بنانا ہوگا، رکن اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) انفارمیشن ایکٹ 2021 کے حوالے سے ایک پروقار اور باوقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کا اہتمام NED نیشنل اینڈوومنٹ فار ڈیموکریسی کے تعاون سے کیا گیا۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی رکن صوبائی اسمبلی اور اسٹینڈنگ کمیٹی برائے اطلاعات میر رحمت صالح بلوچ تھے۔ دیگر معزز شرکا میں رکن صوبائی اسمبلی خیر جان بلوچ، سیاسی وسماجی رہنما ڈاکٹر اسحاق بلوچ، سماجی تنظیموں کے نمائندگان میر عادل، میر بہرام بلوچ اور میر بہرام لہڑی سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے خواتین وحضرات شامل تھے۔ تقریب سے خطاب ..... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

یو اے ای نے 2 ارب ڈالر رول اوور کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ یو اے ای نے دو ارب ڈالر رول اوور کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ یو اے ای 2 ارب ڈالر زرمبادلہ کے ذخائر سے نہیں نکالے گا، 2 ارب ڈالر کے ڈیپازٹس رول اوور کیلئے بات چیت جاری ہے، اس بار جو رول اوور ہوگا اس کی مدت زیادہ ہوگی۔

کوئٹہ: ایف آئی اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر و دیگر آفیسران بھکاریوں کے گینگ کے گرفتار افراد کے حوالے سے تفصیلات بتا رہے ہیں

انخلا کا عمل تیز، ڈھائی سال میں 20 لاکھ سے زائد افغان شہری وطن روانہ

رضاکارانہ واپسی اور سرکاری اقدامات کے تحت افغان شہریوں کی مرحلہ وار واپسی کا سلسلہ جاری ہے

ملک میں غیر قانونی طور پر مقیم غیرملکیوں کے خلاف کارروائیاں قانون کے مطابق جاری رہیں گی، حکام

اسلام آباد (شاکر رحمان) گزشتہ ڈھائی سال کے دوران پاکستان میں مقیم 20 لاکھ سے زائد افغان شہری اپنے وطن واپس چلے گئے تاہم انخلاء کا عمل مزید تیز ہوگیا۔ اقوام متحدہ ہائی کمشنر برائے مہاجرین کے ترجمان قیصر خان آفریدی کے مطابق گزشتہ ڈھائی سال کے دوران پاکستان میں مقیم 20 لاکھ سے زائد افغان شہری اپنے وطن واپس لوٹ چکے ہیں۔ حکام کے مطابق رضاکارانہ واپسی اور سرکاری اقدامات کے تحت افغان شہریوں کی مرحلہ وار واپسی کا سلسلہ بدستور جاری ہے اس حوالے سے صوبائی محکمہ داخلہ نے بتایا کہ لنڈی کوتل ٹرانزٹ کیمپ ..... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ قائمہ کمیٹی برمحکمہ لوکل گورنمنٹ کی رپورٹ ایوان میں پیش کررہی ہیں

مخیر حضرات پراجیکٹس کی تکمیل کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن کا ساتھ دیں، عبدالمجید سربازی

15 رمضان المبارک یوم یتامیٰ کے موقع پر 5 مارچ کو کوئٹہ میں بھرپور ڈونر کانفرنس کا انعقاد کریں گے، صوبائی صدر

ڈونر کانفرنس کا مقصد صوبہ بلوچستان کے مخیر حضرات اور صاحب استطاعت افراد کو اس عظیم مشن کا حصہ بنانا ہے

اگر صنعتکار، مخیر حضرات، تاجر اور صاحب خیر افراد آگے بڑھ کر تعاون کریں تو ہم نمایاں اور دیرپا تبدیلی لا سکتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صدر الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان عبدالمجید سربازی نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کی جانب سے 15 رمضان المبارک یوم یتامیٰ کے موقع پر 5 مارچ کو کوئٹہ میں بھرپور ڈونر کانفرنس کا انعقاد کریں گے۔ بلوچستان کے تاجروں مخیر حضرات عوام سے فلسطین وغیرہ کے پریشان حال ظلم وجبر کے شکار عوام کیساتھ بلوچستان میں بنو قابل پروگرام، یتیموں کی کفالت مساکین کی مدد و دیگر ..... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر